# SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

*Thursday, May 06, 1999*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at twenty five minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَفَرَءيت الذی تولّیٰO واعطٰی قلیلاً و اکدٰیO اعنده علم الغیب فهویرٰیO ام لم ینبابما فی صحف موسیٰO و ابرٰهیم الذی و فّیٰO الا تزروُازرة وزر اخُریٰO و ان لیس للانسان الا ماسعٰیO وان سعیه سوف یریٰO ثم یجزٰیهُ الجزآءَ لاوفٰیO وان الٰی ربک المنتهیٰ O و انه هو اضحک و ابکٰیO وانه هو امات و احیاO

(ترجمہ) بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے منہ پھیر لیا۔ اور تھوڑا سا دیا (پھر) ہاتھ روک لیا۔ کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے کہ وہ اسے دیکھ رہا ہے۔ کیا جو باتیں موسیٰ کے صحیفوں میں ہیں ان کی اس کو خبر نہیں پہنچی۔ اور ابراہیم کی جنہوں نے (حق طاعت و رسالت) پورا کیا۔ (وہ) یہ کہ کوئی شخص دوسرے (کے گناہ) کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ اور یہ کہ انسان کو وہی ملتا ہے جس کی وہ کوشش کرتا ہے۔ اور یہ کہ اس کی کوشش دیکھی جائے گی۔ پھر اس کو اس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔ اور یہ کہ تمہارے پروردگار ہی کے پاس پہنچنا ہے۔ اور یہ کہ وہ ہنساتا اور رلاتا ہے۔ اور یہ کہ وہی مارتا اور جلاتا ہے۔

## QUESTIONS AND SNSWERS

جناب چیئرمین۔ جی Question Hour جی question No. 90 آفتاب احمد شیخ صاحب

@90. *Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Will the Minister for Information and Media Development be pleased to state:

(a) the time percentage allocated presently to the children/Youth programmes being telecast on P.T.V.;

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to increase the time for children/youth programmes in next schedule of P.T.V. programmes, if not, its reasons;

(c) whether it is a fact that time for music programmes has recently been increased from 4.55% to 6.915%, if so, its reasons; and

(d) whether it is also a fact that P.T.V. has increased time for propagatising various Government agendas, if so, its reasons?

Mr. Mushahid Hussain Sayed: (a) There is no fixed allocation on PTV for different segments of viewers. It varies from quarter to quarter. Children and Youth programmes during the current quarter constitute 4.26% of time. Recently PTV has started 'Khul Ja Sim Sim' an urdu version of famous English propramme Sesame Street for children.

(b) Yes, PTV is planning to increase proprammes for children and youth.

(c) This is incorrect. In actual fact the percentage has gone down progressively.

(d) PTV has not increased time for propagating various government agendas.

---

@ Deferred from the 28th April, 1999.

Mr. Chairman: Supplementary question?

Syed Iqbal Haider: Question to the Minister for Information is that though there is some allocation for children but what is the allocation for women and minorities. Is there any proposal for special broadcast for women and minority?

جناب چیئرمین- جی Minister for Information

Mr. Mushahid Hussain Sayed: Thank you very much sir, very relevant question for the first time in PTV's history, the government of Prime Minister Nawaz Sharif has started a special women hour, one hour a day on PTV is devoted exclusively to programmes to all, for and by women. That is something new and different. As far as minority is concerned we do not have a daily network of programmes on the basis of any quotas on religious basis. But for minorities on their special occasions, religious programmes are carried whether its Christmas or other programmes. So, they are carried on those particular occasions.

جناب چیئرمین- جی جمیل الدین عالی صاحب، جمیل الدین عالی صاحب- اس کے بعد جی-

Dr. Jamil-ud-Din Aali: (b) of the answer says, yes, PTV is planning to increase programmes for children and youth. Could the Minister of Information, please, inform us about the time period of completion of this process of planning?

Mr. Mushahid Hussain Sayed: Insha Allaha for the next quarter beginning on July 1st, 1999 we are planning special programmes and we

are also planning programmes which are of general interests and which will have impact on the youth and the children, for example, I have given instructions for preparation of a special serial on " Tipu Sultan Shaheed " who's 200 anniversary is just being marked. Then a special programme a long play on " Muhtarma Fatima Jinnah" which is also something new and different. And these are all which are educative for the people and for the children and youth about contemporary history and their past.

Mr. Chairman: Mr. Aftab Ahmed Sheikh.

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب یہ جو میرے سوال کا item (b) ہے اس میں میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ حکومت اپنا پروپیگنڈا تو ٹیلیویژن پر کرتی ہے ۔ کیا حکومت equitable time اپوزیشن کو دیتی ہے اگر دیتی ہے تو اس کی تفصیل بتائی جائے، ہمیں تو اپوزیشن کا کوئی نظر نہیں آتا۔ ٹیلیویژن پر کوئی بھی اپوزیشن کا نظر نہیں آتا صرف حکومت کے پروگرام صبح سے شروع ہوتے ہیں، talks ، discussions ، صرف حکومت کا پہلو ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین۔ نہیں entertainment programme تو دونوں دیکھتے ہوں گے۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ نہیں، میں مسلم لیگ کی بات کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ نہیں میرا مطلب ہے کہ entertainment programme ہے یا کوئی فلم ہے تو وہ گورنمنٹ اور اپوزیشن دونوں دیکھیں گے۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ نہیں میں کہتا ہوں propagating government agenda۔ میرا کہنا یہ ہے کہ گورنمنٹ agenda تو رکھتے ہو لیکن اپوزیشن کو بھی ٹائم دیتے ہو یا نہیں دیتے ہو۔

جناب مشاہد حسین سید۔ میرے خیال میں یہ جو گورنمنٹ agenda کی بات ہے ۔ جناب چار تاریخ کو پاکستان کی تاریخ کا ایک بہت بڑا واقعہ ہوا کہ President Nelson Mandela کے لیکچر live آئے، اس میں شیخ صاحب بھی موجود تھے اور اپوزیشن بھی موجود تھی۔

وہ گورنمنٹ agenda نہیں ۔ ہم نے ٹیلویژن ٹیم کوسوو بھیجی ہے کوسوو کے crisis کو cover کرنے کے لئے۔وہ گورنمنٹ agenda نہیں ۔ چائنہ کا delegation آتا ہے ہم کرتے ہیں ۔ اب جیسے controversial issue تھا کالا باغ ڈیم کا -----

(مداخلت)

جناب مشاہدحسین سید۔ دیکھیں آپ بات سن لیں۔ Have some tolerence

(مداخلت)

Mr. Mushahid Hussain Sayed: I am answering the question, you did not like the answer.

جناب چیئرمین۔ پلیز پلیز ۔ جواب سن لیں ۔

Mr. Mushahid Hussain Sayed: They should hear the truth.

جناب CTBT کا issue آتا ہے we had a debate on that ، پھر کراچی کا issue آتا ہے we called Senator Iqbal Haider یہ اپوزیشن .کا نہیں ہے تو کہاں سے ہے۔ ہمیں یہ issues بلاتے ہیں but its relevant to them. On Karachi, we called Senator Iqbal Haider from the Peoples Party. On CTBT, we called people from the Peoples Party and Jamaat Islami also. So it is not an issue.

جناب چیئرمین۔ جی انور بھنڈر صاحب آپ کا سوال ہے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا ! میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک تعلق ہے مختلف پروگرام خواتین کے لئے ، بچوں کے لئے اور دوسرے شعبوں کے لئے وہ الگ چیز ہے۔ جناب والا زراعت ہماری ملک کی ریڑھ کی ہڈی تو پرانا لفظ ہو گیا ، سب سے بنیادی طور پر اہم شعبہ زراعت ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں محسوس کرتا ہوں کہ T.V کی بہت ہی کم توجہ زراعت کے پروگرام پر ہے ، جتنی پانچ سالہ منصوبے نے زراعت کو کم توجہ دی ہے اسی طرح زراعت کا کوئی پروگرام T.V پرنہیں آتا اور آج کل لوگ T.V دیکھتے ہیں اور اب ریڈیو بہت کم لوگ سنتے ہیں۔ کیا وزیر اطلاعات اس کے لئے توجہ فرمائیں گے کہ اس پر زیادہ توجہ دی جائے۔

Mr. Chairman: Minister for Information.

Mr. Mushahid Hussain Sayed: With due deference I beg to differ with the honourable member. I think and I wish that Mr. Lalika was here because he has placed on record a very profound appreciation of Pakistan Television's positive, extensive and broad coverage of issues on agriculture which help in promoting education.

زراعت کے بارے میں پاکستان کے کسانوں میں ' پاکستان کے ہاریوں میں ' میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کافی پاکستان ٹیلویژن نے کام کیا ہے' چھوٹے spots بھی تیار کرتے ہیں ' educate بھی کرتے ہیں اور ان کے بارے میں معلومات بھی فراہم کرتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین ۔ بس کافی ہو گیا ہے اب آگے بھی چلنا ہوتا ہے۔ you want to
اگر یہ finish. Do you want entire one hour to be spent on one question
intention ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں کل پھر مجھے نہ کہنا کہ جی آپ کیا کرتے ہیں۔ دیکھیں آپ لوگوں کا یہ اصرار ہوتا ہے کہ جی باقی سوال رہ جاتے ہیں ' ہم رہ جاتے ہیں ' میں کہتا ہوں کہ آگے چلیں ۔ اب یہ چھٹا سوال ہے ۔ جی بشیر مٹھ صاحب فرمائیے۔

جناب بشیر احمد مٹھ ۔ جناب میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو سوال شیخ صاحب نے کیا وہ بہت pertinent and relevant question تھا ۔ آپ نے بھی تھوڑا سا اس کو deflect کیا اور اس کو pass کیا تو انہوں نے اس کا جواب نہیں دیا ۔ جیسے میں نے پہلے بھی آپ سے عرض کی تھی کہ یہاں پر جو بدمزگی پھیلتی ہے وہ اسی وجہ سے پھیلتی ہے کہ ایک آدمی ایک سوال کرتا ہے

and the Minister should give a plain reply, and not comment on the question itself and not give the pattern to his own idea. What we want in this Senate is to have a reply for the question that we put, and the Ministers always want to side track that question and they want to explain their policy, that is not the purpose

of the question hour. The other thing is sir, that does the Opposition have any relevance to Parliamentary system in this country, if it is relevant to the Parliamentary system then it has a right to be represented in the coverage on the television. He should answer now, what coverage is given to the Opposition's views on the Television.

**Mr. Chairman:** Yes. Minister for Information.

**Mr. Mushahid Hussain Sayed:** Sir, from the very beginning, the proceedings of this question hour are being recorded and shown in the evening on television without any editing which is for the first time in the history of Pakistan any government has placed question hour on television. The credit goes to the government absolutely.

وقت کا مجھے نہ کہیں لیکن This is shown on television.

**جناب چیئرمین۔** جی تاج حیدر صاحب! یہ کم سوال پوچھتے ہیں۔

**جناب تاج حیدر۔** جناب question hour کے timing کی بات پہلے بھی یہاں اٹھی تھی اور آپ نے مجھے حکم کیا تھا کہ کوئی sponsor دیکھا جائے اس کے لئے۔ جناب میں نے کراچی پہنچنے کے تین دن کے اندر اندر ایک فرم سے بات کی اور پھر television کے ایک responsible Director کو یہ information دی کہ فلاں فرم ہے اور وہ اس فرم کو جانتے بھی تھے۔ ان کو صرف شرائط لکھ کر بھیج دی جائیں تو یہ question hour sponsor ہو جائے گا۔ کل میں نے سینیٹر پرویز رشید صاحب کو پھر یاددہانی کرائی تھی کہ ایک خط لکھنا ہے اس فرم کے نام جس کو آپ بھی جانتے ہیں اور وہ Director بھی جانتے ہیں تو یہ programme sponsor ہو جائے گا۔ جناب یہ اس بات پر کیوں اڑے ہوئے ہیں کہ اس کو رات کے بارہ ایک بجے ہی دکھایا جائے گا جبکہ sponsor بھی لا کر دیئے جاتے ہیں۔

**Mr. Mushahid Hussain Sayed:** Sir, we would welcome. I will talk to Senator Taj Haider Sahib after this question hour because we would like

this programme to be sponsored. We don't get commercial sponsor for current affairs programmes although they are widely watched by the way. So, if he has some sponsors, we welcome that and I will ensure that the timing is better rather than a late timing.

Mr. Chairman: Will the sponsors pay compensation to the players in this Drama or not?

Mr. Mushahid Hussain Sayed: All the players of the Drama will be shown.

جناب چیئرمین۔ O.K. جی ڈاکٹر عبدالحئی صاحب ۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ میرا وزیر موصوف سے بنیادی سوال یہ ہے کہ Television اور Radio قومی ادارے ہیں اور electronic media and print media کا ساری دنیا میں بہت اہم رول ہے ۔ یہ قومی ادارے ہیں ۔ میں صرف اس حکومت کے بارے میں ہی نہیں کہتا ، پچھلی حکومت نے بھی یہی ظلم کیا ۔ یہ قومی ادارے محض حکومت کی سیڑھی بن جاتے ہیں اور اس کے لئے پروپیگنڈہ کا ذریعہ بنتے ہیں ۔ میں ان سے یہ پوچھوں گا کہ آپ کی پالیسی کیا ہے ؟ آپ بھی ماضی کی حکومتوں کی طرح وہی پالیسی یعنی one way traffic چلاتے رہیں گے یا اپنی پالیسی پر نظرثانی کریں گے ۔ 50% وقت قومی اپوزیشن کو اور 50% حکومت کو ملنا چاہیے ۔ اس کے علاوہ دوسری بات یہ ہے کہ Health, Education, Technology, Agriculture اہم شعبے ہیں ، ان کو بھی آپ اہمیت دیں گے یا محض فروعی پروگرام یا چٹ پٹے گانے چلتے رہیں گے ۔

Mr. Chairman: Minister for Information.

Mr. Mushahid Hussain Sayed: I think that this point is quite valid that issues like Health, Science, Technology, Education need to be covered on television

اور انشاء اللہ ضرور cover کریں گے ۔ ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ صاحب سے تو میری بات ہوتی رہتی ہے اس سلسلے میں اور میں یہ کہوں گا کہ ان کو یہ گلہ ہے کہ ماضی میں یہ ہوتا رہا ہے ۔ ہم نے اس میں

بہتری ضرور کی ہے ۔ We just don't tell the officially certified truth. پہلے television صرف سرکاری سچ بولتا تھا اب واقعی سچ بھی بولتا ہے ۔ تو یہ فرق آیا ہے اور انشاء اللہ اس کو اور آگے بڑھائیں گے ۔

**جناب چیئرمین**۔ جی آپ کا سوال بھی اس پہ ہے ۔

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی**۔ جی میں بھی بولنا چاہتا ہوں ۔

**جناب چیئرمین**۔ جب معاملہ شروع ہو گیا ہے تو آپ کو بھی موقع دیں گے ۔ جی رضا ربانی صاحب ۔

**میاں رضا ربانی**۔ جناب چیئرمین صاحب ! میں مشاہد حسین صاحب سے گلہ تو نہیں کروں گا کیوں کہ میرا خیال ہے کہ ان کی بھی PTV میں نہیں چلتی with the likes of Azhar Lodhi and all being present لیکن I would just like to ask him sir کہ is it not a fact کہ ابھی انہوں نے بات کی کہ خبرنامہ سچ بولتا ہے ۔ میں کل کی ایک مثال آپ کو دیتا ہوں کہ کل سینٹ میں سارا وقت زیادہ تر اخبارات کے ساتھ اور مختلف صحافیوں کے ساتھ جو ظلم ہو رہا ہے اس پہ بات ہوئی ۔ تمام پارلیمنٹری پارٹیز کے لیڈرز نے اپنا اظہار خیال کیا ۔ میں ان سے کہوں گا کہ وہ مہربانی کر کے کل کے خبر نامے کا script اٹھا کر دیکھیں کہ جب پی ٹی وی نے خبر دی literally یہ جملے تھے ' " راجہ ظفرالحق لیڈر آف دی ہاؤس نے اعتزاز احسن ' لیڈر آف دی اپوزیشن کے نکتہ اعتراض کا جواب دیتے ہوئے یہ کہا کہ اس بات سے کون انکار کر سکتا ہے کہ ملک میں آزادی صحافت ہے " and that is the end. Is it not a distortion of what the proceedings of the House were? Is this not misleading the nation ۔ اگر آپ نے صحیح خبر نہیں دینی تھی تو آپ اس پوری چیز کو نہ دیں لیکن ہمیشہ یہ ہوتا ہے کہ وزیر کا پورا بیان آتا ہے اور اپوزیشن کی طرف سے نکتہ اعتراض اٹھایا جاتا ہے' اس میں صرف اس سینیٹر کا نام اور یہ کہ اس نے نکتہ اعتراض اٹھایا۔ نکتہ اعتراض کیا تھا جس کی consequence میں جواب آیا that is never there and I have raised this question personally with the minister umpteens of time. I have raised it with the honourable Chairman PTV umpteens of time. Each time we have been assured that either it will be

rectified or they will do away with it or give the correct position, will the Minister kindly elaborate on this. Thank you.

Mr. Mushahid Hussain Sayed: Sir, first of all I will like to make it very clear that he mentioned somebody called Mr. Azhar Lodhi اس کا اس خبر نامے کے چکر سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ وہ ٹیلیویژن کے سنسر بورڈ کے چیئرمین ہیں ، نظریاتی سرحدوں کا دفاع ٹیلیویژن کے حوالے سے کرتے ہیں۔ خبروں کا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ دوسری کل کے خبر نامے کے متعلق جو بات ہے وہ میں نے نہیں دیکھا I will have a look at it اور تیسری بات کہ انہوں نے جس طرح explain کیا ہے اس کا مطلب ہے کہ ٹی وی نے کوئی جھوٹ نہیں بولا ، پوری تفصیل بیان نہیں کی ۔

جناب چیئرمین۔ جی حبیب جالب صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ میری درخواست یہ ہے کہ کم از کم پانچ یا چھ ضمنی سوال ہونے چاہیئیں۔ اب آگے چلئے۔

جناب چیئرمین۔ یہی تو میں کہہ رہا ہوں ۔ آپ صحیح کہہ رہے ہیں۔ اگلا سوال نمبر 94 حاجی جاوید اقبال عباسی صاحب۔

+94. *Haji Javed Iqbal Abbasi: Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) the procedure for extending medical facilities to the civil employees of GHQ drawing salary from the defence budget;

(b) whether it is a fact that the budget allocated in medical stores head is meant for Military hospitals only and it includes the budget of civil employees also; and

(c) if the answer to (b) above is in the affirmative, whether the spouses/children/parents of the civil employees are also entitled for indoor and

---

\+ Deferred from the 28th April, 1999.

outdoor treatment in Military hospitals like regular army employees; if not, its reasons and the steps being taken by the Government to eliminate this disparity?

Minister Incharge for Defence: (a) (i) Civilian employees themselves only and their male children of 12 to 18 years (excluding BPS-1 to 4 staff) are entitled to free outdoor and indoor treatment in military hospitals but their wives and children are not entitled to receive such treatment as indoor patients other than male children of 12 to 18 years age.

(ii) The family members of these employees are at present receiving indoor treatment in Cantonment General Hospital like the general public. The civilian employees of GHQ and their family members are, however, entitled to indoor treatment in emergency cases from any authorised/unauthorised hospital and the amount so incurred by Government servant for self as well as family is re-imbursed by the Government.

(b) Budget allocated in medical stores Head is meant for military hospitals and it includes provision of medical facilities to the civilian employees of the GHQ and their family members mentioned at a (i) & (ii) above.

(c) (i) The spouses/children of the civilian employees are entitled to outdoor treatment in military hospitals but they are not allowed indoor treatment facilities like family members of regular army employees, except to the extent mentioned at a (i) above. This facility was not being provided by medical authorities in GHQ to the family members of GHQ for the reason that military hospitals are over loaded and facing financial constraints. Last year Government of Pakistan, Ministry of Defence issued Government letter allowing indoor treatment facilities to the family members of GHQ civilian employees as civilian non entitled patients on Government charges, the expenditure of which will be

reimbursed to the military hospitals concerned out of separate allocation to be earmarked out of army budget under medical stores head. The said Government letter has been accepted in principle and is in the process of being implemented.

(c) (ii) The parents of these employees are neither entitled for outdoor nor indoor treatment in military hospitals. Health Division has also regretted to accept the liability of civilian employees of GHQ and their family members as the Federal Government hospitals/institutions are overburdened with the civilians paid out of civil estimates and cannot accommodate the civilians paid out of Defence Services Estimates without additional allocation.

Mr. Chairman: Supplementary question.

**حاجی جاوید اقبال عباسی۔** جناب والا! میرا سپلیمنٹری سوال یہ ہے کہ جو سول ملازمین ہیں ان کو medical facilities نہیں ملتی تھیں۔ ابھی جواب میں انہوں نے کہا ہے کہ وزیر دفاع کی طرف سے یہ یقین دہانی کرا دی گئی ہے کہ حکومت کو اس ضمن میں چٹھی لکھ دی گئی ہے ۔ میں وزیر دفاع سے پوچھنا چاہوں گا کہ جو چٹھی انہوں نے لکھی ہے اس پر عملدرآمد کب تک ہو گا ، آیا اسی بجٹ میں یہ ہو جائے گا یا اس کے بعد ہو گا تاکہ غریب ملازمین کو یہ سہولتیں میسر ہو سکیں۔

**جناب چیئرمین۔** جی وزیر صاحب۔

**سید غوث علی شاہ۔** یہ سوال 22 اپریل کو یہاں اٹھا تھا اور آپ کی بھی اس پر observations موجود ہیں۔ ان observations کو سامنے رکھتے ہوئے ہم نے چیف آف جنرل سٹاف کو لیٹر لکھا ہے ۔ مجھے قوی امید ہے کہ انشاء اللہ یہ جو disparity تھی یہ ختم ہو جائے گی اور ان کی بھی وہی treatment ہو گی جو دوسرے ملٹری کے آفیسرز کی یا employees کی ہوتی ہے۔

**جناب چیئرمین۔** جی سیف اللہ پراچہ صاحب۔

**جناب سیف اللہ خان پراچہ۔** جناب یہ جتنے ملٹری ہسپتال ہیں یہ federally

funded ہیں۔ کیا وزیر صاحب یہ غور فرمائیں گے کہ جو پارلیمنٹ کے ممبرز ہیں، سینیٹرز ہیں یا
MNAs ہیں they should be entitled in CMH for medical treatment.

**Mr. Chairman:** Minister for Defence.

**Syed Ghous Ali Shah:** Sir, we will examine it, if properly presented.

**Mr. Chairman:** Iqbal Haider sahib.

**Syed Iqbal Haider:** Sir, I would like to draw your attention to the reply (a)(i). Sir, it reads; "Civilian employees themselves only and their male children of 12 to 18 years are entitled to free outdoor and indoor treatment in military hospitals but their wives and children are not entitled to receive such treatment as indoor patients other than male children of 12 to 18 years age." Sir, may I draw your kind attention to Article 25 of the Constitution. Will the honourable Minister ensure compliance with the Constitution because Article 25, sub-Article (2) provides;"There shall be no discrimination on the basis of sex alone." On what basis the Military Hospitals are discriminating against the female children? Is this not violation of the Constitution, sir? Would you please ensure compliance with the Constitution?

**Mr. Chairman:** Yes, Minister for Education on behalf of Minister for Defence.

**سید غوث علی شاہ:** جناب میں نے عرض کیا تھا شروع میں ہی، probably ہمارے
معزز رکن کی اس وقت توجہ نہیں تھی۔ آپ کی اپنی observation تھی 22 تاریخ کو کہ یہ نا
مناسب ہے کہ جو employees Defence Budget سے تنخواہ لیتے ہیں اور Defence کے ہی ملازم
ہیں ان کی treatment میں discrimination ہو۔ تو آپ کی اسی observation کو سامنے رکھتے
ہوئے ہم نے چھٹی لکھی ہے، ویسے یہ کیس پرانا چل رہا تھا۔ 1995ء میں بھی اس کیس کو ہم

نے اٹھایا تھا اور 1998ء میں آخری لیٹر جو ان کے پاس گیا تھا اس discrimination کو دور کرنے کے لئے۔ اب چونکہ یہ کیس سینٹ میں آ گیا ہے۔ اس پر سوالات اور جوابات ہوئے' اس دن میں اتفاق سے یہاں نہیں تھا اور گوہر ایوب خان صاحب deal کر رہے تھے۔ آپ کی observation کے بعد ہم نے جو چٹھی لکھی ہے وہ میں عرض کروں کہ we have been given understanding کہ اس discrimination کو انشاء اللہ تعالیٰ as early as possible ختم کیا جائے گا۔

جناب چیئرمین، جی جناب میجر مختار صاحب۔

Maj. (Retd.) Mukhtar Ahmed Khan: Sir, in a response to Senator Saifullah's question, I don't know, if I heard it correct that the Minister sahib said that "if properly presented" or something like this.

Mr. Chairman: No, no, he said we will examine it. We will have it examined.

منسٹر صاحب ذرا clarify کردیں۔ سیف اللہ صاحب نے پوچھا تھا کہ کیا آپ examine کریں گے کہ Members of Parliament کو بھی ان ہسپتالوں میں علاج کی سہولت ہونی چاہیئے۔

سید غوث علی شاہ: یہی میں نے عرض کیا' اسی کو examine کریں گے۔

جناب چیئرمین، جی جناب مسعود کوثر صاحب۔

Syed Masood Kauser: Mr. Chairman, while answering to the question, raised by Iqbal Haider, probably the honourable Minister could not understand the question. There are two types of discriminations; one was between the civilians and the military officials and other one was the discrimination to which he was mentioning, it was a discrimination between the sexes, male and female. The learned honourable Minister had not responded to this part of the question, whether the discrimination between male and female children is going to be removed or not.

جناب چیئرمین: جی جناب غوث علی شاہ صاحب۔

سید غوث علی شاہ: میرے خیال میں اقبال حیدر صاحب نے فارسی میں بات نہیں کی تھی۔ انہوں نے انگریزی بولی اور اردو بولی' دونوں زبانیں میں جانتا ہوں اور جانتے ہوئے میں نے یہ جواب دیا تھا کہ یہ discrimination ختم ہوجائے گی۔

جناب چیئرمین: جی جناب جاوید اقبال عباسی صاحب۔

حاجی جاوید اقبال عباسی: جناب میری عرض یہ ہے کہ ایک تو وزیر صاحب نے بڑا معقول جواب دے دیا ہے۔میں ان کے جواب سے بہت مطمئن ہوں۔ مگر میں ان سے یہ یقین دہانی چاہتا ہوں کہ اس پر عملدرآمد کب تک ہوگا۔ دوسری میری آپ سے عرض یہ ہے کہ کوئی بھی وزیر جس طرح کا جواب دے تو پہلے سوال کرنے والا سنے اور اگر وہ مطمئن نہ ہو تو دوبارہ اٹھ کر وہ ضمنی سوال کرسکتا ہے لیکن مہربانی کر کے یہ شور و غل نہ کریں اور یہ تمام کارروائی بھائی چارے کی فضا میں ہونی چاہیئے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی جناب زاہد خان صاحب۔

جناب محمد زاہد خان: جناب میرا بھی ایک سوال تھا اسی سلسلے میں' جس میں بے ضابطگیوں کے بارے میں پوچھا گیا تھا اور وہ بھی ڈیفر ہوگیا تھا لیکن وہ آج نہیں آیا ہے۔

جناب چیئرمین: وہ Education والے دن آئے گا ناں۔ آج Defence پر سوالات ہیں۔

جناب رفیق احمد شیخ: جناب میرا ایک ضمنی سوال ہے۔

جناب چیئرمین: اس پر ہے۔ اچھا چلیں فرمائیں۔

جناب رفیق احمد شیخ: جناب میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ discrimination کو eliminate کرتے کرتے کہیں یہ نہ کردیں کہ وہ پھر لڑکوں کا اور male members کا داخلہ بند ہے۔ اور اس طرح ہم نے discrimination ختم کردی ہے۔ Discrimination کو اس طرح ختم کریں کہ بیویوں اور بچوں کا بھی وہاں پر indoor patient کے طور پر علاج ہوسکے۔

جناب چیئرمین: بیویوں سے کیا یہ مراد ہے کہ ایک سے زیادہ ہوں اگر کسی کی۔

جناب رفیق احمد شیخ: وہ بھی ہوسکتی ہیں۔ اسلام میں تو چار کی اجازت ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے' احتیاط کریں گے ۔ جی جناب حبیب جالب بلوچ صاحب۔

+96. *Mr. Habib Jalib Baloch: Will the Minister for Information and Media Development be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to install a TV Booster at Noshki, if so, when?

Mr. Mushahid Hussain Sayed: There is no such proposal under consideration of the Government to install a TV Booster at Noshki.

جناب چیئرمین: ضمنی سوال۔

جناب حبیب جالب بلوچ: جناب چیئرمین! میں نے سوال کیا تھا کہ ضلع چاغی ہیڈ کوارٹر نوشکی میں ٹی وی بوسٹر لگانے کا کوئی proposal زیر غور ہے یا نہیں۔ انہوں نے ہمیں جواب دیا ہے کہ ایسی کوئی proposal زیر غور نہیں ہے کہ نوشکی میں ٹی وی بوسٹر لگایا جائے ۔ جناب چیئرمین! آپ جانتے ہیں کہ نوشکی ضلع چاغی کا ہیڈکوارٹر ہے اور یہ کوئٹہ سے 120 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ ڈسٹرکٹ چاغی تقریباً تین سو ساڑھے تین سو کلومیٹر لمبا ڈسٹرکٹ ہے اور یہ بارڈر شہر ہے جس کا تعلق افغانستان' ایران سے ہے اور اسی طرح خاران' جو بلوچستان کا سب سے بڑا ڈسٹرکٹ ہے ' اس سے بھی تعلق ہے۔ اسی طرح یہ آگے پنجگور کو بھی connect کرتا ہے۔ اس پورے ریجن کو اگر ملا کر دیکھا جائے تو یہ پورا ڈویژن بنتا ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ خاران ایک زمانے میں الگ ریاست کی حیثیت رکھتا تھا۔ اس پورے ریجن میں ایک ٹی وی بوسٹر تک یہ لوگ نہیں لگا سکتے اور یہ وعدہ بھی نہیں کرتے ہیں۔ میرا کہنا یہ ہے کہ ہر قیمت پر یہ نوشکی میں بوسٹر لگایا جائے اور خصوصاً اب تو آپ کی اپنی ضرورت بھی بن گئی ہے کہ ہر روز اس پہاڑ کو دکھانا ہے جس کا برا حال ہوا تھا۔

جناب مشاہد حسین سید: His point is very valid and well taken بلکہ چاغی کی

---

+ Deferred from the 28th April, 1999.

جو کمیٹی میڈیا کے حوالے سے بنائی گئی ہے اس کو بھی میں ہی head کر رہا ہوں۔ ہم اس میں یہ تجویز ڈال رہے ہیں' discuss کر رہے۔ ویسے بلوچستان کے حوالے سے سات نئے بوسٹر already under commissioning ہیں۔ پانچ انشاء اللہ 1999 میں ہو جائیں گے لیکن یہ ان کا پوائنٹ ہے کہ since after May 28th 1998 چاغی کی ہمارے لئے national relevance بہت زیادہ ہو گئی ہے اور انشاء اللہ ہم یہاں بوسٹر بھی نصب کریں گے۔

**جناب چیئرمین:** جناب زاہد خان صاحب۔

**جناب محمد زاہد خان:** میں آنریبل منسٹر صاحب سے کیا کہوں کہ وہ تو کسی چیز کا نہ جواب دے سکتے ہیں اور نہ دیتے ہیں کیونکہ اس کے دور میں بھی اس کی اپنی برادری کے لوگوں کو ٹیلی فون پر دھمکیاں مل رہی ہیں اور پیٹے بھی جا رہے ہیں۔ چاہیئے تو یہی تھا کہ یہ اپنی برادری کی خاطر استعفیٰ دیتے لیکن یہ ناممکن ہے۔ کیونکہ یہ broad minded آدمی تھا اور ایک liberal minded آدمی تھا ہماری اس سے توقع تھی کہ جب اسے انفارمیشن منسٹری مل جائے گی تو اس میں بہت زیادہ انقلاب آ جائے گا لیکن کرسی آ جانے کے بعد میرے خیال میں اس کے ساتھ جو کچھ ہوا ہے ' وہ خود ہی بتا سکتے ہیں۔ نہ تو اپوزیشن کو یہ ٹائم دیتے ہیں----- اس لئے کہتا ہوں کیونکہ یہ کہتے ہیں کہ آج کل پی ٹی وی بہت زیادہ منافع کما رہا ہے۔ ہمارے مالاکنڈ ڈویژن میں بہت سارے علاقے ایسے ہیں کہ وہاں پر ٹی وی نشریات نہیں دیکھی جا سکتیں۔ آپ بتائیں کہ آپ کے ٹی وی کی اگر اس وقت آمدن ہے تو آپ وہاں پر بوسٹر کیوں نہیں لگاتے کیا وجہ ہے؟۔

**جناب چیئرمین:** جی وزیر برائے اطلاعات ۔

**جناب مشاہد حسین سید:** آمدنی تو ٹی وی کی ہے لیکن بوسٹر لگانے کے لئے جو priorities آتی ہیں کیونکہ ایک بوسٹر جو low part کا ہوتا ہے' 100 watt کا ہوتا ہے' اس کی cost کوئی roughly 20 ملین ہوتی ہے اور high part booster 1 kilo watt کی قیمت it can be near about 100 million rupees financially یہ معاملہ ہے اور کوئی ہمارا مسئلہ نہیں ہے۔ ہم تو ہر چیز کو فروغ دے رہے ہیں۔ نیشنل پروگراموں میں جہاں سے بھی proposal آتی ہے وہ ایک process کے ذریعے initiate ہوتی ہے ' جیسے میں نے ابھی کہا کہ چاغی کے بارے میں ہے' ہم اس کے لئے کوشش کریں گے۔ and I am very grateful زاہد صاحب نے میری ذات

کے بارے میں بڑی اچھی خواہشات کا اظہار کیا .I am grateful for that

جناب چیئرمین: جی بلیدی صاحب۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: میرا یہ سوال بھی ٹی وی کے متعلق ہے کہ یہ ملک اسلامی ملک ہے۔ میں ان سے درخواست کرتا ہوں کہ یہ اس چیز کا خیال رکھیں تو بہتر ہوگا۔ مجھے یہ پوچھنا تھا کہ یہ اسلامی ملک ہے۔ اس میں اسلامی نظریات یا اخلاقیات سے متعلق پروگرام نشر کرنے کی کوئی تجویز زیر غور ہے۔ دوسرے subjects پر آپ کے کتنے پروگرام ہوتے ہیں اور اسلامی ملک کے ناطے سے ان کو فروغ دینے کی تجویز آپ کے زیر غور ہے؟ نمبر ۲ تربت اور پنجگور میں آپ کے ٹی وی سینٹرز کی عمارات مکمل ہیں، آپ کب ان کا افتتاح کریں گے؟ چونکہ وہ پسماندہ علاقہ ہے۔ ان چیزوں کی وہاں پر بہت ضرورت ہے۔ اگر آپ وہاں پر کام شروع کریں اور اسے مکمل کر کے جاری کریں تو وہاں پر ڈش کی لعنت سے بہت سارے لوگ بچ جائیں گے۔ آپ بتائیں کہ پنجگور اور تربت میں ٹی وی سینٹروں میں کب کام شروع ہو گا؟

Mr. Chairman: Minister for Information.

جناب مشاہد حسین سید: جناب تربت اور پنجگور کے ٹی وی بوسٹر انشاء اللہ within 1999 مکمل ہو جائیں گے اور اس کی commissioning پر میں ان کو دعوت بھی دوں گا کہ یہ خود بھی اس موقع پر موجود ہوں۔ جہاں تک اسلامی پروگرام کا تعلق ہے۔ بلیدی صاحب نے میرے خیال میں رمضان شریف میں دیکھا ہوگا کہ پہلی دفعہ پاکستان کی تاریخ میں ہم نے تراویح کی نشریات directly Saudi Arabia سے نشر کیں جسے میرے خیال میں ہندوستان کے مسلمانوں نے بھی appreciate کیا۔ اس سے زیادہ کیا اسلام کی خدمت ٹی وی کر سکتا ہے۔ ٹی وی نے ایک ٹیم کوسووو بھیجی ہے۔ مظلوم مسلمان مہاجرین سے یکجہتی کے لئے اور پاکستان ٹیلیویژن کو یہ فخر حاصل ہے کہ یہ مسلم دنیا کا پہلا ٹیلیویژن ہے جس نے یہ کام کیا۔ اس کے لئے کوئی sponsorship نہیں تھی۔ کسی کی ٹھیکیداری نہیں تھی۔ صرف تھی تو اسلام کی خدمت جو ٹی وی کرتا رہتا ہے۔

جناب چیئرمین: حاجی عبدالرحمٰن صاحب۔

حاجی عبدالرحمٰن: وزیر صاحب فرما رہے ہیں کہ اسلام کی خدمت کے لئے انہوں نے تراویح نشر کیں اور کوسووو ٹیم بھیجی ہے۔ یہ تو جناب بہت بڑا کام ہے۔ لیکن معاشرے کو اسلامی

تعلیم دینا اور اسلامی شعائر کو زندہ کرنا۔ اس کے بارے میں ان کے کیا پروگرام ہیں؟ انہوں نے ٹی وی کو، جیسے پرسوں ان کا بیان تھا کہ انڈیا کے مقابلے میں لا کھڑا کیا ۔ اسی طرح فحاشی اور بے حیائی اور سب کچھ ایسا ہی ہو رہا ہے۔ اس کا مقابلہ تو جناب انہیں چیزوں میں ہو سکتا ہے۔ وہ ایک secular ملک ہے اور ہم اسلامی مملکت پاکستان رکھتے ہیں۔ اس بارے میں ان کے کیا عزائم ہیں اور یہ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ کیونکہ اس وقت بہت زیادہ فحاشی ہو رہی ہے۔

Mr. Chairman: Minister for Information.

جناب مشاہد حسین سید: جناب جو بیان میں نے دیا تھا۔ ۳ مئی کو میں نے conference بلائی تھی writers کی پورے پاکستان سے۔ ہم نے Writer Advisory Forum بنایا ہے۔ ٹیلیویژن پروگراموں کے بارے میں discussion کے لئے ایک جمہوری ماحول میں نمائندہ دانشوروں کو بلایا تھا۔ میں نے صرف یہ کہا تھا کہ ہمیں نفسیاتی لحاظ سے یا سیاسی لحاظ سے کمتری یا inferiority complex کا شکار نہیں ہونا چاہیئے۔ ہندوستان کی جو so-called ثقافتی یلغار ہے ۔ اس کا مقابلہ ہم ڈٹ کر کر رہے ہیں اور ہم کامیاب بھی ہو رہے ہیں۔ انڈیا ہمیں follow کر رہا ہے۔ it is the other way also تو وہ اس حوالے سے تھا ۔ ہم کسی کی نقل نہیں کرتے۔ معاف کرنا۔ اگر انہوں نے یہ سمجھا ہے تو honourable member نے اس کو غلط فہمی کی بنیاد پر سمجھا ہے۔

Mr. Chairman: Next question No.97 Habib Jalib Sahib.

+97. *Mr. Habib Jalib Baloch: Will the Minister for Information and Media Development be pleased to state the time by which the TV Booster installed at Khuzdar, Balochistan, will be start functioning?

Mr. Mushahid Hussain Sayed: At Khuzdar, TV Booster has already been installed and is in operation since 26-11-1992.

Mr. Chairman: Supplementary question.

---

\+ Deferred from the 28th April, 1999.

جناب حبیب جالب بلوچ، جناب چیئرمین! میں نے منسٹر موصوف سے یہ سوال کیا تھا کہ خضدار میں جو ٹی وی بوسٹر قائم کیا گیا ہے۔ وہ in operation ہے یا نہیں۔ انہوں نے جواب دیا ہے کہ یہ 26-11-1992 سے operation میں ہے۔ میں ان کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ کل تک operation میں نہیں تھا۔ تو یہ 1992 سے کہہ رہے ہیں۔ آپ اسے rectify کریں۔ خضدار ٹی وی کام نہیں کر رہا۔

Mr. Chairman: Minister for Information.

جناب مشاہد حسین سید، اگر یہ بات ہے۔

and the information is wrong then I will take necessary action.

جناب حبیب جالب بلوچ، آپ جانتے ہیں کہ خضدار میں ٹی وی کام ہی نہیں کر رہا۔ کیا آپ assurance دیں گے کہ آپ اسے ٹھیک کرائیں گے۔

جناب مشاہد حسین سید، جی بالکل میں assure کروں گا۔ میں خود خضدار گیا تھا جب بزنجو صاحب زندہ تھے۔ ان کے گھر میں میں رات کو رہا تھا

I know the place very well and I am sure it will be done.

جناب چیئرمین، جناب سیف اللہ پراچہ صاحب۔

جناب سیف اللہ خان پراچہ، جناب ٹی وی بوسٹروں کی بات ہو رہی ہے۔ ایک plan یہ بھی تھا کہ چلتان کے پہاڑ کے اوپر جو کہ کوئٹہ کے قریب ہے ایک بوسٹر لگا دیا جائے۔ جس سے بہت سا علاقہ cover ہو گا۔ کیا وزیر صاحب اس پر کچھ غور کریں گے؟

**Mr. Mushahid Hussain Sayed:** Sir, I am not aware of any such plan.

لیکن اب انہوں نے جو ذکر کر دیا ہے۔ I will take it up with the Television Engineering Authority and I think it makes sense.

جناب چیئرمین، جی ڈاکٹر عبدالحئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ، میرا وزیر موصوف سے یہ ضمنی سوال ہے کہ ٹیلیویژن کا ایک بہت بڑا رول ہوتا ہے اور بلوچستان کی اسی فیصد آبادی ٹیلیویژن کی نشریات سے محروم ہے۔ ہمارے پاس بوسٹر نہیں ہیں۔ سندھ سے تھوڑا بہت دیکھ لیا جاتا جیسے ڈیرہ مراد جمالی ہے۔ آپ اس

ہاؤس میں assurance دیں کہ نوشکی کا بوسٹر کب اور کس وقت تک کام کرے گا؟ اور یہ پانچ ٹی وی بوسٹر جو انہوں نے فرمائے ہیں کہ 1999ء میں لگیں گے ، یہ کہاں کہاں لگیں گے؟ اس کے علاوہ ڈیرہ مراد جمالی، مچھ، مہ شکیل ، بیسیمہ ، بلیدہ ، مند ، پشنی ، ارمارہ، قلعہ عبداللہ اور ژوب کے علاقوں میں لوگ ٹی وی دیکھنا چاہتے ہیں، لوگ قومی نشریات سے مستفید ہونا چاہتے ہیں۔ کیا یہ میری اس تجویز پر غور فرمائیں گے کہ جیسے پاکستان کے دوسرے بھائی ان نشریات سے مستفید ہو رہے ہیں، ہمارے ان علاقوں کے لوگ بھی ہوں، جن علاقوں کا میں نے ذکر کیا ہے ، ان علاقوں میں وہ کب اور کس وقت تک ٹی وی بوسٹر نصب کریں گے۔ ان پانچ کے اگر وہ نام بتا سکیں تو مہربانی ہو گی۔

**جناب چیئرمین:** جی وزیر برائے اطلاعات و نشریات۔

**جناب مشاہد حسین سید :** جناب والا! وزیراعظم نے 28 مئی کو ، جب ہم نے نیوکلیئر ٹیسٹ کیا تھا چاغی میں، دس کروڑ روپے کا developing plan دیا تھا چاغی کے لئے۔ میں recommend کروں گا کہ اس میں سے دو کروڑ لے کر ٹیلی ویژن بوسٹر فوری طور پر بنا دیا جائے ۔ اگر وہاں سے نہیں مل سکتا یا کوئی اور problem ہے ، development or priorities کا تو ہم خود ensure کریں گے کہ اسے top priority دی جائے۔

اس وقت بلوچستان میں 13 ٹی وی بوسٹرز already existing ہیں، اب جو سات نئے آ رہے ہیں وہ وٹ اور لسبیلہ کے ہیں ۔ وہ تقریباً 45 to 50% complete ہیں۔ اس کے علاوہ میں نے mention کیا تھا پنجگور اور تربت کا۔ دوسرا پشنی کا ہے، ژوب کا بھی ہے ، دُکی کا بھی ہے ، یہ مکمل ہونے کے قریب ہیں ۔ تو 1999ء میں پانچ definitely complete ہو جائیں گے سات میں سے اور دو تقریباً 50% کے قریب ہیں they might spill over to the next millennium. میرے خیال میں، میں ان سے بیٹھ کر proposal لوں گا، پھر ان سے بات کر لیں گے۔

**ڈاکٹر عبدالحئی:** شکریہ جی۔

**جناب چیئرمین:** جی زاہد خان صاحب۔

**جناب زاہد خان:** جناب والا! میں جو سوال کرتا ہوں اس کا جواب نہیں ملتا ہے ۔ ٹی وی والے خود کہہ رہے ہیں کہ پی ٹی وی منافع میں جا رہا ہے۔ دوسری طرف وزیر صاحب کہتے ہیں

کہ ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں، ہم بوسٹر provide نہیں کر سکتے ہیں۔ یہ تضاد کیوں ہے، کیا منافع نہیں ہے، یا یہ صرف کاغذی کارروائی ہے یا صرف ٹھیکیداروں کو ٹھیکے دے کر آپ نے بس دل خوش کیا ہے کہ ہم منافع میں جا رہے ہیں۔ اور اگر منافع میں جا رہے ہیں تو پھر آپ پاکستان کے 21% علاقوں میں بوسٹر کیوں نہیں لگاتے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** جی وزیر برائے اطلاعات و نشریات۔

**سید مشاہد حسین سید:** جناب والا! جو پیسہ مل رہا ہے ہم equipment پہ خرچ کر رہے ہیں، ٹی وی کا equipment is totally obsolute, out dated اور میرے خیال میں انیسویں صدی کے لیول کا ہے in terms of modern technology. اس پہ ہم focus کر رہے ہیں۔ باقی انہوں نے سوال کیا ہے، ہم کوئی نئے ٹھیکے نہیں دے رہے ہیں، صرف نئی development کر رہے ہیں، ٹھیکے سے زیادہ interest ہے ان کو۔

**جناب چیئرمین:** Next question No. 172 حبیب جالب بلوچ صاحب۔

172. ***Mr. Habib Jalib Baloch:** Will the Minister for Railways be pleased to refer to the Senate starred question No. 47 replied on 16th February, 1999 and state the steps being taken by the Pakistan Railways to ensure the safety standards?

**Minister for Railways:** The following steps have been taken by Pakistan Railways to ensure the safety standards:-

(i) A special campaign has been launched for the periodical over-hauling of passenger coaches. 1390 Coaches have been repaired in the Workshops during last and current financial year.

(ii) 21 Kilometres Sleeper renewal and 31 Kilometres rail renewal has been carried out during 1997-98 while 37 Kilometres Sleeper renewal and 66 Kilometres Rail renewal has been programmed during 1998-99.

(iii) Additional funds for the maintenance of the system have been

demanded in the Revised Budget Estimate for current year and the Budget for 1999-2000.

(iv) Rehabilitation of passenger carriages, locomotives and track has been programmed under an emergency plan to improve the condition of Rolling Stock (Passenger carriages and Locomotives), track and signalling equipment.

(v) Permission has been sought to recruit the essential operation and Maintenance staff. Hopefully with the lifting of the ban on recruitment, Railway would be able to recruit the required staff and it will improve the operation and maintenance of the system.

(vi) Promotion, training and refresher courses for Operation and Maintenance staff are being arranged at different Railway Training Institutes.

(vii) The train operating and the maintenance staff is being educated in the relevant rules for safety and they are being examined by the inspecting officials in their ability/efficiency to observe these rules in practice.

(viii) All the Officers and Inspectors on the Division have been directed to conduct their inspections strictly according to the prescribed quota, increase their vigilance, improve supervision and take proper and prompt action against the defaulters for the violations, in order to restore working discipline.

(ix) Appropriate disciplinary action is taken agaisnt the staff found responsible for the irregularities in train operation and lapses in the maintenance of the system.

(x) Training of the Locomotive Crews is being given special attention and

crew are being imparted training at Directorate of Research and Training Walton, Lahore, in the prescribed courses.

(xi) To enhance the safety of trains, 94 stations over the Hyderabad-Peshawar main line section are being track-circuited. Track circuiting at 50 stations has since been completed by the work in progress at the remaining stations is expected to be completed by December, 1999.

جناب چیئرمین: جی ضمنی سوال ۔

جناب حبیب جالب بلوچ: جناب چیئرمین! آپ جانتے ہیں کہ ریلوے کا محکمہ ویسے بھی کافی حد تک خسارے میں جا رہا ہے ' اس کی وجوہات یہ ہیں کہ ریلوے میں restructuring نہیں ہو پا رہی ہے۔ میں نے safety کے متعلق بہت سے سوالات کئے تھے کہ safety standards کیا رکھے گئے ہیں؛ تو اس سے میری مراد یہ تھی کہ میں دو طرح کی safety چاہ رہا تھا ۔ تحفظات یہ تھے کہ technical بنیادوں پر کس طرح safety قائم کی جا سکتی ہے اور دوسری safety یہ تھی کہ ٹرینوں میں بہت سے واقعات ہوتے ہیں جن کا تدارک ہونا چاہیئے۔ ان میں ڈاکے اور اس طرح کے بہت سارے واقعات ہیں۔

انہوں نے اس ضمن میں جو جواب دیا ہے وہ کافی تفصیلی ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ A special campaign has been launched for the periodical overhauling of passenger coaches, 1390 کوچز کے بارے میں انہوں نے کہا ہے کہ یہ repair ہوئی ہیں' گزشتہ سال اور موجودہ financial year میں۔ تو میرا سوال یہ ہے کہ وزیر موصوف صاحب بتا سکتے ہیں کہ کیا یہ واقعی repair ہوئی ہیں؛ اگر ہوئی ہیں تو ان پر کتنی لاگت آئی ہے۔

جناب چیئرمین: جی وزیر برائے ریلوے۔

میاں محمد یسین خان وٹو: جی repair تو واقعی ہوئی ہیں ۔ چونکہ رقم کا سوال میں ذکر نہیں تھا تو رقم کے بارے میں ' میں دوبارہ پتہ کر کے بتا سکتا ہوں۔ لیکن ان کی repair ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین: جی ملک عبدالرؤف صاحب۔

**ملک عبدالرؤف:** جناب والا! میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اکثر و بیشتر ریلوے لائن پر جو پھاٹک موجود ہیں' وہاں سے روڈ ٹریفک بھی گزرتی ہے اور ریل بھی گزرتی ہے۔ ایک تو وہاں پر بہت زیادہ وقت تک پھاٹک بند رہتے ہیں اور روڈ ٹرانسپورٹ کو کافی دیر تک رکنا پڑتا ہے۔ دوسرے جہاں پھاٹک ہے وہاں پر گڑھے پڑے رہتے ہیں'وہ ٹھیک بھی کرتے رہتے ہیں لیکن وہ ٹھیک نہیں ہوتے۔ آیا ایسی کوئی تجویز ان کے زیر غور ہے کہ پھاٹک کے اوپر روڈ ٹرانسپورٹ کا overhead bridge بنا دیا جائے یا کوئی اور طریقہ کیا جائے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو:** جناب ہر پھاٹک پر جہاں ضرورت ہے وہاں پر overhead bridge بنانا بڑا مشکل کام ہے اور بڑا خرچ والا معاملہ ہے۔ جہاں کہیں اس کے لیے وسائل ہیں اور وہاں ٹرانسپورٹ اتنی ہے اور جہاں ضرورت ہے تو وہاں کے لیے انشاء اللہ ہمدردانہ غور کیا جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** نثار خان صاحب۔

**جناب نثار محمد خان:** شکریہ' جناب چیئرمین! یہ بات بالکل صاف ہے کہ ہمارے لوگ ٹرین کا سفر نہیں کر رہے ہیں اور میرے خیال میں اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ جہاں ریلوے گئی ہے اس کے ساتھ parallel roads گئی ہیں اور لوگ فلائنگ کوچز وغیرہ پر اس لیے سفر کرتے ہیں کہ ان کی سپیڈ ہے۔ ان پر لوگ با آسانی وقت پر پہنچ سکتے ہیں۔ میری تجویز یہ ہے کہ اگر ریلوے کے stops کم کر دیے جائیں مثلاً پشاور سے راولپنڈی تک کوئی سٹاپ نہ ہو۔ اسی طرح کراچی تک دو تین سٹاپ ہوں اور گاڑیوں کو سپیڈ دی جائے۔ اس سے مسافر سفر کرنا شروع کر دیں گے۔ کیا وزیر صاحب کی اس کے بارے کوئی سوچ ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی وزیر ریلوے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو:** جناب اس کا تعلق تو نہیں بنتا لیکن جو فاضل رکن ارشاد فرما رہے ہیں اس کے مطابق اقدامات کیے جا رہے ہیں اور یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ ریلوے کے کم از کم سٹاپ ہوں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس پر سفر کریں۔ اور ریلوے کا واقعی competition بہت عرصے سے جاری ہے۔ مگر اس میں محسوس ہو رہا ہے کہ ریلوے اب دوبارہ emerge کر رہی ہے۔ جو کچھ فاضل سینیٹر صاحب نے کہا ہے انشاء اللہ اس کے مطابق ہم عمل

کرنے کے لیے غور کر رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** جی قائم علی شاہ صاحب۔

**سید قائم علی شاہ :** یہ بہت ساری اصلاحات اس میں لکھی گئی ہیں لیکن خاص طور پر میں وزیر صاحب سے پوچھنا چاہوں گا کہ اتنی pilferage ہے اور اتنی bungling ہے ریلوے میں جس کی انتہا نہیں ہے۔ عام طور پر مسافر آتے ہوئے ٹکٹ کا one third بھی نہیں دیتے۔ مسافروں کو fake ticket پکڑا دیا جاتا ہے اور کہتے ہیں بس یہ نشانی ہے۔ جو بھی ٹکٹ کلکٹر آئے گا اس کو دکھا دیں اور تھوڑے بہت پیسے ہمیں دے دیں تو آپ safely اپنی destination پر پہنچ جائیں گے۔ اس کے لیے یہ کیا اقدامات کر رہے ہیں؟

**میاں محمد یٰسین خان وٹو :** اس کے لیے اس جواب میں بھی عرض کیا گیا ہے کہ

all the officers and inspectors have been directed to conduct their inspection strictly according to the prescribed quota, increase their vigilance, improve supervision and take proper and prompt action against the defaulters for the violations, in order to restore working discipline.

تو اس کے لیے پوری کوشش کی جا رہی ہے۔ جہاں کہیں ایسے واقعات ہوں ان کے بارے چیکنگ کر کے ان کو قرار واقعی سزا دی جائے۔

**جناب چیئرمین:** خدائے نور صاحب نے نہیں پوچھا' جی خدائے نور صاحب۔

**جناب خدائے نور :** مجھے وٹو صاحب کہیں یہ نہ کہہ دیں کہ نیا سوال دے دیں۔ بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے جب ہم کھڑے ہوتے ہیں تو حالات کو دیکھتے ہوئے' یہ ایسا کہہ دیتے ہیں۔ آپ ذرا میرے ساتھ' جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا تھا' ایک دفعہ کوئٹہ چلیں اور کسی ایک ٹرین میں' چاہے وہ بولان میل ہو' چاہے وہ کوئٹہ ایکسپریس ہو' چاہے وہ اباسین ہو' آپ میرے ساتھ اس میں ایک دفعہ سفر کریں تو آپ کو سب کچھ پتہ لگ جائے گا کہ بلوچستان کے ساتھ' کوئٹہ کے ساتھ یہ کیا زیادتی ہو رہی ہے۔ ایسا کیوں ہے۔ تھرڈ کلاس ڈبے جو یہاں سے بالکل فالتو ہیں' کہتے ہیں کہ ہم نے بنا کے بھیجے ہیں' وہ تھرڈ کلاس کے ہوتے ہیں۔

جناب پچھلے دنوں میں نے کوئٹہ سے کراچی کے لیے اے سی سی کا ٹکٹ ایک ہفتے

پہلے لیا۔ جس دن میں اسٹیشن پہنچا تو مجھے کہا گیا کہ کل بولان میل میں کراچی سے اے سی سی کا ڈبہ آیا ہی نہیں۔ میں نے کہا چلیں نہیں ہے تو مجھے سلیپر میں دے دیں، فسٹ کلاس سلیپر میں دے دیں، کہتے ہیں کہ وہ بھی نہیں آیا۔ بولان ریل میں چار ڈبے لگے ہوئے تھے۔ میں وہاں کھڑا رہا میں نے کہا مجھے ڈبہ چاہئیے، چاہے جہاں سے بھی لے کر آؤ۔ خدا کے لئے یہ بلوچستان کے ساتھ، کوئٹہ کے ساتھ ایسا کیوں ہے۔ نہ وہاں کوئی non-stop تیز رفتار ٹرین ہے۔ وہاں سے پنڈی تک 36 گھنٹے کا سفر ہے۔ کون اس میں 36 گھنٹے بیٹھے گا۔ ہر station پر --- تیز رو آ رہی ہے، کوئٹہ ایکسپریس کو ایک طرف کر دو--- وہ فلاں آ رہی ہے، کوئٹہ ایکسپریس کو ایک طرف کر دو--- آخر یہ ان کے ساتھ کیوں ہو رہا ہے۔ آپ ان کو تیز رفتار ٹرین کیوں نہیں دیتے ہیں، ایک ٹرین انہوں non-stop دی ہوئی ہے لیکن وہ ہفتے میں تین دن ہے۔ آپ اس کو مستقل کردیں۔ کوئٹہ سے کراچی تک ڈیلی کردیں ایک ٹرین کوئٹہ سے راولپنڈی یا لاہور تک کر دیں۔

**جناب چیئرمین۔** جی Minister صاحب۔ یہ اچھی تجاویز ہیں کہ تیز ہونی چاہئیے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب والا! خدائے نور صاحب کا جتنا نام خوبصورت ہے اسی طرف یہ بات بھی بڑی خوبصورت کرتے ہیں اور انہوں نے جو تجاویز دی ہیں یا ریلوے کے متعلق اور بلوچستان کے متعلق اور کوئٹہ ایکسپریس کے متعلق جو کچھ انہوں نے تکالیف بیان فرمائی ہیں۔ میں محکمے کو instruct کروں گا کہ ان کے ایک ایک مسئلے کو take up کر کے اس کو remove کیا جائے۔

ایک دعوت انہوں نے مجھے پچھلی دفعہ بھی دی تھی کہ میں ان کے ساتھ سفر کروں تو جس وقت وہ مناسب سمجھیں، مجھے حکم دیں میں ان کے ساتھ سفر کرنے کے لئے تیار ہوں۔

**جناب چیئرمین۔** لیکن اسی ڈبے میں جانا ہے جس میں وہ جائیں گے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جس میں وہ فرمائیں گے۔

**جناب چیئرمین۔** یہ سیلون ساتھ لگالیں گے اور پھر کہیں گے کہ یہ سب ٹھیک ہے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جہاں کہیں گے جس seat پر کہیں گے اس پر بیٹھ کر جاؤں گا۔

**جناب چیئرمین۔** اور پھر کہیں گے یہ بڑی ٹھنڈی گاڑی ہے' بڑا مزہ آ رہا ہے یہاں تو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ جی جناب حاجی جاوید اقبال صاحب۔ ایک منٹ' ایک منٹ' اب اس کے بعد آگے چلتے ہیں۔ جی۔

**حاجی جاوید اقبال عباسی۔** میرا supplementary سوال یہ ہے کہ حویلیاں آخری سٹیشن ہے۔ پورے پاکستان کا آخری کہوں گا' ہزارہ ڈویژن کا صدر مقام ہونے کے ناطے سے اسے آگے مانسہرہ تک جانا چاہئیے لیکن حویلیاں تک جا کر رک گئی۔ ایک ٹرین 1991ء میں چلائی گئی تھی غلام محمد بلور اس وقت ریلوے کے وزیر تھے انہوں نے ہزارہ ایکسپریس کے نام سے میاں محمد نواز شریف صاحب کے کہنے پر وہاں سے چلائی وہ بھی بند ہو گئی۔
تم ٹک ٹک کیوں کرتے ہو' میں supplementary کر رہا ہوں ایسے بیچ میں مت بولا کرو۔ ہم آپ کے سوالوں میں نہیں بولتے اور تم منسٹروں کے بیچ بھی مداخلت کرتے ہو جب کوئی supplementary کر رہا ہو تو بھی۔ جناب یہ زیادتی ہے۔

**جناب چیئرمین۔** اچھا۔

**حاجی جاوید اقبال عباسی۔** وہ مسئلہ کہنے کا یہ ہے کہ جی وہ ٹرین وہاں کیوں بند ہوئی اور کیا وجوہات ہیں اور پھر حویلیاں میں ایک ریلوے پھاٹک ہے اس کے انتظامات میں بہت کم خرچہ ہے۔ Minister Railways نے over head bridge کا اعلان بھی کیا تھا لیکن وہ تو ابھی تک نہیں بنا اس میں زیادہ cost آئے گی لیکن ایک پھاٹک کی demand کی گئی ہے۔ جس وقت ٹرین آئے اسے بند کیا جائے جب نہ ہو تو اس وقت وہ پھاٹک کھول دیا جائے تاکہ لوگوں کو گرد و نواح گاؤں میں آنے جانے کا راستہ مل سکے۔ یہ دو تجاویز ہیں آیا ان پر حکومت غور کرنے کے لئے تیار ہے اور یہ proposal ہم نے Secretary Railways کو بار بار بھیجی ہیں لیکن وہ bureaucracy ہے وہ جواب تک نہیں دیتے اور ریلوے کے Secretary کسی کو سلام بھی نہیں کرتے۔ یہ مہربانی کر کے ایک تو ان کو کہیں کہ جواب بھی ٹھیک دیا کریں اور یہاں House میں بتائیں۔

**جناب چیئرمین۔** جی Minister on behalf of Minister for Railways۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو۔** جی میں محکموں کو instruct کروں گا کہ فاضل ممبر

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جی میں محکموں کو instruct کروں گا کہ فاضل ممبر صاحب کے جو ارشادات جو اس وقت House میں کر رہے ہیں اس کا جواب بھی دیں اور اس کے بارے میں ان کو فیصلہ بھی بتائیں۔ پھاٹک کے بار ے میں ریلوے کی کچھ مشکلات ہیں اور اس کے لئے وہ estimate لگوا کر متعلقہ ممبر صاحب کی خدمت میں پیش کر دیں گے۔ اگر وہ اپنے تعمیری funds میں سے وہ رقم مہیا کر دیں تو انشاء اللہ میں ان کو instruct کروں گا کہ وہ پھاٹک کے لئے بھی اقدامات کریں۔ جناب پھاٹک کے بار ے میں جھگڑا financing کا ہی پڑ جاتا ہے اور یہ سارے پاکستان کے لئے بہت بڑا مسئلہ ہے۔

Mr. Chairman: O.K.

جی 173 زاہد خان صاحب۔

173. *Mr. Muhammad Zahid Khan: Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state:

(a) the total number of NPB licences issued by the Ministry of Interior since December, 1998, indicating also the names and addresses of the licencees; and

(b) the number of NPB licences refused by the Ministry during the same period indicating also the names and addresses of the applicants and the reasons for refusal?

Ch. Shujat Hussain: (a) 30 NPB arms licences have been issued by the Ministry of Interior since December, 1998 as per list at Annexure 'A'.

(b) 22 applicants have been refused NPB arms licences since December, 1998 as per list at Annexure 'B'. Since District Magistrate are competent to issue NPB arms licences therefore, Ministry of Interior is issuing these licences only in exceptional cases and on inheritance basis etc.

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 5. | 489/99 | 2-1-99 | .30 bore pistol. | Abdul Rashid S/O Abdul Hamid, St.1, H.L.79, Sector 32-F, Nasir Colony, Karachi. | -do- |
| 6. | 490/99 | 4-1-99 | .38 bore pistol/Rev. | Rana Bilal Ijaz S/O Ch. Ijaz Ahmed, Mohallah Baghwala, Ghala Mandi, Gujranwala. | -do- |
| 7. to 12. | 491/99 to 496/99 | 21-1-99 | Six NPB weapons. | Hafeezullah Ishaq, S/O Haji Mohammad Ishaq Secretary Interior, Islamabad. | Transfer in lieu of Provl.NPB licences. |
| 13. | 497/99 | -do- | .25 bore pistol. | Mrs. Rafaqat Hafeezullah Wife of Hafeezullah Ishaq, Secretary Interior. | -do- |
| 14. | 498/99 | -do- | .222/.223 bore rifle | Khalid Tiwana S/O Nadir Tiwana, 131-BB LCHS, Lahore. | P.M's approval (Summary). |
| 15. | 499/99 | 27-1-99 | shotgun | Mohammad Asif S/O Muzaffar Khan, DhoK-Banigala, Islamabad. | Transfer on inheritance basis. |
| 16. 17. | 500/99 501/99 | 4-2-99 -do- | Pistol shotgun | Tariq Aziz S/O Ch. Aziz Ahmed, Secretary Narcotics Control Division, Islamabad. | Approved by Secretary Interior. |
| 18. | 502/99 | -do- | Pistol | Ch. Khalid Aziz S/O Aziz Ahmed H.NO.32, F-6/1, Islamabad. | -do- |
| 19 | 503/99 | 15-2-99 | Shotgun | Miss Asima Abbasi D/O Itbar Abbasi, Numb Romal, Murree, Distt. Rawalpindi. | Transfer on inheritance basis |
| 20 | 504/99 | 22-2-99 | .30 bore pistol | Mohammad Tayyab S/O Mohammad Rafiq, PS to Prinipal Secy to P.M., Islamabad. | Approved by Principal Secy to the P.M. |
| 21. 22. 23. | 505/99 to 507/99 | -do- | 3 NPB weapons. | Raja M. Saleem S/O Ghulam Mustafa, 55-B, Lala Zar Colony, Rawalpindi. | Issue in lieu of L.No.30008/89. |
| 24 | 508/99 | -do- | .223 bore rifle. | Mohammad Sarwar S/O Mohammad Tufail, H.No.6, Allama Iqbal Town, Lahore. | Transfer on inheritance basis. |
| 25. | 509/99 | 13-3-99 | shotgun | Hafeezullah Ishaq S/O Mohammad Ishaq, Secretary Interior. | Approved by JS(V). |
| 26. 27. | 510/99 511/99 | -do- -do- | .30 bore shotgun. | Pervez Hassan S/O Nisar Hussain, H.No.1, St. Aslam Park, Multan Road, Lahore. | Secretary Interior. |
| 28. | 512/99 | 20-3-99 | .222bore rifle. | Sadiq Bhatti S/O Barkat Ali, AD, FIA, Lahore. | -do- |
| 29. | 513/99 | 25-3-99 | 7mm rifle | Mohammad Ayub S/O Mohammad Hussain, Nai Abadi, Raiwand Lahore. | Transfer on inheritance basis. |
| 30. | 514/99 | 19-4-99 | .455 bore revolver. | S. Mohammad Ali Shah S/O Tajamal Abbas, Ali Maskan, St.22, Impress Park, Lahore. | -do- |

**Annexure-B**

LIST OF PERSONS WHOSE CASES ARE REFUSED BY M/O INTERIOR SINCE DECEMBER, 1998.

| | NAME & ADDRESS OF THE APPLICANTS | WEAPON | REMARKS |
|---|---|---|---|
| 1. | Air Vice Marshal Perviz Akhtar, H.No.169 Westridge, Rawalpindi. | .22 rifle | Advised to approach the concerned D.M. |
| 2. | AVM Perviz Iqbal, H.No.B-11, Zahid Road, Chaklala, Rawalpindi. | -do- | -do- |
| 3. | Imran Naseer Ahmed S/O Naseer Ahmed, Officer Gulf Commercial Bank Ltd, Islamabad. | .30 bore pistol. | Application forwarded to DC Islamabad. |
| 4. | Haji Wazir Ahmed C/O Haji Raza Taimur Karyana Merchant, Main Bazar, Kohat. | 7mm rifle | Advised to approach the concerned D.M. |
| 5. | Hafiz Tariq Mehmood, PRO Kuwait Embassy, Islamabad. | .30 bore pistol | -do- |
| 6. | Cdr. Mohd Yar Luck, PN, D-52 Kohsar Road E-8, Islamabad. | .45 bore pistol. | Application forwarded to DC Islamabad. |
| 7. | Sher Nawab Khan S/O Mir Dali Khan H.No.542-D, St.26, G-6/2, Islamabad. | Pistol/Rev | -do- |
| 8. | Syed Suleman Ghani Cdr.(Retd)P.N. D-74, Naval Housing Scheme Clifton, Karachi. | .45 bore pistol | Advised to approach the DM concerned. |
| 9. | Mian Imran Aqeel S/O Tahmina Daultana Minister for Women Development, Social Welfare & Spl.Education, Islamabad. | NPB weapons | Application forwarded to DC Islamabad. |
| 10. | Masood A. Daher, Addl.Secretary Incharge, M/O Railways, Islamabad. | three NPB weapons. | Conversion of NPB arms licences from M/O Interior regretted. |
| 11. | Aurangzeb Khan, Director, FCR, M/O Interior, Rawalpindi. | .32 bore pistol. | Advised to approach the DM concerned. |
| 12. | Mohammad Nazir, Accounts Officer, M/O Interior, Islamabad. | 7mm rifle | regretted. |
| 13. | M/O Food, Agriculture & Livestock (Live Stock Wing) Blue Area, Islamabad licence for Chowkindar. | .30bore pistol. | Advised to approach the D.M. concerned. |
| 14. | Ch.Fazal Rehman, System Analyst, I.B. Islamabad. | NPB Pistol & Rifle. | -do- |
| 15. | Khizar Hussain, Dy.Director, I.B. Islamabad. | NPB Pistol | -do- |
| 16. | Fida Hussain S/O Haq Nawaz Dhok Hassu near Ali Medical Store, Rawalpindi. | .30 bore pistol. | Advised to approach the DM concerned. |
| 17. | Sohail Maqbool Awan S/O Maqbool Hussain Awan, F-868, Satellite Town, Rawalpindi. | -do- | -do- |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 18. | Sardar Imran Haider Awan, S/O Maqbool Hussain Awan, F-868, Satellite Town, Rawalpindi. | shotgun & .30 bore pistol. | -do- |
| 19. | Husnain Sarwer Awan S/O Ghulam Sarwar Awan, F-868, Satellite Town, Rawalpindi. | .30 bore pistol. | -do- |
| 20. | Mohammad Salik Siddiqui S/O Abdul Jabbar Siddiqui, F-868, Satellite Town, Rawalpindi. | -do- | -do- |
| 21. | Shahid Hussain Awan S/O Hameed Ahmed Awan, F-868 Satellite Town, Rawalpindi. | -do- | -do- |
| 22. | Zaheer Ahmed S/O Bashir Ahmed, Legal Adviser, Federal Land Commission, Islamabad. | NPB weapon | -do- |

**جناب چیئرمین۔** اب time نکل رہا ہے میں چاہتا ہوں کہ سارے ہو جائیں۔

**جناب محمد زاہد خان۔** جناب میرا honourable Minister صاحب سے سوال ہے کہ جو licence issue ہو چکے ہیں یا تو Interior Secretary کے ہیں یا Joint Secretary کے ہیں یا Principal Secretary --------------آپ میاں نواز شریف کی زیادہ تعریفیں کرتے ہیں اس لئے میں آپ کی interference کرتا ہوں ورنہ آپ سوال کریں تو کوئی بات نہیں ہے لیکن آپ تقریر میں میاں نواز شریف کی تعریفیں کرتے رہتے ہیں تو میں کیا کروں، آپ تعریفیں کم کر لیں۔

**حاجی جاوید اقبال عباسی۔** آپ کے leaders میرے بزرگ ہیں ہم ان کو کبھی نہیں چھیڑتے ہیں۔ آپ کو بھی شرم آنی چاہئیے۔ ہم آپ کے قائدین کی عزت کرتے ہیں اور آپ کو بھی اپنی عزت کرانی چاہئیے۔

*(interruption)*

**جناب چیئرمین۔** ایک دوسرے کا احترام کرنا بہت اچھی بات ہے۔

**جناب محمد زاہد خان۔** جناب والا! جو لسٹ آئی ہے اس میں یا تو سیکریٹری داخلہ یا جوائنٹ سیکریٹری یا پرنسپل سیکریٹری پرائم منسٹر کیطرف سے لائسنس issued ہیں ۔ میں وزیر صاحب سے عرض کرتا ہوں کہ ان کے حکم سے کتنے لائسنس جاری ہوئے ہیں اور اگر آپ کے حکم پر جاری نہیں ہوئے تو کیا وزارت داخلہ آپ کا حکم نہیں مانتی؟ کیا وجہ ہے کیونکہ میرے پاس ثبوت ہے کہ آپ کے حکم کے باوجود لائسنس جاری نہیں ہوا۔

**چوہدری شجاعت حسین۔** جناب والا! میرا خیال ہے کہ سینیٹر صاحب نے جواب مکمل طریقے سے نہیں پڑھا ۔ اس میں تیس لائسنس جاری کئے گئے ہیں جن میں سے زیادہ تر ، گیارہ وراثت کے سلسلے میں ٹرانسفر کئے گئے ہیں۔ دس ایسے ہیں جو صوبائی لائسنس تھے جن کو یہاں پر ٹرانسفر کیا گیا ہے، صرف دو ہیں جو وزیر اعظم صاحب کے کہنے پر جاری ہوئے ہیں تو یہ کہنا کہ صرف وزیر اعظم کی طرف سے یا سیکریٹری کی طرف سے ایشو کئے گئے ہیں تو ایسی کوئی بات نہیں۔ جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے، میں نے لائسنس ایشو کرنے کے لئے کوئی حکم نہیں دیا۔ میرے کہنے کے اوپر کوئی لائسنس ایشو نہیں کیا گیا۔

**جناب محمد زاہد خان۔** آپ نے لائسنس جاری کرنے کے لئے جو حکم دیا ہے اس کا ثبوت میں آپ کو پیش کرتا ہوں۔

**جناب چیئرمین** ۔ یہ دیکھ لیتے ہیں ۔ ڈاکٹر عبدالحئی صاحب۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** جناب والا! ملک میں جو اسلحہ کی بھرمار ہے یعنی تمام قسم کا اسلحہ راکٹ لانچر سے لے کر کلاشنکوف اور بم وغیرہ آزادانہ طور پر لوگوں نے اپنے پاس رکھے ہوئے ہیں ۔ میرا وزیر موصوف سے سوال ہے کہ یا تو اسلحہ کی بھر مار کو ختم کریں یا لائسنس کے مسئلے کو ختم کریں ۔ لائسنس رکھنے کا کیا فائدہ جبکہ لائسنس شدہ اسلحہ راکٹ لانچر ، بم اور کلاشنکوف وغیرہ کے مقابلے میں بےمعنی ہے۔ اب دن اور رات ڈاکے پڑ رہے ہیں۔ وہ چھوٹا سا پستول اس کے مقابلے میں کیا ہے ۔ ایک پالیسی بنائیں یا اسلحہ کی بھرمار سارے ملک سے ختم کریں یا لائسنس کو ختم کریں، کوئی کام تو کریں۔

**چوہدری شجاعت حسین۔** جناب والا! وزارت داخلہ نے deweaponization policy وزارت انصاف و قانون کو بھیج رکھی ہے، وہاں سے منظوری آئے گی۔ ہم نے تمام صوبوں کو کہا ہے کہ آپ consensus کے ساتھ ایسی پالیسی وضع کریں کہ اسلحہ کی بھرمار ہمیشہ کے لئے ختم ہوجائے۔

**سید قاسم شاہ۔** جناب والا! nonprohibited bore licence جو ہمیں ملتے ہیں، اس پر جب ہم اسلحہ خریدنا چاہتے ہیں تو ہمیں واہ فیکٹری سے نہیں ملتا۔

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب والا! لائسنس جاری کرنا وزارت داخلہ کا کام ہے لیکن اسلحہ دینا ہمارا کام نہیں۔ہم سفارش کر دیتے ہیں کہ یہ کیا جائے۔ وہ صدر صاحب سے ہو کر وہاں واہ فیکٹری میں جاتا ہے تو پھر وہاں سے اسلحہ ملتا ہے۔

جناب چیئرمین۔ اگلا سوال 174 ڈاکٹر بلیدی صاحب۔

174. Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state:

(a) the strength of the Rangers personnel presently deputed in Karachi;

(b) the number of terrorists arrested and penalized during the last year; and

(c) the expenditure incurred on the salaries and other allowances of the said personnel during that year?

Ch. Shujat Hussain: (a) A total number of 11,012 personnel (all ranks) of Pakistan Rangers are presently deputed in Karachi, to monitor Law and Order situation.

(b) 47 terrorist were arrested and handed over to Police for legal action during the last year (1998)

(c) An amount of Rs. 367,564,750 was incurred by the Federal Government and Rs. 80,143,534 are borne by the Provincial Government on account of annual expenditure incurred by Pakistan Rangers (Sindh) during 1998.

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ جناب والا! یہ بڑا اہم سوال ہے۔ میں نے وزیر موصوف سے پوچھا تھا کہ کراچی میں رینجر کی تعداد کتنی ہے اور سالانہ اس پر کتنے اخراجات ہوتے ہیں۔تو یہاں ۱۱ ہزار کی تعداد انہوں نے بتائی ہے کہ کراچی میں متعین ہیں۔ انہوں نے جو اخراجات بتائے ہیں۔ میں حیران ہوں کہ ۳۶ کروڑ ۷۵ لاکھ ۶۴ ہزار ۷۵۰ یہ وفاقی حکومت ان کو ادا کرتی ہے اور کچھ

رقم صوبہ بھی برداشت کر رہا ہے۔ تو میں نہیں سمجھتا ہوں کہ یہ غریب ملک کب تک ایک صوبے کے لئے ، کراچی کے لئے اتنے اخراجات برداشت کرتا رہے گا۔ یہاں پر تو کہا جا رہا ہے کہ پیسے نہیں ہیں۔ خزانہ بھی خالی ہے اور لوگوں کے لئے کوئی سہولت نہیں ہے۔ تو وزیر صاحب مجھے یہ بتائیں کہ کراچی میں رینجرز کی کیا ضرورت ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس کا کوئی دوسرا طریقہ تلاش کیا جائے تو بہتر ہے کیونکہ اس سے تو کوئی خاص فرق کراچی پر نہیں پڑا ہے۔ ۴، ۵ مہینوں سے اگر کراچی میں کوئی فرق پڑ گیا ہے تو وہ بھی پارٹی والوں نے تعاون کیا ہے ورنہ آپ کی رینجرز والے وہاں کوئی ایسی ڈیوٹی نہیں دے رہے ہیں کہ وہاں پر انہوں نے امن و امان کو بحال رکھا ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ہٹ کر آل پارٹیز کو کراچی میں بٹھاکر ان میں مشورہ کرکے ان کے حالات کو درست کریں تاکہ جو کروڑوں کے اخراجات ہیں ان میں کمی آ جائے۔ تو آیا کوئی ایسا پروگرام ہے؟

**Mr. Chairman:** Yes, Minister for Interior.

**چوہدری شجاعت حسین:** جناب چیئرمین! بلیدی صاحب درست فرما رہے ہیں۔ ہماری خواہش ہے کہ کراچی میں کوئی سیاسی سسٹم رائج کیا جائے کیونکہ اتنی زیادہ تعداد میں کراچی میں رینجرز کا رکھنا ہم بھی مناسب نہیں سمجھتے۔ ہم چاہتے ہیں کہ جتنا بھی جلد ہو سکے وہاں پر امن قائم ہو اور سیاسی سسٹم رائج ہو جائے تاکہ ہم وہاں سے رینجرز کو ہٹائیں۔

**جناب چیئرمین:** جی رجوانہ صاحب۔

**جناب محمد رفیق رجوانہ:** جناب چیئرمین! وزیر صاحب سے میرا یہ ضمنی سوال ہے کہ رینجرز کے بعض افسران یا جوان دہشت گردوں کے ہاتھوں کراچی میں قتل ہوئے، کیا ان کو کوئی compensation دینے کی کوئی پالیسی ہے اور یا کوئی compensation دی گئی ہے؟ ان کے بچوں کو جو بالغ ہیں کیا کوئی ایسا روزگار مہیا کیا گیا ہے تاکہ وہ اپنے خاندان کی دیکھ بھال کر سکیں؟

**Mr. Chairman:** Yes, Minister for Interior.

**چوہدری شجاعت حسین:** جی ہاں۔ آرمی رولز کے مطابق ان کو compensation دی جاتی ہے۔

جناب چیئرمین، آفتاب شیخ صاحب۔

جناب آفتاب احمد شیخ، جناب چیئرمین! یہ جو ایک سال کا ٹوٹل بتایا ہے یہ ۴۴ کروڑ ۷۷ لاکھ ۸ ہزار ۲۸۴ روپے صرف monitoring کے بنتے ہیں۔ یہ جو ۴۷ آدمی بتائے گئے ہیں کہ پکڑے گئے ہیں۔ یہ بھی پولیس نے پکڑے ہیں۔ Police has been in action actually in practice تو یہ monitoring کا جو ۴۴ کروڑ ۷۷ لاکھ ۸ ہزار ۲۸۴ روپے خرچہ آیا ہے تو میرا سوال یہ ہے کہ اس خرچے میں ان کی تنخواہیں بھی شامل ہیں یا نہیں۔

Mr. Chairman: Yes, Minister for Interior.

چوہدری شجاعت حسین، تنخواہیں بھی اس میں شامل ہیں۔

جناب آفتاب احمد شیخ، مطلب یہ ہے کہ صرف monitoring کے لئے ان کو ایک کروڑ کا ایک دہشت گرد پڑا۔ پولیس کا خرچہ الگ ہے۔ یہ اتنی بڑی قیمت پر When the Rangers were not seen anywhere in Karachi.

چوہدری شجاعت حسین، جناب والا! رینجرز کراچی میں صرف دہشت گردوں کو پکڑنے کے لئے نہیں لگائی گئی۔ ان کے تقریباً ۱۰، ۱۲ کام ہیں جو وہ کرتے ہیں۔ اگر آپ کہیں تو میں سارے کام پڑھ کر بتا دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین، نہیں اس وقت کوئی ضرورت نہیں ہے۔ سب کو پتا ہے۔

جناب آفتاب احمد شیخ، جناب چیئرمین! ۱۰ ارب کا سندھ گورنمنٹ پر overdraft ہے اور سندھ گورنمنٹ کے cheques bounce ہو رہے ہیں۔ State Bank نے ہدایات جاری کی ہیں کہ cheques کو honour نہ کیا جائے۔ تو کیا ان حالات میں چوہدری صاحب اس بات کو تسلیم کریں گے کہ یہ ۴۴ کروڑ کا خرچہ بچایا جائے۔

چوہدری شجاعت حسین، جی ہاں، یہ ہماری مدد کریں تو خرچہ بچ سکتا ہے۔

@7. Mr. Habib Jalib Baloch: Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state the number and nature of vacant posts of

---

@ Deferred from the 28th April, 1999.

BPS-17 and above, separately, in Immigration and Passports Offices indicating also the qualification required and criteria prescribed for appointment against these posts?

**Ch. Shujat Hussain:** The requisite information is annexed.

**Annexure-I**

| Post | No. of Posts | Vacant | Conditions/Qualifications |
|---|---|---|---|
| 1. | Deputy Director (BPS-18) | 1 | Required to be filled in 100% by promotion from amongst the Assistant Directors (B-17) provided that if no suitable person is available for promotion, the post or posts reserved for promotion shall be filled by initial appointment and failing that by transfer.<br>**For Promotion**<br>Assistant Director (B-17) having five year service in Grade- 17 are eligible for promotion.<br>**For Direct Recruitment**<br>(i) 2nd class Master's Degree Law Graduates will be preferred.<br>(ii) 5 years administrative experience in a Government/ Semi Government/Autonomous Organization. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2. | Assistant Director (BPS-17) | 12 | **For Promotion** Three year service in B-16 of eligible cadre. **For Direct Recruitment** (i) 2nd Class Master Degree. Two years administrative experience in a Government/ Semi Government/ Autonomous Body. |
| 3. | Account Officer (BPS-17) | 1 | The post is required to be filled in by transfer from the officer to be sent on deputation by the Audit Office. |

27. Mr. Saifullah Khan Paracha: Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to refer to the Senate unstarred question No. 27 replied on Ist September, 1998 and state the present stage of the case/apeal filled against the temporary injucties granted by the civil court?

Ch. Shujat Hussain: The case is still subjudice. Next date of hearing has been fixed for 17th May, 1999.

28. Mr. Saifullah Khan Paracha: Will the Minister for Defence be pleased to refer to the Senate unstarred question No. 1 replied on I-10-98 and state the estimated affects of EL-NINO and LA-NIA on the monthly rainfall and agricultural out put in Pakistan during 1998-99 and 1999-2000?

Minister Incharge for Defence: (i) The EL-Nino phenomenon

started somewhere around November, 1997 and continued uptill summer, 1998. It affected the average rainfalls towards negative side. The total monsoon rains remained below normal (20%) except at few stations where these were slightly above normal (within 10%)

(ii) The La-Nina phenomenon affected Pakistan from October, 1998 and is likely to last uptill June, 1999. It caused complete dry weather over the country during October, 1998 to December, 1998. January 1999 rainfalls were slightly above normal (10%). February, 1999 to April 1999 rainfalls have been much below normal. Rainfall forecast for the summer monsoon will be issued in the month of June, 1999 considering the joint effect of La-Nina and that of other meteorological parameters.

(iii) Rainfall during January and February, 1999 which remained normal to slightly above normal benefitted both the irrigated as well as the rain fed areas.

29. **Mr. Saifullah Khan Paracha:** Will the Minister for Defence be pleased to refer to the Senate unstarred question No. 3 replied on 15-12-98 and state:

(a) the details of the request from the Minister of Defence made to the Army Authorities for considering the proposal and for providing a proper plan/feasibility report;

(b) the details of the reply received from the Army Authorities in this regard; and

(c) the steps proposed to be taken to expedite this matter?

**Minister Incharge for Defence:** (a) GHQ were asked to study

the proposal of establishment of a Cantonment at Sui and submit a feasibility report/plan for the purpose.

(b) GHQ had informed that preliminary study has been conducted and have, *inter alia*, stated that:-

(1) In addition to existing security arrangements, a battalion size Cantonment would suffice.

(2) Headquarters 12 Corps Quetta has been asked to prepare a proper plan/feasibility report in consultation with Provincial Government for approval by COAS.

(3) The Project should be financed by the Federal/Provincial Government as establishment of Cantonment at Sui is aimed at providing security to Sui Gas installations.

(c) The proposal will be processed on priority on receipt of formal proposal from GHQ, who have been requested to expendite.

**جناب چیئرمین:** شکریہ جی۔ بس اب ختم ہو گیا۔

End of question hour. Leave applications.

## LEAVE OF ABSENCE

**جناب چیئرمین:** جناب تاج حیدر صاحب بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر مورخہ ۲۹ اور ۳۰ اپریل کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے، اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** جناب مسعود کوثر صاحب ناسازی طبع کی بنا پر ۳ اور ۴ مئی کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے، اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی

درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** جہانگیر بدر صاحب نے نجی مصروفیات کی بنا پر ۵ اور ۶ مئی کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** عباس سرفراز صاحب نے ۵ اور ۶ مئی کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** سرانجام صاحب نے ۳ اور ۴ مئی کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** جی جناب بشیر مٹہ صاحب۔

**جناب بشیر احمد مٹہ** - آج اخبار میں، ایک بہت ہی غلط "نیوز" ، ایک مہلک اور زہریلا قسم کا بیان آیا ہے۔ اور جس سے اس ملک کی سیاسی فضا جو already خراب ہے واقعی خرابی کی طرف جا سکتی ہے۔ اسی لئے میں پوری ذمہ داری کے ساتھ اس ایوان میں چند حقائق کی نشاندہی کرنا چاہتا ہوں۔

جناب عالی ! یہ اسلام آباد سے ML's spokesman lashes out at alliance of plunderers یہ تو اوپر سرخی لگائی ہے۔ مگر بیچ میں انہوں نے زیادہ نشانہ ہمیں بنایا ہے، میرے لیڈر کو جو یہاں محترم بیٹھے ہیں جن کی speech اس دن آپ نے سنی جو ایک کتنی sobered, balanced اور تعمیری تقریر تھی آپ نے خود سنی، اس نے ہم پر وطن دشمنی کا الزام بھی لگایا ہے اور چند اور بھی الزامات لگائے ہیں۔ یہاں تک وہ گئے ہیں spokesman Sahib جو مسلم لیگ کے ہیں، پہلے میں اس سے آگے کیا جاؤں آپ سے عرض کروں جناب کہ آپ کو بھی یاد ہوگا اور مجھے بھی یاد ہے کہ یہ مسلم لیگ جونیجو کی مشہور لڑائی کے بعد معرض وجود میں آئی۔ جونیجو صاحب کی مسلم لیگ اور نواز شریف صاحب وزیر اعظم کے درمیان جب جھگڑا ہوا تو اس میں

چمچوں کی لڑائی ہوئی اسلام آباد ہوٹل میں۔ اس کے بعد یہ معرض وجود میں آئی اور کہاں پلی؟ چمچوں کی لڑائی سے پہلے مارشل لاء کی گود میں پلی۔ تو یہ مسلم لیگ جو آج دعویٰ کر رہی patriotism کا کہاں سے یہ نازل ہوئی ہے۔ پھر ہم پر الزام کیا ہے۔ کہتے ہیں کہ ان کی Alliance ابھی وجود میں آ گئی ہے۔ تو foreign intellectuals نے ان کو support کرنا شروع کیا ہے اور اس میں سر فہرست British Press ہے۔ تو جناب آپ خود بتائیں ہم، اجمل خٹک صاحب، ولی خان صاحب، ہم سب خدائی خدمتگار تحریک کے وارث ہیں۔ تو ہماری تو انگریزوں سے لڑائی تھی۔ ہم تو وہ لوگ تھے جنہوں نے انگریزوں کو اس ملک سے باہر نکالا۔ اس وقت جب انگریز یہاں حکمران تھا۔ اسکی چمچہ گیری کن لوگوں نے کی؟ ان کے بوٹ کن لوگوں نے چاٹے؟ وہ تو آج مسلم لیگ میں بیٹھے ہیں۔ تو ہم پر یہاں بھی الزام ہے اور وہاں بھی الزام ہے۔ انگریزوں نے تو ہمیں thirty three years قید میں رکھا اور پھر آپ یہ کہتے ہیں کہ انگریز itself اس کو support کر رہے ہیں۔ تو میرے خیال میں یہ جو مسلم لیگ کے spokesman جس نے اپنا نام چھپایا ہوا ہے۔ یہ بھی عجیب ہے۔ بھئی اپنا نام تو ظاہر کرو۔ وہ چھپایا ہوا ہے۔ یہ تو صرف اپنی جو اس ملک میں غلاظت ہے، جو حکومت کی لاپرواہی، غفلت اور نااہلی کی وجہ سے اس ملک پر عذاب آیا ہوا ہے۔ جو لوگ خودکشیاں کر رہے ہیں۔ جو ڈاکے پڑ رہے ہیں۔ جو قتل ہو رہے ہیں judicial and non-judicial ان کو چھپانے کے لئے اس نے ایک چھوٹا سا بیان جاری کیا ہے اس میں جناب یہ نہیں چھپ سکتا۔ آپ کو میں یہ بھی بتاتا چلوں جناب کہ یہ مسلم لیگ والے جو اب مسلم لیگ، مسلم لیگ کر رہے ہیں وہ بیٹھے ہیں۔ یہ mind نہ کریں مگر جب ایوب خان صاحب dictator تھے اس ملک کے اور انہوں نے ایک الیکشن کیا تو مسلم لیگ کہاں چلی گئی۔ یکدم راتوں رات غائب ہو گئی تو یہ مسلم لیگ کی کوئی stability نہیں یہ ایک power کا ٹولا ہے جس کو کوئی مسلط اس ملک پر کرتا ہے اور پھر یہ قسم قسم کے دعوے کرتے ہیں۔

جناب عالی! یہ بات میں آپ کو بتا دیتا ہوں کہ اگر یہ اس بیان کے نیچے اپنی ناکامیوں کو چھپانا چاہتے ہیں یا اسلام کا نام لے کر اس ملک کی قومیتوں کے حقوق کو ہڑپ کرنا چاہتے ہیں تو ہم کسی قیمت ان کو یہ کرنے نہیں دیں گے۔ ہم ملک کی تعمیر کے لئے کام کر رہے ہیں مگر وہ تعمیر حقوق دینے کی بنیاد پر ہوگی۔ اس طرف جب ہمارے مسلم لیگ کے برادران بیٹھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ آپ قوموں کے حقوق کی بات مت کریں۔

اگر قوموں کو ہم اس ملک کے نقشے سے ہٹا دیں گے تو باقی کیا رہے گا۔ جنات کی حکومت رہی گی یہاں پر، ہم قوموں کے حقوق کی بات کریں گے اور یہ قوموں کے حقوق کو تسلیم کرتے ہیں مگر ایک بالا دست قوت جو یہاں ہے وہ آڑے آتی ہے، پنجاب سے جو ابھرتی ہے وہ چھوٹے صوبوں کے حقوق کو ہڑپ کرنے کے لئے اسلام کا نام ناجائز طور پر استعمال کرتے ہیں۔ ورنہ اگر یہ قومیت میں believe نہیں کرتے جناب عالی! تو اتا ترک کے مزار پر جا کر کیا کہتے ہیں۔ اتا ترک نے ترکی میں عربی زبان میں نماز بھی بند کی تھی اور ابھی تک وہاں secularism ہے Islamic Party کی ایک عورت اپنے سر کو ڈھانپ کر آئی تو اس کو باہر نکال دیا۔ وہاں جا کر وہ ترکی کو مانتے ہیں۔ یہاں پر پختون، بلوچ، سندھی اور سرائیکی کو نہیں مانتے تو یہ ایک دھوکہ ہے۔ اگر یہ قومیت کو نہیں مانتے پھر عرب اور ایرانی قومیت کو بھی تسلیم نہیں کریں۔ کیوں جا کر پچاس جھنڈوں کو سلام کرتے ہیں اسلامی کانفرنس میں۔ ہم یہ بتانا چاہتے ہیں جناب کہ اس قسم کے بیانات سے قوم کو فائدہ نہیں ہوتا۔ ہم تعمیری لوگ ہیں۔ ملک کو ایک وفاق کی حیثیت میں ڈھالنا چاہتے ہیں اس کو پنپتا دیکھنا چاہتے ہیں۔ مگر اگر پنجاب یہ سوچے کہ میں اسلام کے نام پر یا patriotism کے نام پر یعنی قوم پرستی کے نام پر اور حب الوطنی کے نام پر، ہم ان کو brow beat کریں گے، ان کو دبائیں گے، suppress کریں گے۔ تو یہ خیال آج بھی دماغ سے نکالیں اور کل بھی نکالیں۔ اس کے علاوہ میں جو کچھ کہوں گا اپنی تقریر کے دوران کہوں گا۔

Mr. Chairman: Sheikh Aftab Sahib on point of order.

**جناب آفتاب احمد شیخ**۔ بات یہ ہے جناب والا! کہ میں اسی پوائنٹ آف آرڈر کی طرف آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا جو آج سے دو دن پہلے میں نے آپ کے سامنے پیش کیا تھا۔ آپ نے وزیر داخلہ صاحب سے فرمایا تھا کہ اس معاملے کو دیکھ لیں۔ میں نے عرض کی تھا جناب والا! کہ جو extrajudicial killings کے دس کیس ہیں، میں سب کی بات نہیں کر رہا، میں ان کیسز کی بات کر رہا ہوں جن کی رپورٹ آ گئی ہے۔ انکوائری ہوئی ہے۔ گورنمنٹ نے انکوائری آفیسر مقرر کیا اور گورنمنٹ کے انکوائری آفیسر نے انکوائری کرنے کے بعد رپورٹ دی ہے اور انہوں نے کچھ لوگوں پر responsibility fix کی کہ یہ یہ لوگ اس قتل کے ذمہ دار ہیں۔

اب یہ بات میری نہیں ہے - میں نے یہ بات نہیں کہی ہے - Government appointed
enquiry officer has held کہ یہ یہ لوگ ذمہ دار ہیں۔وہ انکوائری رپورٹ انکوائری آفیسر نے
submit کر دی - in the due course, proper channel میں submit کر دی - میں صرف یہ
پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان انکوائری رپورٹس پر جناب چیئرمین! مرکزی حکومت کوئی ایکشن لے رہی ہے
یا نہیں - اس پر عملدرآمد ہو گا یا نہیں ہوگا - رپورٹ آ چکی ہے -آپ نے وزیر داخلہ صاحب سے
فرمایا تھا کہ آپ اس کو دیکھ لیں- دو تین دن گزر گئے - انہوں نے دیکھی یا نہیں دیکھی - میں آپ
سے صرف یہ عرض کروں گا - وزیر داخلہ صاحب سے پوچھیں اس کا کیا جواب ہے -اس پر رپورٹیں
آ گئی ہیں-

**جناب چیئرمین**- وزیر داخلہ صاحب -

**چوہدری شجاعت حسین**-جناب والا ! آپ کو یاد ہوگا کہ اس دن یہ بات ہوئی تھی کہ معزز سینیٹر مجھے اس کی تفصیلات لکھ کر دیں گے- دو دن گزر چکے ہیں اور آج تک انہوں نے لکھ کر نہیں دیں- ان کی اپنی ممبر نسرین جلیل نے اسی سلسلے میں Call Attention Notice دے رکھا ہے- وہ approval کے بعد جب ہاؤس میں آئے گا تو اس کا جواب دے دیا جائے گا-

**جناب آفتاب احمد شیخ**- میں لکھ کر نہیں دوں گا-میں کہتا ہوں کہ جو انکوائری رپورٹیں حکومت کے پاس بھیجی گئی ہیں، حکومت نے انکوائری آفیسر مقرر کیا ہے------ میں کیا لکھ کر دوں گا-میں صرف ان تین کیسز کی بات کر رہا ہوں-نہیں ، میں آپ کو کچھ نہیں لکھ کر دوں گا- آپ کے پاس ریکارڈ موجود ہے-انکوائری رپورٹ آ گئی ہے---

**چوہدری شجاعت حسین**-جب نوٹس آئے گا تو جواب دے دیا جائے گا-

**جناب آفتاب احمد شیخ**-میرا آپ سے سوال یہ ہے کہ جو سرکاری رپورٹ آئی ہے -

**جناب چیئرمین** - دیکھیں، جو سرکاری رپورٹ آئی ہے ، اس پر گورنر صاحب نے already ایکشن لیا ہوا ہے -

**جناب آفتاب احمد شیخ**-میں نے وہی پوچھا ہے -اس لئے جناب والا ! کہ جب گورنر رول impose کیا گیا تھا تو گورنر رول فیڈرل گورنمنٹ نے impose کیا تھا(c)(2) Article 232

کے تحت اور یہ کہ گورنر کو کیا کیا باتیں دیکھنی ہیں ۔ Governor has to do these things, 1, 2, 3, 4, 5, 6. ان میں سے ایک لاء اینڈ آرڈر کا بڑا مسئلہ ہے ۔تو جناب والا ! فیڈرل گورنمنٹ کا ایک کردار ہے ۔ میں یہ پوچھ رہا ہوں کہ فیڈرل گورنمنٹ کیا کر رہی ہے ۔ وہاں ۱۰ آدمی مر چکے ہیں جن میں سے تین کی رپورٹ آ گئی ہے ۔اب میں اس ہاؤس میں نہیں اٹھاؤں گا تو کہاں اٹھاؤں گا کیونکہ یہ صوبائی مسئلہ نہیں ہے ۔ (c)(2) 232 کے تحت آپ نے گورنر کو---

Mr. Chairman: Governor has already taken note of that report.

**جناب آفتاب احمد شیخ**۔ میں وہی پوچھ رہا ہوں کہ کیا مرکز کو اس کا پتہ ہے کہ کتنے افراد مر گئے ۔ نمبر۲۔ کیا مرکز کو اس کا پتہ ہے کہ تین کیسز میں انکوائری رپورٹس آ گئی ہیں۔نمبر۳۔ ان پر عملدر آمد کیا ہوا ہے ۔میں یہ پوچھ رہا ہوں۔

**جناب چیئرمین**۔ جی منسٹر صاحب ۔

**چوہدری شجاعت حسین**۔ جناب والا ! Call Attention Notice اس سلسلے میں آ چکا ہے ۔انہی کی ایک ساتھی نے دیا ۔ اس میں یہی تمام باتیں لکھی گئی ہیں۔اس میں وہی بات پوچھی گئی ہے جو معزز سینیٹر پوچھ رہے ہیں۔وہ جب آئے گا ، جب آپ مجھے حکم دیں گے تو میں اس کا جواب دے دوں گا ۔ کوئی نہ کوئی چیز تحریری طور پر سامنے تو آنی چاہیئے ۔میں جواب دینے سے انکار نہیں کر رہا ۔میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ کوئی چیز تحریری طور پر سامنے آنی چاہیئے ۔ یہ حساس معاملہ ہے تو اس کو کچھ تفصیل کے ساتھ بتا دیں۔ہم مکمل جواب دیں گے ۔ کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو چھپائی جائے گی۔

**جناب چیئرمین**۔جی اعتزاز احسن صاحب ۔

**چوہدری اعتزاز احسن**۔ جناب چیئرمین! یہ تو ہوتا ہی چلا آ رہا ہے کہ وزیر داخلہ کو جب تک تحریر میں کچھ نہ ملے ، یہ زبانی بات کر ہی نہیں سکتے۔آپ دیکھتے ہیں کہ ہر تقریر اور ہر بات انہوں نے پڑھ کر سنانی ہوتی ہے ---

**جناب چیئرمین** ۔ I think, you should not be personal, اس دن بھی تلخی ہوئی تھی۔ I will be grateful.

چوہدری اعتزازاحسن- سر، میں ---

جناب چیئرمین- I will be grateful. پرسنل نہ ہوں۔

You both are very respectable.

چوہدری اعتزازاحسن- وہ ایسے ہی انگیخت ہو جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین- ایسا نہ کریں۔

چوہدری اعتزازاحسن- میں تو آفتاب شیخ صاحب کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کر رہا ہوں۔ وہ بیچارے جواب مانگ رہے ہیں۔ اب ان کو یہ معلوم نہیں ہے کہ یہ تحریر پڑھے بغیر جواب نہیں دے سکتے۔ یہ حقیقت ہے۔ اس میں کیا انگیخت ہونے کی بات ہے۔ مجھے ایک دفعہ آپ بتا دیں، صرف ایک دفعہ بتا دیں کہ اگر یہ کبھی بھی بغیر پڑھے جواب دیتے ہوں، تقریر کرتے ہوں۔

جناب چیئرمین- بہرحال احتیاط اچھی ہوتی ہے۔

چوہدری اعتزاز احسن- مطلب ہے کہ آپ اس طرح سے کلہاڑی نہ چلائیں۔ میں صرف ان سے ہمدردی کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین- ایک دوسرے کے خلاف personal نہ ہوں۔

(مداخلت)

چوہدری اعتزاز احسن- ۱۹۹۰ والے ہاؤس میں یہ کہا تھا ان کے لیڈر کے بارے میں کہ یہ اس سارے ہاؤس کے دورانیہ میں، جتنا ہے، اگر وہ ایک دفعہ بغیر پڑھے فی البدیہہ تقریر کر دیں تو ساری اسمبلی اور ہاؤس کو کھانا کھلاؤں گا، دعوت کروں گا۔ وہ نواز شریف صاحب تو کر نہیں سکے۔ بہت عرصہ بعد نواز شریف صاحب نے اپنے اندر یہ صلاحیت پیدا کی۔ اچھی بات ہے۔ اگر یہ بھی اپنے لیڈر کی طرح صلاحیتیں بہتر کریں تو اچھی بات ہے۔ اس میں کونسی برائی کی بات ہے جی۔ اب جناب گزارش یہ ہے کہ بشیر مٹہ صاحب نے جو معاملہ اٹھایا ہے، یہ ذرا زیادہ سنگین ہے۔

جناب چیئرمین- وہ تو بات ختم ہوگئی ہے۔

چوہدری اعتزاز احسن- جناب بات کا جواب نہیں آیا۔ اس لئے میں عرض کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ نہیں، یہاں بات کا جواب کون دے گا؟

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب میری عرض ذرا سن لیں۔ گزارش سن لیں۔ جناب یہ وہ حکومت ہے، یہ وہ جماعت ہے، آپ اس کے گواہ ہیں۔ اس ہاؤس کے ریکارڈ پر لوح محفوظ کی طرح یہ سارے معاملات درج ہیں۔ بار بار اٹھ کر یہ ہمیں طعنے دیتے رہے کہ بی بی سی سب سے مستند نشریاتی ادارہ ہے۔ جو برطانیہ کی عدالتیں ہیں۔ وہ عدالت ہو یا نہ ہو، خواہ بون سٹریٹ کا مجسٹریٹ ہی investigation کر رہا ہو۔ ایک investigating magistrate صرف تفتیش کر رہا ہو، وہ جو ان کے احکام ہیں یا ان کی authority ہے، وہ معتبر ہے اور ان پر یقین کرنا لازم ہے۔

اب گزشتہ چند دنوں یا ہفتوں میں کیا ہوا ہے۔ ایک High Court of England کی بھی اس میں یہ ایک خبر ہے۔ جناب وزیر اعظم کے خاندان کے خلاف، ان کی ایک off shore کمپنی کے خلاف ۳۲ ملین پاؤنڈ کی decree ہوئی ہے۔ اس میں یہ نہیں ہے کہ ابھی تفتیش شروع ہوئی ہے، ابھی وہ دعویٰ داخل ہوا ہے، ابھی وہ زیرسماعت ہے۔ decree ہوگئی، judgement آگئی ہے کہ انہوں نے ایک پیسہ، ایک دھیلا، ایک penny، ایک پنس، ایک شلنگ repayment میں، ادائیگی میں، اس قرضے کے سلسلے میں نہیں دیا۔ یہاں تک عالم ہے چونکہ جناب چیف منسٹر پنجاب اس میں ملوث ہیں، اس میں respondent ہیں۔ ان کے خلاف decree ہوئی ہے۔ اب وہ لندن جانے سے قاصر ہیں۔ جس طرح ان کے فنانس منسٹر، قاضی فیملی منی لانڈرنگ کیس کی وجہ سے اب لندن نہیں جاسکتے۔ یہ دونوں اصحاب نہیں جاسکتے۔

اب یہ ہے جناب چیئرمین کہ بی بی سی ادھر ایک بڑا موقر، معتبر، مستند نشریاتی ادارہ ہے۔ ان کے مطابق وہ ایک فلم بنا رہا ہے۔ انہوں نے کارروائیاں باقیوں کے خلاف شروع کر دی ہیں۔ ساتھ ساتھ انہوں نے ایک اور کارروائی شروع کر دی۔ وہ آپ سمجھیں کہ ان کے اپنے اوپر ان کے معتبر ذرائع اور معتبر اداروں سے جو مستند ثبوت، جو الزامات سیدھے آ رہے ہیں--- اس پر اب انہوں نے ایک deflect کرنے کی کوشش یہ بھی کی ہے کہ جو اپوزیشن میں اس جانب بیٹھے ہیں، اس جانب سے جو معتبر حضرات ہیں ان پر اب الزامات کی بھرمار شروع کردیں۔ کل تک اجمل خٹک صاحب آپ کے ساتھ تھے۔ دس سال آپ کے ساتھ رہے۔ اس وقت تو آپ کو ان میں کوئی برائی نظر نہیں آئی۔ تو آپ کا یہ مطلب ہے کہ آپ کی alliance تھی۔ ایم کیو ایم بھی اسی

طرح آپ کی ساتھی رہی ہے-----

Mr. Chairman: I don't know about the spokesman, but I can tell you that the Prime Minister has the highest regard for Ajmal Khattak and for Wali Khan, that I know first thing.

Ch. Aitzaz Ahsan: Are you the spokesman of the Prime Minister?

Mr. Chairman: I know personally because I have also great respect for them.

تو آپ ان کی ذات کو متنازعہ نہ بنائیں-

Ch. Aitzaz Ahsan: Sir, we don't know anything personally.

اپنی personal knowledge استعمال نہ کریں-

جناب چیئرمین- spokesman پتہ نہیں کون ہے؟

چوہدری اعتزاز احسن- جناب آپ کیا بات کر رہے ہیں- Have the highest regard آپ فرماتے ہیں- جناب کیا یہ اس spokesman کو dismiss کریں گے--------- یہ spokesman مسلم لیگ کے شروع ہوتے ہیں- انفارمیشن سیکرٹری' ان کے فیڈرل انفارمیشن سیکرٹری' اور ان کے فیڈرل انفارمیشن منسٹر اور وزیر اعظم جو کہ صدر ہیں مسلم لیگ کے- ان کے جو پریس سیکرٹری ہیں- یہ ان تین چار جو بڑے عہدے داروں میں سے ہیں- کسی ایک کو آج dismiss کریں گے؟ اگر آپ کی بات کو تسلیم کر لیا جائے- اول تو جناب چیئرمین! آپ اس چیئر پر بیٹھے ہوئے ہیں- میں مسلم لیگ کے صدر اور مسلم لیگ کے موقف کے بارے میں بات کر رہا ہوں- مسلم لیگ کا موقف جو میں اس وقت سمجھا ہوں اس خبر کے ذریعے ----

جناب چیئرمین- وہ point of order یہ بات منٹ صاحب نے کر دی ہے- میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ let us go on کون جواب دے گا- میں یہی تو پوچھنا چاہ رہا ہوں- مسلم لیگ spokesman کا جواب کون دے گا؟

چوہدری اعتزاز احسن۔ آپ یہ کہتے ہیں کہ جی point of order آئے گا' ادھر سے جواب آئے گا۔ ابھی جواب آنے سے پہلے۔

جناب چیئرمین۔ کون دے گا جواب ؟ Would you like to reply to this میں یہی تو پوچھ رہا ہوں۔

چوہدری اعتزاز احسن ۔ پارلیمنٹری افیئرز کے منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں ۔ وہ ہر فن مولا تو بیٹھے ہوئے ہیں ۔میرا مطلب ہے جی کہ امرت دھارا تو میاں یسین خان وٹو صاحب ہیں ' جب کوئی اور نہ ہو آپ کے پاس ۔جناب میری گزارش ہے' مجھے یہ لگتا ہے کہ مسلم لیگ نے' پاکستان مسلم لیگ جو نواز گروپ ہے' مسلم لیگ اس کو کہنا غلط ہے ۔ یہ قائد اعظم کی مسلم لیگ نہیں ہے ۔مٹہ صاحب نے اس کی تعریف درست فرمائی ہے لیکن لگتا یوں ہے' میں ایک پنجابی سیاستدان کے طور سے' دکھ سے کہہ رہا ہوں کہ انہوں نے یہ سوچ لیا ہے 'فیصلہ کر لیا ہے کہ پنجاب کو وفاق سے علیحدہ کرنا ہے ۔ الزام چھوٹے صوبوں پر لگانا ہے ۔الزام ان پر دھرنا ہے ۔ان کی دہلیز پر جا کر یہ الزام دھرنا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ ہم پنجاب میں زیادہ بہتر حکومت کر سکتے ہیں۔ یہ رائے ونڈ کا خاندان ہے۔ ان کا یہ فیصلہ ہے ۔میں اس کی مذمت کرتا ہوں ۔ اس کی سختی سے مذمت کرتا ہوں ۔ہم نے وفاق بچانا ہے ۔ہم نے وفاق کو رکھنا ہے ۔ہم نے کوئی اس قسم کی متنازعہ باتیں نہیں کرنی جس طرح یہ کرتے ہیں ۔

جناب آصف بھوجا کا قتل ہو رہا ہے سندھ میں اور اس کی تفتیش کی رپورٹ آئی جی پنجاب رانا مقبول آ کر چیف منسٹر پنجاب کو دیتا ہے۔ چیف منسٹر پنجاب جا کر ورلڈ بینک والوں سے مذاکرات کرتا ہے۔ چیف منسٹر پنجاب جا کر State Department والوں کے ساتھ مذاکرات کرتا ہے۔ چیف منسٹر پنجاب اسلام آباد میں بیٹھ کر ساری حکومت کو run کرتا ہے۔ دوسری حکومتوں کو وہ run کرتا ہے' وہ چلاتا ہے۔ یہ چیز کہ فیصلہ کیا ہوا ہے۔ پھر ایسے ایسے اعلانات کر دیتے ہیں بغیر سوچے سمجھے ۔کہتے ہیں جی کہ ہم یہ بنائیں گے وہ بنائیں گے۔ جو وفاق کا پانی ہے اس کو ہم صرف بنائیں گے یا کریں گے۔ کالاباغ ڈیم کا جس طرح اعلان کرتے ہیں' جناب چیئرمین! یہ رائے ونڈ خاندان ہے۔ ایک ان کا خیال ہے کہ شاید ہم آئندہ سارے پاکستان پر حکومت نہ کر سکیں۔ ان کو معلوم ہو گیا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ ہم سارے پاکستان پر شاید

حکومت نہ کر سکیں۔ شاید کیا یقیناً نہیں کر سکیں گے لیکن ان کا خیال ہے۔ انہوں نے یہ منصوبہ بنایا ہے کہ ہم پنجاب کو علیحدہ کریں' اس کو اپنا fortress بنائیں اور اس میں اپنی حکمرانی کریں۔ یہ سب کے سب منصوبے ان کے ہیں۔ یہاں تک کہ investment ہر چیز میں کر رہے ہیں۔ میں بطور پنجابی ان کو کہنا چاہتا ہوں' پاکستانی پہلے ہوں اور پنجابی بھی ہوں' کہ جناب چیئرمین یہ ان کا منصوبہ ہم کامیاب ہونے نہیں دیں گے۔ چاہے یہ پیچھے سے کسی بزرگ کا منصوبہ ہے۔ ہم انہیں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ ان کی حکمرانی نہ پاکستان پر نہ بلوچستان' فرنٹیر یا سندھ پر رہے گی۔ ان کی حکمرانی پنجاب میں بھی نہیں رہ سکتی۔ یہ ممکن نہیں کہ اس طرح کے منصوبے کامیاب ہو سکیں۔

**جناب چیئرمین۔** جی جناب ڈاکٹر حئی صاحب۔ جی اجمل خٹک صاحب۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک۔** جناب والا! میرا نام آیا ہے اورمسلم لیگ کے spokesman کے نام سے ان خبر میں دو کالم کی سرخی لگی ہے۔ Anti Pakistan And Anti Islam Agenda آگے بڑھانے کا مجھ پر الزام لگایا گیا ہے۔ اس لئے آپ مجھے موقع دیں گے کہ میں اس بارے میں جو کچھ کہنا چاہوں' کہوں۔

**جناب چیئرمین۔** اجمل خٹک صاحب! فرمائیں جی۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک۔** نمبر 1 ۔ جناب والا! یہ کسی مسلم لیگی spokesman کی طرف سے ہے۔ میں کہتا ہوں کہ قائداعظم کی مسلم لیگ ہو ' خواہ رائے ونڈ کی مسلم لیگ ہو' ان میں سے اگر کسی میں جرأت ہے کہ اپنے نام سے وہ ایسا بیان دے تو میرے پاس ثبوت موجود ہیں اور میں منہ توڑ جواب دے سکتا ہوں مسلم لیگ کو' خواہ رائے ونڈ لیگ ہے یا قائداعظم لیگ ہے' میں قائداعظم لیگ کے بارے میں اس وقت کچھ کہنا نہیں چاہتا ' اگر ان کی طرف سے بھی کچھ کہا گیا تو میری درخواست ہو گی ان سے جن کو قائداعظم مسلم لیگ سمجھتے ہیں ' وہ اپنا منہ بند رکھیں کیونکہ ہمارے لیڈر نے پاکستان بنتے ہی کوشش کی تھی کہ ہم مفاہمت کریں اور ہمارے منہ بند رہیں ۔ ان کی طرف سے نہیں چاہا گیا لیکن اپنے لیڈر کا احترام کرتے ہوئے ہم اس بارے میں منہ بند رکھنا بہتر سمجھتے ہیں لیکن اس مسلم لیگ سے بھی اس گزارش کے ساتھ کہ کوئی ہمارے ساتھ چھیڑ چھاڑ نہ کرے ورنہ ہمیں لوگوں کے ماں' باپ' دادا تک کی history معلوم ہے

اور یہ زبانی نہیں، ہم تاریخ سے ثابت کریں گے، یہاں بھی اور دوسرے سٹیجوں پر بھی ثابت کریں گے لیکن اس سے کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔

میری کل کی تقریر عوامی رائے، قومی رائے اور قومی اعتماد کی تقریر تھی۔ اس کے بعد اس بات کا نکل آنا اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ موجودہ حکمران اس ملک میں قومی رائے اور قومی مفاہمت پیدا کرنے کی بات تک سننے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ ہم آخری دم تک کوشش کریں گے کہ ان کی آنکھوں سے پٹی اتر جائے، ان کی عقل سے آمریت کا نشہ اتر جائے اور یہ قوم کا اعتماد اور قومی اتحاد حاصل کرنے کی کوشش کریں گے، اگر نہیں کریں گے تو اس کی ذمہ داری ان پر ہو گی۔ بہرحال اگر spokesman میں جرأت ہے، کسی میں جرأت ہے تو وہ کھل کر میدان میں آ جائے۔ کہا گیا کہ میں اس ایجنڈے پر آیا ہوں اور کہتے ہیں کہ جماعت اسلامی، پیپلز پارٹی کا ہمارے ساتھ اتحاد تھا۔ جناب چیئرمین صاحب! نہیں، نہیں۔ میں اس stage پر اعلان کرتا ہوں کہ انہوں نے تھوڑے نام لئے ہیں۔ ہم کوشش کرتے ہیں کہ اے این پی، پی پی پی، جماعت اسلامی تو کیا سب کو اکٹھا کریں۔ انہوں نے کھر کا نام لیا ہے، میں اس کو نہیں چھیڑتا۔ فاروق لغاری، عمران خان کا بھی نام لیا گیا ہے، ان کو بھی نہیں چھوڑا۔ جمعیت علماء کو چھوڑا ہے۔ ایئر مارشل اصغر خان کا نام نہیں لیا ہے۔ طاہر القادری کا نام نہیں لیا ہے، اسلم بیگ کا نام نہیں لیا ہے۔ حمید گل کا نام نہیں لیا ہے۔

جناب والا! میں بتا دوں کہ ہماری کوشش یہ ہے کہ ان سب کو ایک پلیٹ فارم پر لے آئیں، اگر یہ لوگ اسی پاکستان کے ہیں، اسی اسلام کے ہیں تو جو ہمارا ایجنڈا ملک چلانے کا ہے، پہلے ملک بچانے کا پھر ملک چلانے کا، میں ایک سال سے پورے ملک میں گھوم رہا ہوں، ملک بچانا اور ملک چلانا میرا نعرہ ہے اور میں سب سے ملنا چاہتا ہوں۔ ان کی نظروں میں ایم کیو ایم آج گردن زدنی ہے لیکن میں آپ کو بتا دوں کہ یہ لوگ الطاف کے گھر جا کر، چلتن، انٹرکانٹی نینٹل میں ان کے ساتھ تنہا بیٹھ کر کیا کرتے رہے۔ مجھے کس لئے بھیجا۔ آج بھی ہم یہ نہیں کہتے کہ کوئی غلط کام کرے اور اس کی باز پرس نہ ہو، لیکن یہ کہتے ہیں کہ غلط کو غلط کہنے والے آج غلط کہتے ہیں، کل پاؤں پڑتے تھے۔ جیسے آپ نے کہا میں تو ان کا لیڈر تھا۔ پاکستان بھر کے لوگ جانتے ہیں۔ تحریک نجات میں، میں ان کا دایاں ہاتھ تھا اور یہاں تک کہوں گا کہ وہ لاہور میں اپنے گھر سے نہیں نکل سکتے تھے۔ صبح سے رات تک میں منت کرتا تھا کہ باہر نکلنا چاہیئے۔ یہ باتیں

کرنے کی نہیں ہیں۔ آج میں پاکستان میں وہ agenda چلا رہا ہوں جو anti Pakistan ہے۔ میں 17 سال افغانستان میں رہا ' باہر رہا ' میں challenge کرتا ہوں کہ کوئی ثابت کرے کہ ایک لفظ بھی anti Pakistani میرے منہ سے نکلا ہو یا میرے قلم سے نکلا ہو۔ ہاں ایک بات ضرور ہے' اگر پاکستان نواز شریف ہے' شریف خاندان ہے' رائے ونڈ ہے تو ایسے پاکستان کو نہ ہم مانیں گے اور نہ ماننے کے لئے تیار ہیں۔ وہ لوٹ مار ہے' وہ پاکستان نہیں ہے' وہ آمریت ہے' وہ پاکستان نہیں ہے۔ ہم انگریزوں سے لڑے ہیں تو غلاموں کے غلاموں سے کیسے ڈریں۔ چیئرمین صاحب! خفا نہ ہوں' اصل مسئلہ یہ ہے کہ ----

**جناب چیئرمین۔** اب مہربانی کر کے wind up کر لیں کیونکہ اب ٹائم ختم ہو رہا ہے۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک۔** آپ کے لئے ٹائم اہم ہے' ہمارے لئے پاکستان اہم ہے' یہ قوم اہم ہے' ان کی یکجہتی اہم ہے' ان کا اتحاد اہم ہے' چوروں کو چور ثابت کرنا اہم ہے اور ان کے وفاداروں کو' ان کے مخلصوں کو' ان کی خدمت کرنے والوں کو میں جتا دینا چاہتا ہوں کہ ہم نے نہ صرف یونٹی بنائی ہے بلکہ یونٹی کا یہ فیصلہ ہے کہ ایسے سب لوگوں کو جو ملک بچانا اور چلانا چاہتے ہیں ' ان کو ایک پلیٹ فارم پر لایا جائے۔ آج یہ پردے کے پیچھے بیٹھ کر الزامات لگاتے ہیں ' یہ الزامات تو آج کے ہیں مجھے تو 1953ء میں پھانسی تک پہنچایا گیا تھا۔ میرے لیڈر کو حیدرآباد پہنچایا گیا تھا۔ کیا کچھ ہمارے ساتھ نہیں ہوا - قیوم خان نے کیا نہیں کیا - کس نے کیا نہیں کیا۔ غداری کے الزامات - میں نے کراچی میں کھڑے ہو کر کہا کہ حسن ناصر جیسے لوگوں کو' ہم جیسے لوگوں کو اس ملک میں غدار کہا جاتا ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ غداری کا لفظ وفاداری' قوم پرستی اور وطن دوستی کی علامت بن گیا ہے۔ ہمیں ان کے الزامات اور یہ' challenge قبول ہیں' لیکن نہایت افسوس سے کہتا ہوں کہ یہ لوگ جس طرف ملک لے جا رہے ہیں' آپ کو خدا زندگی دے' صحت دے اور آپ دیکھیں گے کہ ہم اس طرف نہیں لیجائیں گے' بربادی کی طرف نہیں لیجائیں گے' خرابی کی طرف نہیں لیجائیں گے' تعمیر کی طرف لیجائیں گے۔ یہ کہتے رہیں جو انہوں نے کہنا ہے۔ پچاس سال سے ہمیں غدار کہا گیا ' یہ ثابت کریں کہ ہم نے پچاس سال میں کہاں اور کیا غداری کی - کوئی پچاس سال تک اتنے الزامات سنے ' اتنی مصیبتیں اٹھائے' اس

کے بعد بھی کہنے کہ قائد اعظم، قائد اعظم ہے، پاکستان ہے، پاکستان، ہمارا ملک، ہمارا ملک ہے۔ خدا نہ کرے، کہنے کی ضرورت نہیں ہے کہ ان میں سے کون ہے جو اس غریب گوہر ایوب کو، اس باپ کے بیٹے کو۔۔۔۔ اس کا جو انجام ہو رہا ہے میں اس طرف نہیں جاتا، یہ مسلم لیگ کا داخلی معاملہ ہے۔۔۔

بہرحال میں نے کہنا یہ ہے کہ یہ الزامات ہمیں منظور ہیں لیکن ساتھ یہ بھی کہہ دوں کہ ہم ملک بچانے اور چلانے کے ایجنڈے کو نہیں چھوڑیں گے اور نہ ہی رکیں گے۔ آپ دیکھیں گے کہ یہ الزامات لگانے والے ۔۔۔ میں تو شرافت سے کام لیتا ہوں ورنہ میرے نام پر دوسو سے زیادہ پلاٹ کس نے اپنے لوگوں کے نام الاٹ کئے اور الزام مجھ پر لگایا۔

(Voices: Shame, Shame.)

**جناب محمد اجمل خان خٹک۔** میں تو کئی بار چاہتا تھا ۔ ان کی حکومت میں تین بار میں نے کوشش کی کہ مقدمہ کروں اور میرے ساتھی گواہ ہیں ۔ لوگ گواہ ہیں کہ مجھے منع کیا گیا کہ ہم کریں گے۔ کیوں نہیں کرتے، ثبوت موجود ہے، فائل موجود ہے، لوگ موجود ہیں، وہ پلاٹ انہوں نے، نواز شریف نے اپنے لوگوں کو دیئے اور نام میرا بدنام کیا۔ میں challenge کرتا ہوں، یہ میرے پاس محفوظ ہے، میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں کہ اپنا بدلہ کسی اور کے ہاتھ میں دوں اور بدلہ لینے والا بھی نہیں ہوں ۔ ہم بھائی چارہ چاہتے ہیں۔ کوئی الزام لگائے یا ظلم کرے۔ اگر پاکستان کے مستقبل کے لئے، تعمیر کے لئے کوئی تیار ہے تو آج بھی ہم اس کو سینے سے لگانے کے لئے تیار ہیں۔ کل میری تقریر مفاہمت کی تقریر تھی۔ میں بتا دینا چاہتا ہوں کہ یہ عمل جو جاری ہے، ہم پاکستان کے مخالف نہیں ہیں، یہ عمل پاکستان کا مخالف ہے۔ اور میں چیلنج کرتا ہوں کہ ہم رہیں گے یہ لوگ نہیں رہیں گے ۔ ہمارے ساتھ نہ چھیڑیں ۔ ورنہ میں نے بار بار کہا ہے کہ بدخشاں سے لے کر چاغی تک پورے پہاڑ ہمارے ہیں یا بلوچوں کے ہیں یا افغانوں کے ہیں ۔ کہہ دیتا ہوں کہ ہم نہ چاہیں تو آپ کی کوئی پالیسی کامیاب نہیں ہوسکتی۔ دنیا والے بھی باخبر ہیں ۔ ہم چاہیں تو آپ میدانوں میں آرام سے نہیں بیٹھ سکتے۔

**جناب چیئرمین۔** بہت مہربانی۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک۔** خدا کے لئے! ہم ارادہ کرچکے ہیں کہ میدان بھی

ہمارے ہیں، پہاڑ بھی ہمارے ہیں، ملک بھی ہمارا ہے، قوم بھی ہماری ہے ۔ اس طرف بڑھیں، قومی رائے، قومی اتحاد کی بنیاد پر اپنی مسلم لیگ کو سنبھالیں۔ ہمارا ساتھ کیسے دیں گے۔ اس طرف پھر نہیں جاتا۔ میں نہیں ڈرتا الزامات لگائیں جو بھی چاہیں کریں خون کے ایک قطرے سے ہزاروں بہادر پیدا ہوں گے۔ یہ تاریخ ہے اور الزامات لگانے سے ان کا منہ کالا ہوگا ۔ اس لئے میں ختم کرنے سے قبل یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ اگر یہ سمجھیں کہ یہ مسلم لیگ کا منشور ہے اور اس پر چلتے ہیں پھر یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ اگر ہم بلاشبہ پیپلز پارٹی سے بھی اتحاد کریں گے ۔ ایم کیو ایم سے بھی کریں گے۔ اکبرخان بگٹی کے ساتھ بھی کریں گے اس کا میں نے پہلے نام نہیں لیا۔ سب کے ساتھ کریں گے اس لئے کریں گے کہ Anti Pakistan, Anti Islamic جمعیت العلماء کا نام نہیں لیا۔ جو ہمارا تاریخی دوست، تاریخی بھائی تھا مفتی محمود اور فضل الرحمان۔ ہم سب انشاء اللہ اس ملک کے لئے ایک ہیں اگر ان کو اس سے یہ خطرہ ہے تو یہ خطرہ بجا ہے۔ بجائے اس کے کہ ہم سے ٹکر لیں پہلے استعفیٰ دے دیں آرام سے بیٹھ جائیں۔ ہم ضمانت دیتے ہیں کہ آپ کی عزت محفوظ رہے گی اور اگر ٹکر لینے کے موڈ میں ہیں تو یہ چیلنج ہم پھر بار بار قبول کریں گے ۔ یہ چیلنج ہی نہ دیں تو بہتر ہے ۔ اور یہ کہیں کہ اس کی ذمہ داری نہیں لیتے ہیں، اگر ذمہ داری لیتے ہیں اس کے معنی ہیں کہ ہمیں چیلنج دیتے ہیں ۔ چیلنج دیتے ہیں تین صوبوں کو، چار صوبوں کو، اورسنیں پنجاب میں بھی آپ دیکھیں گے کہ پنجاب کے عوام، محروم عوام کی یہ حالت ہے کہ عوام ان بڑوں اور ان نئے بڑوں اور ان آمروں کے خلاف پنجاب امنڈ رہا ہے۔ اور نہ صرف یہ صوبے بلکہ پنجاب بھی ہمارے ساتھ ہوگا ۔ اس لئے یہ چیلنج اگر ہمیں دیتے ہیں تو اس سے باز آ جائیں اور اگر اس کی ذمہ داری لیتے ہیں تو لیں نہیں تو صاف کہیں یہ تلاش کریں کہ یہ کس نے کیا ہے۔ کون ہے اس میں مسلم لیگ کا۔ بتا دیں، پہلے بتا دیں۔

**جناب چیئرمین۔** خٹک صاحب! میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک۔** مسلم لیگ اس کو سزا دے۔ یہ ہمیں تعمیر اور ملک بچانے اور چلانے کا راستہ ہے اس سے وہ توکوشش کرتے ہیں کہ دوسری طرف دھکیلیں لیکن ہم چاہتے ہیں کہ خدارا یہ کام نہ کریں ۔شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین - بہت مہربانی - جی جناب Now we proceed with the President's Debate آدھ گھنٹہ ہو گیا ہے جی - کون ہے next speaker

حافظ فضل محمد- جناب میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں -

جناب چیئرمین- آدھ گھنٹہ رکھا تھا آپ کے سامنے بیٹھ کر فیصلہ ہوا تھا میں نے تو نہیں کیا، آپ نے کیا ہے- نہیں جی روز کا یہ فیصلہ ہے - جمیل الدین عالی صاحب جی - مہربانی حافظ صاحب- نہیں، مجھے مجبور نہ کریں ہم سب نے بیٹھ کر یہ فیصلہ کیا ہے - کل کر لیں اس کو - جی جمیل الدین عالی صاحب تقریر کریں اس کے بعد پھر دیکھیں گے کوئی point of order نہیں - جمیل الدین عالی صاحب-

**Dr. Jamiluddin Aali**: Sir, it has become a tradition to comment regularly every year on the Address of the President but I have found , in the past two years , that it is a very non-productive tradition . So far as the past two years are concerned very major and very important comments were made on the speech in the National Assembly as well as in the Senate but the Government has not taken notice of it for the purposes of any further progress , for taking wisdom from these speeches, for giving any serious attention to what is said by eminent speakers and senior politicians. Nevertheless , since it is a tradition and I think that nothing , what I attempt to say , will be seriously considered by the government because they are not used to consider serious suggestions. They have their minds. They have their own interests. They have their own vested interests also.

Sir, except some pious words , the President's speech has not impressed me. I am one of the signatories of the resolution i.e., proposing amendment alongwith certain friends here , in my independent capacity because I am not a party member. I am not even a regular member of the Opposition or the

Combined Opposition, I just sit here because you have allotted me a seat, I like to keep sitting here unless you change it, but I have signed an amendment resolution which will come before the House, with your permission and it does not approve of the President's speech.

Sir, I would only say that besides some sour points, the only happy point, the only good point in the President's speech is what concerns the great" Chaghi" event. If you can call it the achievement of this government and, of course, there has to be a government on a particular day and if it does a good thing, if it does a thing that is required then it has to be admired for that. Even though it is felt that it was inevitable, it had to happen, whatever the government did, it had to happen. We had to answer India. We had to establish our credentials in respect of our preparation of atomic energy, we had to establish that. We had to do what we did, nevertheless that is where we admire the government and we admire that point in the speech of the government.

We also answered in" Pokhran" event like" Chaghi" very successfully and we have gone into history with that. Immediately thereafter, it was not necessary for the government to impose emergency and take advantage of the people's happiness that was evident that evening. I think, they misused this occasion and they imposed the emergency without sound reasons and as we have seen, later on, the Supreme Court upheld certain objections of the petition that was filed against the freedom of expression, particularly, about Section 19. The Supreme Court did uphold what people were clamouring against this government blind decision that evening.

Secondly, the other sour point is the news that foreign exchange of the people was confiscated without any prior announcement. While the

government could do this that they could have held exchange for one day. They could stop the exchange transaction for two days and could announce to the people by making appeal and also declaring their intention that this has become inevitable. The exchange had to stay in the country, so we are going to do this. That would have not allowed them to be called such people who do not fulfil their promises, that has taken them to a very bad end, sir. Inspite of whatever explanations they have made, they are not regarded as reliable people and that is why, you see, they are holding conferences here and there, inviting investors and I think, they are not the investors of any repute or something, these are just show pieces, they are holding these conferences and they are making announcement that this conference was successful, that conference was successful. Why you hold so many conferences when you have a potential. If people believe in you, if people trust you, they would come on their own. This country is so much full of potential, it has become a *cleche*, it has become a platitude to repeat this that this country is full of potential, there are resources, there are people, there are hardworking people, there is good weather for things to produce and for our crops and you see, everything we mention, this is there. All the resources are there. But still, why people are not coming to invest? Sir, it is because, apart from a couple of other handicaps, they do not trust this Government that it will keep its words. You can put two billion O.R.O. and they will say there is an emergency of this sort and we confiscate.

So, they have to do a lot of things to earn a reputation. They have to do, I don't know how much, that is a question of a Committee's consideration, they have to take steps and steps and steps to attract people's investment, their own people, Pakistani people. I have been abroad after this *Chaghi* event and I

found that our men, our people were sceptical about. Although they all love to invest, although they all are very happy about *Chaghi* event, they are very proud of *Chaghi* event, they are very proud of being Pakistani, they were always but they are far more proud today on being Pakistani because of *Chaghi* event. We feel safe, we feel great, we are one of the seven and so on.

Nevertheless, their credibility, I think, is still zero in that and I think, they have got to improve a lot by deeds and deeds and not words.

Sir, what I have noticed in the past two years, actually we are talking of past year and in that, I have noticed, that now the whole system is being run on the basis of the tyranny of majority, that is what I think, Desroili used this idiom, in the past century, there was a Prime Minister of England and he was a very strong Prime Minister and he was also in the Opposition...

**جناب چیئرمین:** اب wind up کرلیں عالی صاحب۔

**ڈاکٹر جمیل الدین عالی:** جناب آپ نے مجھے دس منٹ دیئے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** میں اسی لئے آپ کو warning دے رہا ہوں کیونکہ صرف دو منٹ اور رہ گئے ہیں۔ آٹھ منٹ پر I will give a warning تا کہ آپ دس منٹ پر wind up کرلیں۔

**ڈاکٹر جمیل الدین عالی:** آپ ایک آدھ منٹ میرا بڑھا دیجیئے گا از خود۔

**جناب چیئرمین:** ایک ایک منٹ بڑھاؤں گا تو 87 منٹ بڑھ جائیں گے۔ تو پھر میں کیا کروں گا۔

**ڈاکٹر جمیل الدین عالی:** بہر حال جناب میں جانتا ہوں کہ میں معتوب کلاس میں سے ہوں ' اس لئے میں کوئی protest نہیں کروں گا کیونکہ ایک معتوب ' معتوب ہی رہتا ہے۔ جناب والا! پھر تو مجھے اپنی ساری باتیں آگے لے جانی پڑیں گی۔ مجھے کہنا یہ ہے کہ جو اجمل خٹک صاحب کی تقریر تھی اور جو پورے سال میں اس ہاؤس میں تقاریر سنیں----- میری امید اللہ تعالیٰ کے حکم سے پاکستان کے مستقبل سے وابستہ رہتی ہے ' چونکہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ مایوسی

کفر ہے، لیکن جناب! جس قسم کی باتیں یہاں ہوتی رہی ہیں اور خاص طور پر آج تو میں نے ایک conclusion بھی دیکھا، تو جناب میرا جو سب سے بڑا subject رہا زندگی میں اور آپ کا بھی ہوگا وہ ہے قومی یکجہتی اور وہ مجھے پارہ پارہ ہوتی ہوئی لگتی ہے۔جناب! اس کی وجہ حکومت جانے یا اپوزیشن یا وہ افراد جانیں۔۔۔

جناب چیئرمین: مہربانی کرکے آہستہ بولیں۔ حاجی صاحب آپ کی آواز disturb کر رہی ہے۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی: جناب ہم تو ہیں ہی disturbance کے لئے۔ جناب یہ باتوں میں ایک بات ہے، یہ نقطوں میں ایک نقطہ ہے، ساری چیزیں اس سے flow کرتی ہیں کہ اگر آپ کی یہ cleche نہیں ہے، اگر یہ حالت ہے قومی اتحاد کی طرف حکومت کے بڑھنے کی یا اپوزیشن کے حضرات کے اقدامات کی اور ان کے followers کی، ظاہر ہے حکومت کے بھی followers ہیں اور ان کے بھی followers ہیں، اگر ہمارے یہ اتنے بڑھی مان منتخب لوگ اور ان کے پیروکار، آپ کے ہوتے ہوئے، وزیر اعظم کے ہوتے ہوئے، صدر صاحب کے ہوتے ہوئے، اسپیکر صاحب کے ہوتے ہوئے اس طرح لڑ رہے ہیں تو میں آپ کی توجہ آخر میں اس طرف دلاؤں گا کہ آپ خدا کے لئے میری بات نہ سنیئے، کسی اور کی بات نہ سنیئے، یہ سب cleche سمجھ لیجئے۔ آپ ونڈورا کی بات کرتے ہیں، ونڈورا کوئی بہت بڑا پیش گو آدمی نہیں ہے لیکن بڑی study کرکے اس نے اپنے views دیئے ہیں۔ اس نے ایک کتاب لکھی تھی Story of Civilisation. گیارہ جلدوں میں ہے، میں اس ہاؤس کو دعوت دیتا ہوں کہ اس کی گیارہویں جلد جس کا عنوان ہے Lesson of History, اسے پڑھیں۔ جناب! ایک آدمی جو طالب علم ہو، وہ تو اسی طرح کی بات کر سکتا ہے کیونکہ نہ میں کوئی سیاست دان نہیں ہوں، لڑنے مرنے والا نہیں ہوں، میں آپ کے ذریعے خدا کا واسطہ دیتا ہوں حکومت کو، کابینہ کے اراکین کو اور اپوزیشن کے راہنماؤں کو بھی کہ وہ کم از کم اسے پڑھ لیں اور اگر پڑھ رکھا ہے تو اسے دوبارہ پڑھ لیں۔ ونڈورا کی کتاب ہے جس کا میں نام لے رہا ہوں Lesson of History, اور اس کا گیارہواں باب ہے۔ خدا کے لئے اس کو ملاحظہ کرلیں ورنہ نظر یہ آتا ہے کہ ہم بہت تیزی سے پہاڑ سے پھسل رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین :** بہت مہربانی۔

**ڈاکٹر جمیل الدین عالی :** میں بیدل کے ایک شعر پر ختم کروں گا چونکہ پرسوں مولانا نے فارسی شعر پر اکسا دیا تھا۔

**جناب چیئرمین :** بس آپ شعر پڑھ دیں کیونکہ گیارہ منٹ ہو گئے ہیں۔

**ڈاکٹر جمیل الدین عالی :** آپ پڑھنے دیں گے تو پڑھ دوں گا۔ کیونکہ بیدل کا شعر ہے کسی معمولی آدمی کا شعر نہیں ہے۔ فارسی کا ہے، میں ترجمہ کر دوں گا۔

غلطی زنی یک سنگ ازیں کوہ بلند

پہلوئے ہزار سنگ می گرداند

یعنی ایک پتھر اگر پہاڑ سے لڑھک پڑے تو اس کے راستے میں جتنے پتھر آتے ہیں وہ لڑھکتے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ جہاں جا کر گرتے ہیں اس جگہ کو تباہ کر دیتے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ قومی یکجہتی کے خلاف خدانخواستہ پتھر چل پڑیں گے۔

**جناب چیئرمین :** شکریہ۔ جی ڈاکٹر جاوید اقبال۔ اور جو غیر حاضر ہے اگر آپ کی اجازت ہو تو پھر اس کو دوبارہ موقع نہ دیا جائے۔ O.K. جی۔

**جناب جسٹس (ریٹائرڈ) جاوید اقبال :** جناب میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ صدر صاحب کی تقریر کا جہاں تک تعلق ہے انہوں نے حکومت کی کارکردگی کے متعلق comment کیا ہے جو مختلف شعبوں میں گزشتہ سالوں میں ہوئی ہے اور اچھا comment کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان نیوکلیئر ملک بن چکا ہے۔ اس کے ساتھ ہی بہتر معاشی حکمت عملی جو حکومت نے اختیار کر رکھی ہے اس سے حالات بہتر ہو رہے ہیں۔ موٹر وے کے ذریعے قومی مقاصد کی تکمیل ہو رہی ہے۔ تعلیمی پالیسی کا ذکر کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ذرائع ابلاغ اور خواتین، تعلیم، صحت، فلاح و بہبود کا ذکر کیا ہے اور مردم شماری کا ذکر کیا ہے جو ایک اہم واقعہ ہے اور ساڑھے تیرہ کروڑ تعداد اس وقت پاکستانیوں کی ہے۔ لیبر پالیسی کے متعلق comment کیا اور اس طرح مختلف چیزوں کی تعریف کی گئی ہے جو حکومت کی طرف سے کی گئی ہیں۔ میں ان کا ذکر نہیں کرنا چاہتا۔ انہوں نے کچھ تجاویز بھی دی ہیں، میں ان تجاویز کا ذکر کروں گا اور ان پر کچھ comment کرنے کی کوشش کروں گا۔

ایک تو وہ فرماتے ہیں کہ جمہوریت کی بقا کے لئے غیر جمہوری رویوں کو ختم کرنے اور منتخب ایوانوں کا احترام کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے متعلق انہوں نے یہ نہیں جتایا کہ کس طرح ان کا احترام کیا جائے اور کس طرح غیر جمہوری رویوں کو ختم کیا جائے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جمہوریت کی بقاء کے لئے غیر جمہوری رویہ ، جس کا اظہار یہاں بھی اکثر ہوتا رہتا ہے ، کو بھی ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ ایوان بالا ہے اور یہاں اس قسم کی صورت پیدا نہیں ہونی چاہیئے کہ ایک دوسرے کے متعلق وہ محسوس کریں کہ فلاں غدار ہے ، فلاں غدار نہیں ہے۔ یہ رویے اب ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس لحاظ سے صدر صاحب نے ہمیں اس ضرورت کا احساس دلایا ہے۔ اس پر ہمیں غور کرنا چاہیئے۔

دوسری ضرورت کی طرف انہوں نے اشارہ کیا ہے ، وہ فرماتے ہیں کہ پارلیمنٹ کا بنیادی فریضہ قانون سازی ہے جس کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہاں ہم سب اسی لئے آتے ہیں اور ٹیکس دینے والوں کی بدولت یہاں ٹی اے ، ڈی اے بھی لیتے ہیں اور تنخواہیں بھی لیتے ہیں کہ قانون سازی کریں مگر قانون سازی تو برائے نام ہی ہوتی ہے ۔ چونکہ اکثر وقت ایک دوسرے پر کیچڑ اچھالنے میں ہی گزر جاتا ہے۔ اب میرا پانچواں سال سینٹ میں ہے اور میں دیکھ رہا ہوں کہ کبھی بھی اس قسم کی قانون سازی کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی جس میں میرے جیسا شخص کوئی حصہ لے سکے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یا تو آپ یہ طریقہ کار اختیار کریں سب کی ایما پر کہ ہفتے میں پانچ دن ہیں ان میں سے کم از کم دو دن آپ قانون سازی کے لئے مختص کر لیں۔ اس کے علاوہ باقی دو دن کسی اور مقصد کے لئے رکھ لیں۔ ایک دن private bills کا ہو۔ کوئی نہ کوئی ہمیں ترتیب کرنی چاہیئے۔ جس میں قانون سازی کا عمل، جس کی بنا پر ہم یہاں آتے ہیں، وہ مکمل کیا جائے۔

اس کے بعد ان کی تجویز ہے جس میں وہ فرماتے ہیں کہ ایوان بالا پندرہویں ترمیم کو منظور کرے تا کہ قرآن و سنت کی بالا دستی کو آئینی تحفظ دیا جا سکے۔ یہ ان کا بڑا نیک خیال ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک پندرہویں ترمیم کو منظور کرنا ہے صرف اسی سے قرآن و سنت کی بالا دستی نہیں ہوتی۔ اس ملک میں بہت سارے ایسے امور ہیں۔ بالخصوص اسلامی قانون سازی کی ضرورت کے لئے چاہیئے کہ ہماری اسمبلیاں ایک اجتہادی روح پیدا کریں اور ہم اجتہاد کریں۔ اکثر علماء کا اعتراض ہے کہ ہم اس کے اہل ہی نہیں ہیں کہ اجتہاد کر سکیں۔ حالانکہ ہم مسلمان ہیں اور

اس وقت جو وقت کے تقاضے ہیں ان میں غیر علماء کی زیادہ اہمیت ہو جاتی ہے۔ جو معاملے اس وقت ہمارے سامنے در پیش ہیں۔ مثلاً آپ کے سامنے ایک مثال میں پیش کرتا ہوں کہ یہاں پر اگر ایک حنفی سنی کی دو بیٹیاں ہیں۔ وہ چاہتا ہے کہ میری جائیداد کی تقسیم اس طرح ہو کہ میری بیٹیوں کو ہی سب کچھ ملے تو اسے اپنے آپ کو شیعہ declare کرنا پڑتا ہے۔ اسی طرح اگر کسی شیعہ کی بیوی لا ولد ہو تو وہ inherit اپنے خاوند کو نہیں کر سکتی اور اگر اس کا خاوند چاہے کہ اس کی بیوی اسے inherit کرے تو اسے اپنے آپ کو سنی یا حنفی declare کرنا پڑتا ہے۔ اس کے متعلق اجتہاد کی ضرورت ہے۔ شریعت کا اصل مقصد تو cohesiveness ہے۔ decisiveness نہیں ہے۔ تو ہم اس مقصد کو حاصل کریں۔ اس ملک میں ایک مثال پیدا کریں اور یہاں اس قسم کی اسلامی قانون سازی ہو کہ جس کے پس منظر میں اجتہاد کی روح برقرار رکھی جا سکے۔ محض یہ کہہ دینا کہ اگر شریعت بل کو ہم پاس کریں تو اس سے قرآن و سنت کا بول بالا ہو گا، میں سمجھتا ہوں کہ یہ کافی نہیں ہے۔ اس پر بڑی توجہ کی ضرورت ہے۔

اسلامی قانون سازی ہم تین طریقوں سے کر سکتے ہیں۔ ایک تو وہ قوانین ہیں جو اسلامی احکام سے متصادم نہیں ہیں۔ وہ قوانین یہاں شریعت کورٹ نے پاس کر رکھے ہیں اور کہہ رکھا ہے کہ یہ قوانین اسلامی احکامات سے متصادم نہیں ہیں۔ دوسرے وہ قوانین ہیں جو اسلامی ہیں لیکن رائج ہیں اور ان پر کوئی اعتراض نہیں۔ تیسرا وہ sphere ہے جو کہ اسلامی قوانین ہیں جو اب تک رائج نہیں ہو سکے۔ اب ان میں ایک مثال سود کی یا ربا کی ہے یا interest free banking کی ہے۔ اس کے متعلق آپ نے پڑھا ہو گا کہ سپریم کورٹ کے ایک بنچ نے جو ابھی اس کیس کو سن رہا ہے comment کیا ہے کہ علماء کی وجہ سے ربا کے مسئلے پر اتنا زیادہ confusion ہے کہ اسے حل کرنا ممکن نہیں۔ سوال یہ ہے کہ علماء یہ تو نشان دہی کر سکتے ہیں کہ ربا اسلام میں منع ہے۔ لیکن اس کا alternative کیا ہے۔ وہ غیر علماء ہی ہمیں بتا سکتے ہیں جو economists ہوں، جو financers ہوں۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ غیر علماء ہی کی بدولت یہ ملک بنا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس زمانے میں South Asia میں چار اہم شخصیات ہیں جن کی وجہ سے ہماری destiny بدلی ہے۔ ایک سر سید احمد خان، دوسری شخصیت سید جمال الدین افغانی، تیسری شخصیت علامہ اقبال اور چوتھی شخصیت قائد اعظم محمد علی جناح۔ ان چاروں کے اوپر کفر کے فتوے لگتے رہے ہیں لیکن یہ سارے کے سارے غیر علماء تھے۔ حالانکہ جید علماء بھی South Asia میں موجود تھے۔ لیکن کسی کو اللہ تعالیٰ

نے یہ توفیق نہیں دی کہ وہ ہماری destiny کو بدلتے۔

اب بھی یہی مسئلے ہمارے سامنے ہیں۔ اسلامی قانون سازی کی اس ملک میں ضرورت ہے۔ چونکہ یہ اسلام کے نام پر بنا۔ ہم اس کی طرف توجہ ہی نہیں دیتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایسے مسائل یہاں در پیش ہیں۔ جن کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

**جناب چیئرمین:** ڈاکٹر صاحب اب wind up کرلیں۔

**جناب جسٹس (ریٹائرڈ) ڈاکٹر جاوید اقبال:** میں یہ عرض کر رہا ہوں۔ انہوں نے مشورہ دیا ہے کہ دیہات میں تعلیمی اداروں پر خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔ یہ ایک بہت اہم بات ہے کہ جب تک ہم دیہات میں تعلیمی اداروں کے فروغ کی کوشش نہیں کریں گے۔ یہ ملک، جس طرح ہم دعویٰ کرتے ہیں ایک liberal, democratic, Islamic welfare state ہے وہ نہیں بن سکے گی۔ پھر انہوں نے فرمایا ہے کہ corruption کے خاتمے کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی کہا ہے کہ ایوان صدر کے دروازے سب کے لئے کھلے ہیں۔ جو بھی اسلام کی بالادستی اور جمہوریت کے استحکام، آئین کی سربلندی اور قوم کی فلاح و بہبود کا قائل ہے، اس کو میں ملنے کے لئے تیار ہوں۔ یہ سب باتیں بڑی درست ہیں، لیکن حقیقت یہی ہے کہ انہیں چاہیئے تھا کہ اس ملک میں دہشت گردی اور فرقہ واریت کے خاتمے کا ذکر کرتے۔ اس ملک میں جو بیروزگاری اور مہنگائی ہے اور خودکشیاں جو ہو رہی ہیں، ان کی طرف اشارہ کرتے۔ اس ملک کے لاء اینڈ آرڈر کی صورت بہتر کرنے کے لئے تجاویز پیش کرتے، یہ ساری باتیں ہیں جو صدر صاحب کو کہنی چاہیئے تھیں جو کہ اپنی طرف سے independent ہیں، جو کسی پارٹی سے تعلق نہیں رکھتا، صدر بننے کے بعد۔ جو ہر شخص کو ملنے کے لئے تیار ہے، اس کو چاہیئے کہ ہمیں ایسے مفید مشورے دے کہ جو حکومت کے لئے بھی بہتری کا باعث بن سکیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ صدر صاحب نے اپنے خطاب میں جو تعریفیں کی ہیں، جو بھی کارگزاری حکومت کی پیش کی ہے وہ قابل تحسین ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی انہیں نشاندہی کرنی چاہیئے کہ اس ملک میں کس کس چیز کی ضرورت ہے۔ شکریہ جناب۔

**جناب چیئرمین:** جی سیف اللہ خان پراچہ صاحب۔

**جناب سیف اللہ خان پراچہ:** جناب چیئرمین! میں آپ کا بڑا مشکور ہوں کہ آپ نے

مجھے یہ موقع دیا ہے۔ 31 اکتوبر 1996، کو، مجھے تقریر کرنے کا ایک موقع ملا تھا اور اس وقت جو اہم مسئلہ تھا وہ تھا پاکستان کی معیشت۔ آج وہ مسئلہ اپنی جگہ پر برقرار ہے، مگر اس کے علاوہ پاکستان میں اس وقت جو اہم مسئلہ لاء اینڈ آرڈر کا ہے، خاص طور پر Car lifting, Child kidnapping and general kidnapping for ransom یہ تین مسائل ایسے ہیں جو کہ بین الصوبائی ہو چکے ہیں۔ مثلاً car lifting سندھ سے اگر ہوتی ہے تو اس کو transport کر کے دوسرے صوبوں میں لے جاتے ہیں۔ میں آپ کی توجہ Tribune ' مارچ 14 سے 20 کی طرف لے جاتا ہوں، جس میں رائٹر نے صاف صاف لکھا ہے کہ یہ گاڑیاں سندھ کراچی سے جب اٹھتی ہیں تو کہاں جاتی ہیں اور کس طریقے سے بکتی ہیں۔ یہ بڑا relevant ہے۔ میں صرف اس کی جو highlights ہیں وہ بیان کرنا چاہتا ہوں، وہ لکھتے ہیں:

The group handling lifting of cars comprises two to four criminals, operating on their own. They get upto Rs. 20,000/- per vehicle on delivering the vehicle at a pre-destinated place.

اسی طرح وہ اور تفصیل دیتے ہیں، who is who of car lifters ایک جگہ وہ اس کا ذکر کرتے ہیں۔ میری گزارش یہ ہے کہ یہ مسئلہ car lifting, Child kidnapping and general kidnapping for ransom ' ایسا مسئلہ ہو گیا ہے کہ ایک صوبائی پولیس کے لئے یہ ممکن نہیں کہ وہ پوری توجہ دے سکے اوّل تو ان crimes کے پیچھے بڑے بڑے لوگوں کا ہاتھ ہوتا ہے اور صوبائی پولیس جو ہے وہ ان بڑے لوگوں سے ڈرتی ہے۔ اس کے علاوہ ان کے اپنے کئی کام ہوتے ہیں، صوبائی سطح پر، وہ general crimes سے نبٹ رہے ہوتے ہیں۔ لہذا صوبائی پولیس جو ہے صحیح طریقے سے اپنی توجہ اس معاملہ پر نہیں دے سکتی۔ میں نے وزیراعظم صاحب کو بھی لکھا ہے اور اس معزز ایوان کے ذریعے میں یہ پیش کرتا ہوں کہ وفاقی حکومت ایک ایجنسی ایسی create کرے یا assign کرے کہ یہ تمام crimes جن کا میں نے ذکر کیا ہے ان کی وفاقی سطح پر investigation بھی کی جائے تا کہ صوبائی پولیس، جو عام طور پر بڑی شخصیتوں سے ڈرتی ہے، وہ اس معاملے میں نہ ہو۔

جناب عالی! اس کے ساتھ ساتھ جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اسی رسالے "Tribune" نے اپنے مارچ ۱۴ سے ۲۰ 1999 کی اشاعت میں بڑی صفائی سے جمیل یوسف کی

تجاویز کا ذکر کیا ہے۔ جمیل یوسف صاحب Citizen Police Liaison Committee کے چیف ہیں اور انہوں نے جو سات تجاویز دیں ہیں،

1. Ban on "Superdari" system be imposed to check the practice of handing over the recovered vehicles to a person other than the original vehicle onwner;

2. National Identity card designed by IBM be utilized for inputting vehicle data like import, registration, insurance etc;

3. Like in USA vehicle theft be made a federal offence, non-bailable and with severe punishment;

4. Ban on re-registration of all vehicles like in Sindh.

اصل میں مرض یہی ہے کہ جو re-registration ہوتی ہے۔ چوری کی گاڑیوں کو نئے نمبر اور نئی رجسٹریشن مل جاتی ہے جس سے وہ گاڑی کو آگے بیچ دیتے ہیں اور خریدار بہت ہیں۔

5. Collection of data on stolen and snatched vehicles through respective Inspector General of Police which should be fed into Central Command Computer at CPLC with the officers of DIG crimes.

6. Leboratories with latest technology and the capability to decide for tampered engine and chasis numbers be established.

اور آخر پر

7. A National Vehicle Registration Theft Recovery Authority be established under the Chairmanship of the Secretary Interior to be assisted by Federal Law Secretary.

یہ بڑی اچھی suggestions ہیں۔ میں امیدکرتا ہوں ہماری حکومت اس پہ غور کرے گی اور اب حالات ہاتھ سے باہر نکل چکے ہیں۔ ہر جگہ پر even in Islamabad cars are being lifted and people are being lifted for ransom.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ، جناب اتنی اچھی اور positive suggestions آ رہی ہیں

لیکن وزیر صاحب سن نہیں رہے۔

جناب چیئرمین: یہ بڑی اچھی بات سیف اللہ پراچہ صاحب کر رہے ہیں۔

about car theft and suggestion, I hope somebody is noting them down and we would expect to response this at the end of the debate.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب galleries بھی خالی پڑی ہیں۔ گیلریوں میں officials تو ہونے چاہئیں۔ جناب آپ ہمیشہ اپوزیشن والوں کو کہتے ہیں لیکن ان کے آفشیلز کبھی نہیں بیٹھے ہوتے گیلریوں میں۔

جناب چیئرمین: خالد انور صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔ جی جناب سیف اللہ پراچہ صاحب۔

جناب سیف اللہ خان پراچہ: آج کل کا زمانہ کمپیوٹر کا زمانہ ہے اور پاکستان اس شعبے میں بہت پیچھے رہ گیا ہے۔ ہم میں سے جو بھی باہر جاتے ہیں، باوجود اس کے کہ ہماری اچھی اچھی ڈگریاں ہیں، کوئی Engineering میں ہے، کوئی Arts میں ہے لیکن ہم زیادہ تر computer illiterates ہیں۔ اس سلسلے میں جناب جیسے Federal Public Service Commission میں کئی cadres ہیں، DMG ہے، PSP ہے اس طریقے سے اور ہیں۔ Computer Service of Pakistan ایک علیحدہ cadre ہونا چاہئیے تاکہ جو شخص ہے وہ transfer نہ ہو سکے، بھلے وہ as signed ہو اور وہ اپنی مہارت حاصل کرے۔ مگر اس کا parent department وہی رہے گا، اسی service کے اندر وہ رہے گا اور اس سے کیا ہوگا کہ وہ اپنے اس شعبے میں pride لے گا اور مہارت حاصل کرنے کی کوشش کرے گا۔

جناب چیئرمین۔ سیف اللہ صاحب آپ wind up کریں۔ آپ بات بہت اچھی کر رہے ہیں۔

جناب سیف اللہ خان پراچہ۔ جناب ساتھ ساتھ اس شعبے میں عورتوں کو بڑی lift ملے گی کیونکہ عموماً computer science میں وہ مردوں سے آگے ہیں اور مردوں کے لئے اور بہت ساری fields ہیں۔ میں یہ تجویز دوں گا کہ کم از کم اس field میں عورتوں کو over men ترجیح دی جائے۔

یہ اخباروں میں مارگلہ hills کی آگ کے متعلق بہت باتیں آتی رہتی ہیں اور ہمارے

Prime Minister صاحب نے بھی اپنی ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ میرے سننے میں یہ آیا ہے کہ یہ آگ جان بوجھ کر لگائی جاتی ہے تاکہ اچھا گھاس نکلے اور وہ illegal طریقے سے جو grazing کرتے ہیں ان کو یہ facility مل جاتی ہے کہ وہ تازہ گھاس پر grazing کرتے ہیں۔ جب جنگل جلتا ہے تو اس کے minerals اور خاص طور پر پوٹاش زمین میں چلا جاتا ہے اور اس سے گھاس کی growth میں بڑا اضافہ ہوتا ہے۔ میں گزارش کروں گا کہ ان طرف بھی آپ توجہ دیں کہ آیا اس میں کوئی حقیقت ہے یا نہیں۔ Last point Senator ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب کی تجویز سنی ہے about the Fifteenth Amendment۔ میں عالم دین تو نہیں ہوں مگر میں یہ کہتا ہوں، کوئی کہتا ہے کہ مسلمان 72 فرقے میں تقسیم ہے۔ اگر واقعی ہماری government serious ہے تو یہ سب علماء کو اکٹھا کریں اور یہی Fifteenth Amendment ان کے سامنے پیش کریں کہ آپ ایک جامع اور ایک متفقہ Fifteenth Amendment سامنے لائیں جو کہ تمام فرقوں کو cover کرے۔

Thank you very much.

**جناب چیئرمین۔** شکریہ جناب۔ مولانا عبدالستار خان نیازی صاحب، غیر حاضر now you agree کہ جو غیر حاضر ہے اس کو پھر موقع نہیں دینا۔ دباؤ بہت آئے گا، دباؤ بہت آئے گا۔ نہیں، دیکھیں ناں۔ آپ لوگوں نے بھی conferences attend کی ہیں اصول یہ ہوتا ہے کہ ہر ایک کو پتا ہے کہ میرا نام اتنے نمبر پر ہے۔ Secretary صاحب ایک گھنٹی منگوا لیں تو آٹھ منٹ کے بعد وہ دفتر والے ہی کریں گے تاکہ--- O.K جی۔

(مداخلت)

**جناب خدائے نور ۔** اب مجھے یہ پتا نہیں ہے کہ میرا نام کب آ رہا ہے۔

**جناب چیئرمین۔** نہیں، آپ list دیکھیں، یہاں پر list موجود ہو گی۔

**جناب خدائے نور ۔** List تو ان کے پاس ہے لیکن یہ-----------

**جناب چیئرمین ۔** مقصد زیادتی کرنا نہیں ہے، مقصد یہ ہے کہ کام بھی چلائیں اور کوئی اصول بنا لیں۔ واجا محمد حسین صاحب۔

**ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔** آج تھوڑی warning دیں۔

جناب چیئرمین۔ اچھا' اچھا۔ چلیں جی۔ اپنے آپ کو discipline کرنے میں وقت لگتا ہے ناں جی' ٹھیک ہے۔ جی۔

جناب محمد حسین واجہ۔ جناب چیئرمین! بہت' بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے جناب صدر صاحب کے مورخہ 11 مارچ 1999ء کے خطاب پر تبصرے کے لئے کہا۔ جناب جس دن صدر صاحب تقریر فرما رہے تھے تو پارلیمنٹ میں بہت کچھ ہنگامہ ہوا اور کچھ سنائی نہیں دیا۔ اس دن کے بعد پرسوں میں نے وہ چھپی ہوئی تقریر لائبریری سے لی اور سرسری نظر دوڑائی۔ جناب وہ تقریر تو مجھے ساری پھسپھسی سی لگی اور اس میں کوئی بھی concrete چیز نہیں ہے جس پر تبصرہ کیا جائے۔ سب سے پہلے انہوں نے کہا کہ 28th May, 1998 کو ہم نے جو دھماکہ کیا اور اس سے پاکستان کو جوان کر دیا' آج سے پاکستان جوان ہے ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ اس سے پہلے دو دن پہلے ہماری پارٹی کی سنٹرل کمیٹی کی اسی پر ہی میٹنگ ہوئی اور بہت باتیں ہوئیں ۔ اس میں اکثریت نے کہا کہ یہ ٹھیک نہیں کیا گیا۔ میری اپنی رائے میں اس وقت --فارسی میں کہتے ہیں پائے رفتن نہ جائے ماندن' کیا نہ کرتا' بات یہ ہے کہ اب کوئی چارہ ہی نہیں تھا سوائے اس کے کہ ہم یہ دھماکہ کریں اور کرنا چاہیئے تھا میں نے اپنی پارٹی کی سنٹرل کمیٹی میں یہ کہا تھا کہ دھماکہ کرنا چاہیئے اب کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہم نہ کریں ۔ لیکن ہماری پارٹی نے اس وقت یہ کہا تھا کہ اس سے پاکستان کی معیشت بے پناہ تباہ ہو جائے گی اور ہوا بھی یہی ۔ وہ اس طرح کہ میں نے چند دن پہلے اخبار کی سرخی پڑھی تھی کہ یہ دھماکہ کرنے کے لئے پاکستان کو دس ارب ڈالر خرچ کرنا پڑیں گے اور ہمارے وزیر خزانہ جناب محمد اسحاق ڈار صاحب نے کہا تھا' یہ ان کا بیان تھا۔ لیکن لوگ بھوکے نہیں مرتے خدا روزی دیتا ہے ۔

جناب والا! صدر صاحب ہمارے colleage رہ چکے ہیں۔ اس وقت سے ہم ان سے بہت ملتے تھے جب سے وہ صدر ہوئے میں ایک دفعہ ایوان صدر میں بلوچستان کے delegation کے ساتھ ان سے ملنے گیا تھا اب اگر میں یہ کہوں کہ ہم سب ان کا حلیہ بھول گئے ہیں ' جناب صدر کس طرح دکھائی دیتے ہیں میرے خیال میں بہت سارے لوگوں نے ان سے ملاقات نہیں کی ۔ اب تو جناب وہ پرسوں ' ترسوں سے بیمار ہیں ' ان کی مولوی نما داڑھی ہے ۔ تراشیدہ مونچھیں ' سرخ و سفید چہرہ لگتے بالکل جنتی ہیں' لیکن واللہ عالم بالصواب' وہ تو خدا ہی بہتر جانتا ہے ۔ وہ صدر کے

منصب پر بیٹھے ہیں ' وہ انصاف کی گدی پر بیٹھے ہیں ہم ان سے یہ توقع نہیں کرتے کہ اس طرح کی تقریر وہ فرمائیں گے۔ انہیں نکتہ بین' نکتہ چین بننا چاہیئے جس کو کہتے ہیں کہ وہ صدر پاکستان ہے۔ انہیں چاہیئے تھا کہ وہ ہمیں ہدایات دیتے خواہ وہ مالی ہو' مشاورتی یا تعمیری۔ میرے نزدیک ایک بھی نہیں ہے ۔ میں نے تقریر غور سے نہیں پڑھی سرسری دیکھی ہے ۔ اس کی تقریر میں سب سے پہلے تو ایٹمی دھماکے کے بعد وہ اعداد و شمار پیش کرتے ہیں اعداد و شمار کیا---- یہ پانچ فیصد بڑھا یہ دو فیصد بڑھا---- پیداوار اتنی ہوئی جیسے کہ وہ ہمارے وزیر خزانہ ہیں۔ وہ صدر ہیں یہ اعداد و شمار وہ کیوں پیش کرتے ہیں ابھی خاص حکومت نے کیا کیا اور پھر ساتھ ساتھ کہتے ہیں کہ فارن اکاؤنٹس منجمد ہوئے۔

میں آپ کو بتا دیتا ہوں کہ کچھ تو حالات خراب ہوئے لیکن بہتر معاشی منصوبہ بندی سے حالات سدھر گئے---- کیا سدھر گئے ؟ آج تک باہر سے جو لوگ پاکستان پیسے بھیجتے تھے ' آج تک انہوں نے نہیں بھیجے ہیں۔ آگے چل کر آپ تقریر دیکھ لیں۔ تقریر میں اس نے کیا کہا۔ ہمیں آگے یہ فرماتے ہیں کہ یہ کام ہو رہے ہیں ۔ مثال کے طور پر کہہ رہے ہیں کہ ساحلی روڈ بن رہی ہے اور موٹر وے رتو ڈیرو سے آگے بلوچستان گوادر تک زیر تعمیر ہے۔ ان کو یہ بھی پتہ نہیں کہ اسی ہاؤس میں مواصلات کے وزیر صاحب نے فرمایا کہ ۴ ماہ بعد یہ ٹینڈر ہوں گے۔ مگر وہ کہتے ہیں کہ کام شروع کیا جا چکا ہے۔ اب اس تقریر پر کیا اعتبار کیا جائے۔

جناب صدر صاحب کی تقریر میں دہشت گردی کے متعلق صرف چند سطریں موجود ہیں۔ وہ ٹوٹل ۱۲ صفحوں کی ہے اور اس میں دہشت گردی کا کوئی خاص ذکر نہیں ہے جو سب سے بڑا واقعہ ہے اور ابھی سے نہیں ' جب سے افغانستان میں روس کی فوجیں آئیں' اس کے بعد ضیاء الحق کے زمانے میں جبکہ یہ مارشل لاء کا زمانہ تھا' اسلحہ یہاں آیا۔ جتنا اسلحہ آیا اس سے دہشت گردی ہوئی ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان کے زمانے میں بھی اسلحہ بھرپور آیا۔ پھر اس کے بعد جتنی بھی حکومتیں آئیں' اس میں کوئی مبرا نہیں ہے' نہ مسلم لیگی حکومتیں مبرا ہیں اور نہ PPP۔ سب کے دور میں اسلحہ بھرپور طریقے سے آیا ہے۔ اس وقت ہر جگہ اسلحہ کے انبار ہیں۔ اس ملک میں جو گندگی پھیلی ہے یہ اس اسلحہ کی وجہ سے ہے۔ اب یہ کیسے آیا ؟ حکومتوں کی نااہلی سے آیا ہے۔ وہ سب کو معلوم ہے۔ مگر میں کہنا چاہتا ہوں کہ جب لوگوں کی مٹھی گرم کر دی جاتی ہے تو اسلحہ کیسے نہیں آئے گا۔ ہمارے بارڈرز پر سارے پیرا ملٹری فورسز ہیں۔ سارا بارڈر سیل ہو سکتا ہے'

مگر حکومتیں اس پر راضی نہیں ہوتیں۔ وہ نہیں چاہتے کہ اسلحہ رکھے۔ اسلحہ آنے کی وجہ سے دہشت گردی پر قابو نہیں پا سکتے۔ نہ ایسا کیا ہے نہ کوئی کر سکتا ہے۔

اب یہ افغانستان کا مسئلہ گزشتہ ۲۰ سال سے موجود ہے۔ میں تو کہتا ہوں کہ افغانستان میں افغانوں نے ، پاکستان کی حکومتوں نے امریکہ کی مدد سے کر بہت اچھا کام کیا اور روسی واپس چلے گئے۔ کہتے ہیں کہ افغانستان کی جنگ کی وجہ سے سوویت یونین بھی ختم ہوا۔ ایسے نہیں ہے۔ وہ اس طرح کی ایک مثال ہے ہمارے ہاں کہ جب خانہ بدوشی ہوتی ہے تو بہت زیادہ سامان اونٹ پر رکھ دیتے ہیں۔ جب اونٹ کو کھڑا کیا اور جانے لگے تو ایک عورت کے ہاتھ میں چھاننی تھی ۔وہ اس نے اونٹ پر رکھ دی تو اونٹ بیٹھ گیا۔ جب وہ اونٹ اٹھ نہ سکا تو انہوں نے اونٹ کو ذبح کر دیا۔ اسے حلال کیا ۔ اسی طری افغانستان کا مسئلہ وہ چھاننی کی طرح ہے کہ سویت یونین جو ہے وہ آخر میں افغانستان کی وجہ سے کس طرح سے بیٹھ گیا اور آخر میں ---

جناب چیئرمین۔ بہت مہربانی جناب۔

جناب محمد حسین واجہ ۔ جناب میں یہ کہنا چاہتا ہوں۔ میں تو ابھی صدر صاحب کی تقریر پہ بولنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ نہیں، نہیں۔ وہ نہیں ہوگا۔ Sorry, please. اگر یہ کرنا ہے تو I will call the next speaker. آخری فقرہ بول دیں جو بولنا چاہ رہے ہیں آپ۔

جناب محمد حسین واجہ۔ آخر میں دہشت گردی پہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ اسلحہ غیر قانونی تو ہے اس کے لئے قانون بنانے کی ضرورت نہیں۔ غیرقانونی اسلحہ ہے پاکستان میں موجود ہے اب اس کو حکومت confiscate کیوں نہیں کرتی۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جناب۔ جی طاہر بزنجو صاحب۔

Next speaker is Fiza Junejo and then Aftab Ahmed Sheikh.

جناب محمد طاہر بزنجو۔ شکریہ جناب چیئرمین! چونکہ ہمارے پارلیمانی لیڈر سردار ثناء اللہ زہری تشریف نہیں رکھتے ہیں اس لئے مجھے امید ہے کہ آپ دس منٹ سے زیادہ مجھے وقت دیں گے۔

جناب چیئرمین۔ آپ شروع کریں پھر یہ دیکھیں گے جب وقت آئے گا

whether the leadership can be transferred?

جناب محمد طاہر بزنجو۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کہتے ہوئے تارڑ صاحب کہتے ہیں اپنے الفاظ میں۔۔

"آج اللہ کے فضل و کرم سے پاکستان جوان ہو چکا ہے اور قائد کی فرمان کے مطابق بہت سے لوگوں کے اندازے سے بہت پہلے جوان ہو چکا ہے۔

جس پاکستان کے بارے ہمارے دشمنوں نے حیات چند روزہ کی بدگمانی کی تھی وہ اللہ کے فضل و کرم سے نہ صرف زندہ جوان اور توانا ہے بلکہ وہ ایک ایٹمی قوت کا مقام بھی حاصل کر چکا ہے۔

14 August 1947 کے بعد 28 May, 1998 کا دن ہماری تاریخ کا تابندہ ترین دن ہے جو وطن عزیز کی پیشانی پر ہمیشہ جگمگاتا رہے گا۔"

جناب چیئرمین ! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ایٹمی دھماکے ، غوری اور شاہین کے کامیاب تجربات دفاعی نقطہ نظر سے بہت بڑی پیش رفت ہے۔ لیکن یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ ایٹمی قوت بننے کے باوجود آج بھی ہمارے ملک میں لاکھوں افراد بے روزگار ہیں، بھوکے ہیں، آبادی کی ایک کثیر تعداد زندگی کی بنیادی سہولتوں ، یہاں تک کہ صاف پینے کے پانی سے بھی محروم ہیں۔

جناب چیئرمین! مجھے اپنے طالبعلمی کے زمانے میں سویت یونین کو بہت قریب دیکھنے کا موقع ملا۔ میں تقریباً پانچ سال ماسکو میں رہا۔

What I want to say is that throughout my stay I never realized that this great country is going to be collapsed shortly. Combination of factors contributed to the destruction of Soviet Union. To me, economic ones played a leading role.

جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں سویت یونین کے تجربات سے استفادہ کرنا چاہیئے۔ روس کے سویت یونین کے جدید ہتھیار اس کو بچا نہیں سکے۔ ہمیں اپنے دفاع پر ضرور توجہ مرکوزکرنا چاہیئے لیکن ساتھ ہی ساتھ ہمیں اپنے دفاع پر توجہ ضرور مرکوز کرنی چاہیئے لیکن ساتھ ہی ساتھ ہمیں سوشل سیکٹر کو کسی صورت میں بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے ۔میری رائے میں بھارت کے ساتھ اچھے تعلقات کی صورت میں ہم زیادہ فائدے میں رہیں گے۔ کشمیر کے مسئلے کو سیاسی

انداز میں گفت و شنید کے ذریعے حل کرنا چاہیئے اور یہ خوش آئند بات ہے کہ سرد جنگ کے خاتمے کے بعد وزیر اعظم کے حالیہ دورہ ماسکو سے روس اور پاکستان کے تعلقات میں بڑی پیش رفت ہوئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ صدر یلسن کا یہ کہنا کہ ہمیں ماضی کو دفن کرنا چاہیئے ' بہت اہم ہے۔ ہمیں بھی جو کچھ ہوا اس کو بھول کر ایک نئے انداز میں روس کے ساتھ اپنے تعلقات کو بڑھانا چاہیئے ۔ گو کہ روس آج سپر پاور نہیں ہے۔ لیکن جناب چیئرمین! روس آج بھی ایک big پاور ہے۔ روس بھارت کے ساتھ کشمیر کے مسئلے کو حل کرنے میں ہماری مدد کر سکتا ہے۔ روس افغانستان اور ساؤتھ ایشیاء میں امن قائم کرنے میں ہماری مدد کر سکتا ہے ہماری geographical location with central Asia کچھ اس طرح کی ہے کہ ہم روس کو نظر انداز نہیں کر سکتے اور میں سمجھتا ہوں کہ سنٹرل ایشیاء کے ساتھ اچھے تعلقات بڑھانے میں بھی روس کی اشیر باد ضروری ہے خواہ وہ تجارتی تعلقات ہی کیوں نہ ہوں۔

جناب چیئرمین ! ایک اور بنیادی سوال جو ہمارے ملک میں ابھرے ہوئے سوالوں میں سے ایک ہے اور وہ ہے صوبوں اور مرکز کے مابین اختیارات اور دولت کی منصفانہ تقسیم ۔ جس کو بعض لوگ صوبائی خود مختاری کا نام دیتے ہیں۔بعض لوگ اسے قومی سوال کہتے ہیں۔بعض لوگ اسے قومی مسئلہ کہتے ہیں۔ہماری رائے میں وفاقیت کی اصل روح کے مطابق اس صوبائی خود مختاری کے مسئلے کو خوش اسلوبی سے جمہوری انداز میں حل کرنا چاہیئے ۔ سینٹ جو federating units کی نمائندگی کرتا ہے ' ہمارا مطالبہ ہے کہ سینٹ کو قومی اسمبلی کے برابر اختیارات دیئے جائیں اور این ایف سی کا فارمولہ بھی اس طرح تشکیل دیا جائے جو صوبوں کی ترقی کا موجب بنے نہ کہ ان کی پسماندگی کا ۔ فرض کریں اگر آپ این ایف سی کے تحت صرف آبادی کی بنیاد پر فنڈ تقسیم کرتے ہیں تو جناب چیئرمین! بلوچستان کی آبادی آپ کے سامنے ہے۔ بلوچستان کی backwardness آپ کے سامنے ہے۔ وہ آج بھی stone age کی یاد تازہ کرتا ہے۔ اس لئے ہمارا مطالبہ ہے کہ فنڈز کی تقسیم بیشک آپ آبادی کی بنیاد پر بھی کریں لیکن اس میں تینوں factor بھی شامل کریں' رقبہ ' پسماندگی اور وسائل۔ جناب چیئرمین ! ایک اور سوال جس پر گزشتہ دنوں ہمارے حالیہ اجلاس میں بہت کچھ کہا گیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ بہت ہی اہم سوال ہے اور صدر صاحب نے بھی اپنی تقریر میں ایک جملے میں اس کا ذکر کیا ہے' وہ یہ ہے کہ ہر سطح پر کرپشن کے مکمل خاتمے کے عمل کو تیز کرنے کی ضرورت ہے ۔جناب چیئرمین! میں اس

میں یہ اضافہ کرتا ہوں کہ نہ صرف کرپشن کے خاتمے کے عمل کو بلکہ احتساب کے عمل کو تیز کرنے کی اس سے زیادہ ضرورت ہے ۔جناب چیئرمین ! ایسا لگتا ہے کہ ہمارے ملک میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات اور افراد نے غیر قانونی طور پر دولت کمانے کو اپنی زندگی کا مقصد اور نصب العین بنا لیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج ہمارے ملک کا شمار دنیا کے کرپٹ ترین ممالک میں ہوتا ہے ۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایسے ماحول میں جب قومی دولت کی لوٹ نے ایک وباء کی شکل اختیار کی ہے فکری اور نظری سیاست ، ملکی و قومی سیاست ، جمہوری اور عوامی سیاست کی اتنی گنجائش ہو سکتی ہے ۔ اگر موجودہ حکومت اس سلسلے میں کوئی ----

**جناب چیئرمین**۔wind up کرلیں بزنجو صاحب۔

**جناب محمد طاہر بزنجو**۔جناب اگر آپ کچھ مزید عنایت کریں ۔

**جناب چیئرمین**۔دو منٹ ہیں ۔

**جناب محمد طاہر بزنجو** ۔ اگر موجودہ حکومت اس سلسلے میں کوئی قدم اٹھاتی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ملک کے تمام ذی شعور اور باشعور لوگوں کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اس عمل کی حمایت کریں ۔ اگر پیپلز پارٹی کے ساتھی یہ سمجھتے ہیں کہ احتساب بنچ کا فیصلہ غلط ہے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ محاذ آرائی کے بجائے اعلیٰ عدالتوں میں احتساب بنچ کے فیصلوں کے خلاف پارٹی کو جنگ لڑنی چاہیے۔

جناب چیئرمین، آپ کو یاد ہوگا اور اس ایوان میں بیٹھے ہر شخص کو یاد ہوگا کہ 70s میں بھٹو صاحب کا دور حکومت تھا ۔ لیڈر آف دی اپوزیشن خان عبدالولی خان ، میرغوث بخش بزنجو ، ارباب سکندر خلیل ، ہمارے نامور شاعر حبیب جالب، اس طرح نیپ کے درجنوں افراد کے خلاف مقدمات قائم کئے گئے۔ لیکن یہ مقدمات کرپشن کے نہیں تھے ۔ یہ مقدمات غداری کے تھے ۔ ویسے ان پر یہ الزام لگایا گیا کہ یہ ملک کو توڑنا چاہتے ہیں ۔ وہ روس کے ، ہندوستان کے ایجنٹ ہیں ۔ تو نیپ کے قائدین نے اپنا دفاع عدالت میں کیا ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بلوچستان اور صوبہ سرحد کے عوام نے زبردست احتجاج کیا ۔ لیکن احتجاج عدلیہ کے خلاف نہیں کیا ۔ احتجاج اس غیرآئینی ; اور غیرجمہوری اقدام کے خلاف کیا گیا ۔ جب فروری ۷۳ء میں نیپ اور جمعیت العلمائے اسلام کی آئینی اور جمہوری حکومت کو غیر آئینی اور غیر جمہوری طریقے سے برطرف کیا ۔

جناب چیئرمین۔بہت شکریہ۔ مس فضہ جونیجو۔

جناب محمد طاہر بزنجو۔ جناب چیئرمین ' یہ زیادتی ہے۔

جناب چیئرمین۔جی میں کیا کروں۔ میں مجبور ہوں۔ آپ کے سامنے گھڑی ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ کم وقت لیا ہے۔ تو میں ذمہ دار ہوں۔ لیکن اگر کچھ زیادہ ہوا ہے تو پھر میری ذمہ داری نہیں بنتی۔

جناب محمد طاہر بزنجو۔جناب میری تقریر تو ابھی شروع ہونے والی تھی۔

جناب چیئرمین۔ کیا کروں جی۔ تھوڑا سا ڈسپلن قائم کرنا پڑتا ہے۔ جی مس فضہ جونیجو۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔جی مس فضہ جونیجو۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، From tomorrow I will suggest کہ یہاں پر جو ہمارا سٹاف ہے ان کے پاس ایک گھنٹی ہوگی۔ آٹھ منٹ کے بعد وہ بجا دیں گے اور دس منٹ کے بعد فائنل ہو جائیگا۔ So it is not even me. We will keep a watch.

مس فضہ جونیجو۔ شکریہ۔ جناب چیئرمین' صدر کے خطاب پر بات کرنے سے پہلے دعا کروں گی' وہ آجکل ٹھیک نہیں ہیں۔ پروردگار ان کو صحتیاب کرے اور پھر سے وہ اپنی ذمہ داریاں ادا کرسکیں۔یہاں پر میں نے صدر کے خطاب پر چند لوگوں کی تقاریر سنی ہیں جن میں سے بہت ہی اچھی تجاویز اس طرف سےبھی اور اس طرف بھی آئی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کی تقریر بڑی علمی تھی اور اگر ڈاکٹر صاحب اس طرح کی تقریر ہر سیشن میں ایک دفعہ کر دیا کریں تو معلومات میں بہت اضافہ ہو گا۔

جناب چیئرمین ' صدر صاحب کا یہ دوسرا خطاب تھا۔ اس خطاب میں انہوں نے حکومت کی کارکردگی پر اظہار رائے کیا ہے۔ جہاں پر حکومت کی کارکردگی تعریف کے قابل تھی انہوں نے تعریف کی ہے اور جہاں پر ان کو خرابی نظر آئی ہے یا جہاں زیادہ توجہ کی ضرورت ہے ان

جگہوں کی طرف انہوں نے توجہ دلائی۔ جن معاملات کی نشاندہی صدر صاحب نے کی ہے ۔ مثلاً کرپشن ہے 'مہنگائی ہے 'دہشت گردی ہے ۔ان میں صرف حکومت کی توجہ کی ضرورت نہیں ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ پارلیمنٹ کی بھی توجہ کی ان معاملات میں ضرورت ہے ۔

چیئرمین صاحب !صدر صاحب نے اپنے خطاب میں فارن پالیسی کے متعلق' جو اس وقت ہمارے ملک کی ہے قدرے اطمینان کا اظہار کیا ہے ۔لیکن ساتھ ساتھ انہوں نے یہ کہا ہے کہ کشمیر کے مسئلے کو حل ہونا چاہیے۔ اس بات پر انہوں نے زور دیا ۔ہمارے خطے کی بدقسمتی یہ رہی ہے کہ ہندوستان اور پاکستان بننے کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان جو تعاون کا رویہ ہے وہ نہیں رہا جس کی کہ ذمہ داری ہندوستان پر آتی ہے ۔ہندوستان نے تقسیم ہند کے اصولوں کو نظر انداز کرتے ہوئے حیدر آباد دکن پر قبضہ کر لیا اور دوسری طرف جموں اورکشمیر پر قبضہ کر لیا ۔یہ بات سب کے علم میں ہوگی کہ تقسیم ہند کے بعد قائد اعظم نے تعلقات کو خوشگوار بنانے کے لئے کچھ تجاویز دی تھیں جن کا کہ ہندوستان نے خیر مقدم نہیں کیا اور میرا خیال ہے کہ یہ بات بھی سب کے علم میں ہوگی کہ صدر ایوب خان نے بھی علاقے کے حالات کو بہتر بنانے کے لئے پنڈت جواہر لال نہرو کو یہ تجاویز دی تھیں۔ انہوں نے یہاں تک کہا تھا کہ مشترکہ دفاع تک کی پیش کش انہوں نے کی تھی۔ جس کا جواب ملا تھا کہ جی کس کے خلاف ؟

جناب! کشمیر پر بھارت کے قبضے نے اس علاقے میں کافی کشیدگی پھیلائی ہوئی ہے ۔بھارت کے غیر اخلاقی' غیر قانونی اور غیر انسانی طریقے نے برصغیر کو ہر حوالے سے نقصان پہنچایا ہے اور ہمارے ان دونوں ملکوں کے وسائل کا بڑا حصہ جو ہے وہ جنگی تیاریوں پر صرف ہو رہا ہے ۔پاکستان نے پچھلے سال مئی کے مہینے میں جو ایٹمی دھماکے کئے تھے ۔ اس سے دنیا کی طاقتوں کے رویوں میں فرق آیا ہے۔ اور دنیا کے ملک اب یہ چاہتے ہیں کہ کشمیر کا مسئلہ حل ہونا چاہئیے۔ حالانکہ دنیا کے ملک یہ سمجھتے ہیں کہ یہ جو پاکستان نے دھماکے کئے یہ ہندوستان کے دھماکوں کے جواب میں کئے گئے۔ اگر پاکستان یہ دھماکے نہ کرتا تو اس کا اپنا سیاسی اور جغرافیائی وجود برقرار رکھنا مشکل ہو جاتا۔ جب پاکستان کے وزیراعظم نے امریکہ کا دورہ کیا تو ان سے ملاقات سے پہلے امریکہ کے صدر نے وائٹ ہاؤس میں اخباری نمائندوں سے کہا کہ ان کو کشمیر کا مسئلہ حل ہونے کی فکر ہے۔ پاکستانی وزیراعظم نے بھی اپنی باتوں کا آغاز کشمیر کے مسئلے پر ثالثی پر زور دے کر کیا اور

انہوں نے کہا کہ اتنا بڑا مسئلہ اس کا جوں کا توں رہنا اس علاقے کے لئے خطرناک ہے چیئرمین صاحب! کشمیر پر ثالثی کی بات جو ہے اب اس وقت تک رکی رہے گی جب تک ہندوستان بھی ثالثی کے لئے نہیں کہتا۔

لیکن اگر دیکھاجائے تو مشرق وسطیٰ کے دیرپا امن کے لئے اسرائیل اور PLO کے درمیان اگر امریکہ اپنا کردار ادا کر سکتا ہے تو کشمیر پر بھی امریکہ اپنا کردار ادا کر سکتا ہے۔ کشمیر پر اقوام متحدہ کی قراردادیں بھی موجود ہیں۔ بڑی طاقتوں پر یہ ذمہ داری آتی ہے کہ وہ جنوبی ایشاء میں امن کے لئے اپنا کردار ادا کریں اور اپنے اثر رسوخ کو استعمال کریں۔ بھارت اور اقوام متحدہ دونوں کو حقیقت پسندانہ رویہ اختیار کرنے کو کہیں۔ اس خطے کے تحفظ کو اس وقت زیادہ خطرات ہیں کیونکہ ہندوستان اور پاکستان دونوں نیوکلیئر پاور بن چکے ہیں۔

اس وقت بھی حالت یہ ہےکشیدگی کی کہ بھارت کی فوج کی طرف سے کنٹرول لائن کی خلاف ورزیاں روز کا معمول بنی ہوئی ہیں۔ آزادکشمیر کی جو شہری آبادی ہے ان کے خلاف جارحیت روز مرہ کا معمول ہے۔ آئے دن کشمیر کے شہری شہید ہوتے رہتے ہیں۔ پچھلے دنوں یہ ہوا کہ اٹھمقام کا ٹیلی فون ایکسچینج جو ہے مکمل طور پرتباہ کر دیا گیا جس سے پاکستان کے ساتھ رابطہ جو تھا وہ منقطع ہو گیا۔ عاشورے کے روز بھی یہ خبر سنی گئی کہ ہیلی کاپٹرز آزاد کشمیر پر پرواز کرتے رہے۔ حقیقت یہ ہے چیئرمین صاحب! کہ اس وقت بھارت میں سیاسی انتشار ہے' واجپائی کی حکومت ختم ہو چکی ہے۔ اور انتخابات کے نتیجے میں بھی کوئی پارٹی اکثریت کے ساتھ آتی ہوئی نظر نہیں آتی۔ ہندوستان کے کافی حصوں میں آزادی کی تحریکیں چل رہی ہیں۔ اب ان باتوں سے دھیان ہٹانے کے لئے کیرٹیکر حکومت نے جو سیاست دان ہیں۔ وہ کوئی ہمارے خلاف جارحیت نہ کر دیں۔ اس لئے ہمیں ہوشیار رہنا چاہیئے۔ جناب! ویسے اگر in general دیکھا جائے تو اس وقت جو پرائم منسٹر کی بین الاقوامی امور کے معاملے میں پالیسی ہے وہ قدرے کامیاب جا رہی ہے۔ ان کا البانیہ کا دورہ بھی اچھی نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے البانیہ کےپرائم منسٹر کو یہ یقین دلایا کہ پاکستان مہاجرین کی مشکلات کو کم کرنے میں پورا کردار ادا کرے گا۔ جناب والا! سربیا نے مسلمانوں کے خلاف جن جرائم کا ارتکاب کیا ہے۔ اس کا دنیا نے نوٹس نیٹو کے حملوں کی شکل میں لیا ہے لیکن پھر بھی بلاسوچ کافی مسلمانوں کو بے گھر کر چکا ہے۔ پاکستانی پرائم منسٹر کا دورہ روس بہت اچھا رہا ہے۔ پاکستان اور روس کے درمیان جو سردمہری تھی ' اس کو ختم کرنے

کے لئے اچھا قدم ہے ۔ اس سے بہتر تعلقات پیدا ہوں گے ۔ نواز شریف اس ملک کے دوسرے حاکم ہیں جنہوں نے روس کا دورہ کیا ہے ۔ اس دورے کے مثبت نتائج آنے میں کچھ دیر لگے گی لیکن اس کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں ہونا چاہیے ۔

جناب ! مشترکہ اعلان جو روس اور پاکستان نے کیا ہے ۔ اس میں ایک دوسرے کو یقین دلایا گیا ہے کہ ایک دوسرے کے خلاف کسی بھی غیر دوستانہ قدم کی یا علاقائی صورتحال کو غیر مستحکم کرنے کے لئے اپنی سرزمین استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے ۔ اس اعلان میں روس اور پاکستان نے عالمی امور پر سلامتی کونسل کے کردار کو موثر بنانے پر زیادہ زور دیا ہے اور کہا ہے کہ علاقائی اور عالمی تضادات کے حل کے لئے سلامتی کونسل کو United Nations کے چارٹر کے مطابق کام کرنا چاہیے ۔ اس اعلان میں جو باتیں کہی گئی ہیں ' اگر روس واقعی ان باتوں میں سچا ہے تو امید کی جا سکتی ہے کہ کشمیر کے معاملے میں سلامتی کونسل میں جو روس نے اب تک رویہ اپنایا ہوا تھا اس میں ضرور بہتر تبدیلی آئے گی۔ جناب چیئرمین صاحب! بے شک روس اتنا اہم ملک نہیں رہا ہے لیکن پھر بھی پاکستان نے ان حالات میں جو قدم اٹھایا ہے ۔ اس کو ایک بہتر قدم ہی کہا جا سکتا ہے ۔ جناب ! صدر صاحب نے دہشت گردی کے متعلق بھی بات کی ہے ۔ انہوں نے اپنے فکر کا اظہار کیا ہے ۔ ان کا خیال ہے کہ فرقہ واریت اور دہشت گردی کو ختم ہونا چاہیے ۔ ان کا خیال ہے کہ حکومت اس سلسلے میں بہت کچھ کر رہی ہے ۔

**جناب چیئرمین**۔ فضہ جونیجو صاحبہ اب wind up کرنا شروع کر دیں ۔

**مس فضہ جونیجو**۔تین چار منٹ تو اور دیں۔ اس وقت میں میری تقریر ختم نہیں ہو گی۔

**جناب چیئرمین**۔ بس اس لئے آپ کے دو منٹ اور ہیں۔

**مس فضہ جونیجو** ۔ لیکن ابھی مزید وہ سمجھتے ہیں کہ حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ کچھ سال پہلے جی دہشت گردی کے حوالے سے صرف سندھ کا نام آتا تھا لیکن اب سارا ملک اس کی لپیٹ میں ہے ۔ پچھلے دنوں لاہور میں یہ واقعہ پیش آیا کہ لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے صاحبزادے کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا گیا اور منشی موقع پر ہی ہلاک ہو گیا ۔ یہ واقعہ کوئی ساڑھے نو بجے رات کو پیش آیا جو کہ سٹیٹ بنک بلڈنگ کے سامنے ہوا اور ملزم فرار ہو گئے ۔ اب ہوتا یہ ہے کہ اس وقت اس شہر میں ' اس علاقے میں ٹریفک پولیس بھی موجود تھی اور باقی بھی

آمد و رفت جاری تھی ۔ اس کے باوجود نہ ملزموں کا تعاقب کیا گیا نہ ان کو پکڑا گیا ۔ اب دوسرے واقعات کی طرح اس واقعہ کے لئے بھی پولیس افسران کہہ رہے ہیں کہ جلد ملزموں کو گرفتار کر لیں گے لیکن اندازہ یہی ہے کہ نہ ملزم گرفتار ہوں گے اور نہ کوئی تحقیقات کا کوئی نتیجہ ہمارے سامنے آئے گا ۔ حکومت کو اس بات کی فکر ضرور ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ اس قسم کے واقعات نہ ہوں اور وہ کوششیں بھی کرتے ہیں، جس کے نتیجے میں ہوتا یہ ہے کہ کچھ وقفہ پڑ جاتا ہے اور پھر کوئی ایسا سنگین واقعہ ہو جاتا ہے ، جس سے پچھلے کی کسر بھی نکل جاتی ہے ۔ میں یہ کہوں گی کہ حکومت کو پوری قوت کے ساتھ دہشت گردی کو ختم کرنا چاہیئے اور ہماری تمام سیاسی قوتوں کو چاہیئے کہ وہ حکومت کا اس معاملے میں ساتھ دیں ۔ اگر ہم لوگوں کو دہشت گردی سے نہیں بچا سکتے تو پھر لوگ ہم سے کوئی اور امید نہیں رکھیں گے اور اگر ہم اس معاملے میں کچھ نہیں کر سکتے ہیں تو پھر ہماری آئندہ نسلیں ہمیں معاف نہیں کریں گی۔

**جناب چیئرمین**- شکریہ۔ جی شیخ آفتاب صاحب آج آپ تقریر نہیں کرنا چاہ رہے۔ اچھا۔ سید جواد ہادی صاحب' absent ۔ جی خدائے نور صاحب۔

**جناب خدائے نور**- جناب چیئرمین شکریہ! میں تو سب سے پہلے یہی کہوں گا کہ صدر صاحب کی تقریر پر treasury benches والوں کو کتنی دلچسپی ہے کہ ان کی کرسیوں پر لوگ بھرے ہوئے ہیں۔ صدر صاحب میرے محترم دوست رہے ہیں' آجکل وہ بیمار ہیں۔ سب سے پہلے میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو صحت عطا کرے اور میرا ان کو ایک مشورہ ہے کہ وہ ذرا اپنے دل پر قابو رکھیں کیونکہ یہ دل کا معاملہ ہے۔ وہ جب Ordinances پر دستخط کرتے ہیں تو شاید ان کا دل گوارا نہیں کرتا کہ وہ یہ دستخط کریں لیکن دل پر زور ڈال کر وہ دستخط کرتے ہیں۔ وہ ایسا نہ کریں۔ دل کا خیال رکھیں۔ میری ان کے لئے دعا ہے کہ اللہ ان کو صحت دے۔

میں اپنی اس مختصر سی تقریر میں بہت سے مسائل کو اپنا موضوع بناؤں گا جن کا ذکر صدر صاحب نے بھی اپنے خطاب میں کیا جیسے امن و امان کا مسئلہ ، فرقہ واریت کا مسئلہ ، کرپشن کا مسئلہ ، مہنگائی کا مسئلہ ، دہشت گردی کا مسئلہ اور جو پاکستان نے دھماکے کئے جناب چیئرمین ، اس کے متعلق بھی کچھ گزارش کروں گا۔ امن و امان کا مسئلہ جیسے کہ ابھی کہا جا رہا تھا کہ پہلے یہ صرف سندھ میں تھا لیکن اب اس نے پورے ملک کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے ۔ یہ دن بدن اتنا

گھمبیر مسئلہ بن گیا ہے کہ پورا ملک اس کی لپیٹ میں ہے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ ہماری بلوچستان کی گورنمنٹ ہمیشہ یہ کہا کرتی تھی کہ یہاں امن و امان کا مسئلہ بہ نسبت دوسرے صوبوں کے قدرے بہتر ہے لیکن پتا نہیں۔

(اس موقع پر ہاؤس میں اذان عصر کی آواز سنائی دی۔)

(اذان عصر کے بعد کارروائی دوبارہ شروع ہوئی)

**جناب چیئرمین۔** جی جناب خدائے نور صاحب۔

**جناب خدائے نور۔** میں بلوچستان کا ذکر کر رہا تھا۔ کہ ہم وہاں یہ کہتے تھے کہ دوسرے صوبوں کی نسبت ہماری حالت ' امن و امان قدرے بہتر ہے۔ لیکن جناب چیئرمین۔ اب وہاں پر بھی روزمرہ کا یہ معمول بن چکا ہے کہ فلاں جگہ سے گاڑی اٹھائی گئی ۔ فلاں جگہ بندوق کے زور پر موٹر سائیکل چھینا گیا۔ دن دیہاڑے بنک لوٹے جا رہے ہیں ۔ بازار کے اندر قتل ہو رہے ہیں ۔ جتنا حکومت یہ کہتی ہے کہ ہم کلاشنکوف کلچر کو ختم کرنا چاہتے ہیں ۔ وزیر داخلہ صاحب یا حکمران یہ کہتے تھکتے نہیں لیکن اس پر قطعاً کوئی عمل آج تک نہ ہو سکا بلکہ اس وقت تک نہیں قابو نہیں پا سکے ۔

اس سے پہلے بھی دیکھتا رہا ہوں اسی ملک میں یہی شیعہ تھے' اسی ملک میں یہی سنی تھے ' اسی ملک میں یہی دوسرے مذاہب تھے لیکن ہر ایک اپنے کام سے کام رکھے ہوئے تھے کوئی کسی کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا تھا لیکن آج اس دور میں ' موجودہ دور میں مسجدوں میں گھس کر وہاں خون خرابہ ' امام بارگاہوں میں گھس کر وہاں خون خرابہ ' یعنی بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ میں نماز پڑھتا ہوں تو بندوق کے سائے تلے ۔ باہر پولیس کھڑی ہے یا ایف سی کھڑی ہے میں ان کی بندوقوں کے سائے تلے نماز ادا کرتا ہوں ۔ کتنے ظلم کی بات ہے لیکن حکومت کی توجہ اس طرف نہیں ہے ۔ کرپشن میں یہاں تک کہوں گا کہ لوگوں کے رگ رگ میں سما چکی ہے کہ جتنا میرا بس چلے ' اگر خدائے نور کا بس نہیں چلتا تو وہ بہت اچھا آدمی ہے لوگ کہیں گے کہ بہت اچھا ہے یہ تو۔ لیکن شاید اس کا بس نہ چلتا ہو یا وہ شاید ڈرپوک ہو ' ڈر رہا ہو لیکن اس کو ہر ایک اپنا حق سمجھتا ہے کہ میں کمیشن لوں ' میں رشوت لوں' تو یہ ہر ایک اپنا حق سمجھتا ہے ۔ یہ کیا بات ہے ۔ کیوں اپنا حق سمجھتا ہے پھر وہی حکومت کی نااہلی ' قانون پر

عملدرآمد نہ ہونا پھر مجھے وہ یاد آ جاتا ہے Anti corruption کا وہ محکمہ بنا ہوا ہے بلکہ میں تو کہتا ہوں وہ Anti corruption کا محکمہ خود کرپشن میں مبتلا ہے ۔ وہ خود کرپٹ ہے ۔ اسی کے ساتھ ساتھ مہنگائی ہے اصل مسئلہ جو ہے وہ مہنگائی اور بے روزگاری کا ہے ۔

جناب چیئرمین۔ مہنگائی نے یہاں غریب کو روکھی سوکھی سے محروم کر دیا ہے ۔ خود سوزی ہو رہی ہے لوگ جو بھی اس کو نام دیں جو بھی طریقہ اس کے لئے استعمال کریں لیکن میں یہ کہوں گا کہ یہ جو وہ خود سوزی کر رہے ہیں ، مر رہے ہیں اس مہنگائی کی وجہ سے ہے ۔ پانچ چھ بچے رات کو کھانا مانگ رہے ہیں۔ میں ان کو دے نہیں سکتا تو میرے لئے آسان طریقہ یہی ہے کہ میں خود سوزی کروں ۔ یہ جتنی بھی خود سوزی ہوئی ہے انہوں نے اپنے آپ کو آگ لگائی ہے، کوئی بھی ایسا نہیں کرسکتا لیکن مجبوری کی حالت میں وہ ایک آسان طریقہ انہوں نے اپنایا ہے، وہ کیا ہے مہنگائی ۔ آٹا مجھے یاد ہے۔ جناب چیئرمین! میری راشن کی دکان تھی۔ ایوب خان کا دور تھا ، آٹے کی اڑھائی من کی بوری میں مع بوری تیس روپے میں دیتا تھا۔ آج دو من کی بوری بارہ سو سے لے کر چودہ سو روپے تک جاتی ہے۔ چینی ایک روپے دو آنے سیر ، آج بیس روپے۔ آخر جناب یہ کیا ہے ؟ چینی ہمارے ہاں بنتی ہے ۔ ہم سنتے ہیں کہ ہم انڈیا کو چینی دے رہے ہیں ۔ بھئی پہلے اپنے لوگوں کو تو دو تاکہ ان کو خود سوزی سے نجات ملے۔ تنخواہیں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ جب سے نئی حکومت آئی ہے بلکہ میں کہتا ہوں کہ شاید پیپلزپارٹی کے دور سے ملازمین کی تنخواہوں میں کوئی اضافہ نہیں ہوا لیکن گرانی روز بروز آگے جا رہی ہے ۔ دہشت گردی عام ہو گئی ہے۔ اب مہنگائی ہے ، بے روزگاری ہے ، اب میں کیا کروں---- پھر میرا رجحان دہشت گردی کی طرف ہو گا---- گاڑی اٹھانا بھی آسان طریقہ ہے---- اس میں پانچ دس منٹ کا وقفہ لگے گا ، گاڑی اٹھا کر کے لے جاؤں گا۔ کسی کے بچے کو اٹھا کر کے لے جاؤں گا، پچاس لاکھ روپے مانگوں گا اور چالیس ، تیس مل جائیں گے ----- یہ طریقہ اپنایا جائے گا۔ یہ سب کچھ مجھے مجبوراً کرنا پڑتا ہے ۔ یہ تعلیم یافتہ لوگ کرتے ہیں کیونکہ روزگار میسر نہیں ہے۔

جناب والا! جب سے نئی حکومت آئی ہے بھرتی پر پابندی اس طرح سے ہے جیسے کوئی کسی سے مذاق کر رہا ہے ۔ کہتے ہیں کہ پابندی ہٹا دی گئی اور غوث علی شاہ کی سربراہی میں کمیٹی بنا دی گئی ہے کہ وہ بتائے کہ اب لوگوں کو کس طریقے سے بھرتی کریں ۔ اب وہ چار پانچ مہینے اس پر لگائے گا۔ پھر ایک اطلاع آئی کہ 1 سے لے کر 10 تک پابندی ختم لیکن وہ

پابندی برقرار ہے - کہیں ایک بھرتی مجھے بتا دی جائے۔ آج یا کل کی خبر تھی کہ اب 10 سے لے کر 15 تک کی بھرتی کا' کابینہ فیصلہ کرے گی - یہ فیصلے کیا فیصلے ہیں - وہ بیچارے مر رہے ہیں اور آپ فیصلوں پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اس لئے کہ ان کا پیٹ بھرا ہوا ہے اور ان کو سرے سے غریبوں کا احساس ہی نہیں ہے ' نہ کسی وزیر کو ہے ' نہ کسی مشیر کو ہے۔ ان کو سب کچھ مل رہا ہے -

جناب والا! دھماکے ہم نے کرنے ہیں - میں نے اسی فلور پر یہ کہا تھا کہ میں دھماکوں کے حق میں نہیں ہوں - وہ میں نے اس نیت سے قطعاً نہیں کہا تھا کہ میں اپنی طاقت نہیں چاہتا یا اپنے آپ کو کسی اور کے زیر تسلط لانا چاہتا ہوں۔ میں نے یہ کہا کہ اگر آپ ان دھماکوں پر رقم خرچ کر رہے ہو تو سب سے پہلے غریبوں کو صاف پانی پینے کے لئے دو جو آج تک نہیں ملا ہے۔ شاید ایسا پنجاب میں بھی ہو۔ میں بلوچستان کا ذکر یہاں کرتا ہوں کہ وہاں پر پندرہ پندرہ میل دور سے پانی پینے کے لئے لایا جاتا ہے - آپ اندازہ کریں کہ اکیسویں صدی میں ہم داخل ہو رہے ہیں لیکن اس ملک میں ' میں پندرہ میل دور سے پینے کا پانی لا رہا ہوں۔ مجھے پانی میسر نہیں ہے - جناب صاف پانی کا مجھے حق ہے ' بجلی کا حق ہے ' گیس لینا میرا حق ہے اور آپ ہر حق مجھے دیں۔ بلوچستان سے گیس نکل رہی ہے۔ قسمیہ کہتا ہوں کہ سوئی' جہاں سے گیس نکل رہی ہے' پائپ ان کے گھر کے ساتھ سے گزر رہا ہے لیکن وہ اس سہولت سے محروم ہیں' ان کو گیس نہیں دی گئی۔ اب یہ چیزیں ناانصافی ہیں۔ یہ جتنی بھی خرابیاں ہیں ان کی جڑ ناانصافی ہے۔ ہم نے صوبائی خودمختاری کی بات کی' اس پر بل پیش کیا' میں شکرگزار ہوں وٹو صاحب کا کہ انہوں نے اس پر اعتراض نہیں کیا اور وہ کمیٹی کے پاس گیا ' لیکن یہ بھی ایک طریقہ ہے کہ وہ بل کمیٹی میں پڑا رہے گا اور کب تک پڑا رہے گا' یہ پتہ نہیں۔ ہمیں پھر ایک دفعہ وٹو صاحب کی منت ساجت کرنی پڑے گی کہ اس بل کو آپ وہاں سے نکلوائیں ' اس پر غور کریں ' اس پر تحقیق کریں۔ بل میں ہم نے کیا کہا؟ بل میں ہم نے صرف بلوچستان کی بات نہیں کی' ہم نے چاروں صوبوں کی بات کی۔ ہم نے کہا کہ اس ایوان کو بااختیار بنایا جائے۔ اس کو مزید اختیارات دیئے جائیں۔ کیا اختیارات دیئے جائیں ؟ اس کو اقتصادیات اور بجٹ پر بحث کے اختیارات دیئے جائیں۔ ہم نے فوج کے بارے میں ایک رائے بنا رکھی ہے کہ فوج کے بارے میں کچھ نہیں کہنا ' کچھ نہیں کہنا ' خبردار ! کچھ نہیں کہنا۔ ہم کہتے ہیں کہ نہیں کہیں گے۔ لیکن ان کو بھی ایک حد تک

رکھیں ۔ آپ فوج کو بدنام کر رہے ہیں۔ خدا کی قسم جو عزت جو وقار، یہاں کے عوام کے دلوں میں فوج کا تھا، آج نہیں ہے۔ فوج کے جو فرائض منصبی ہیں آپ نے ان سے ہٹا کر ان کو بجلی پر لگا دیا ہے اور فوجی کھمبے کے پاس کھڑا ہے۔ میٹر ریڈنگ لکھ رہا ہے، یہ ڈیوٹی اس کی نہیں ہے۔ خدا کے لئے سمجھیں، آپ نے اپنے لوگوں کی پگڑی اچھالی ہے ۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس طرف سے آج کسی کی بھی پگڑی نہیں اچھلی۔ یہاں سے کوئی چور نہیں نکلا۔ اگر چور نکلے تو وہاں سے نکلے۔ آپ کیوں فوج کو بدنام کرنا چاہتے ہیں۔ چھوڑ دیں ان کو، اگر آپ خود نہیں کرسکتے، اگر بجلی چور کو آپ نہیں پکڑ سکتے تو پھر آپ سے زیادہ نااہل کوئی اور ہو ہی نہیں سکتا۔ آپ اپنی نااہلیت کا خود ثبوت دے رہے ہیں کہ میں تو کچھ نہیں کرسکتا، فوج ہی کرے۔ فوج کو بدنام کراؤ۔ یا تو یہ سازش ہے ان کی طرف سے کہ فوج کو اتنا بدنام کرو کہ وہ لوگوں کی نظروں میں گر جائے۔ یہ اچھی مثال یا اچھی بات نہیں ہے ۔ فوج کا وقار اپنی جگہ پر ہونا چاہیئے۔ فوج کا کام ملک کی سرحدوں کی حفاظت کرنا ہے، فوج کا کام ریڈنگ کا نہیں ہے؛ بجلی کے میٹر کی ریڈنگ کا نہیں ہے۔ بنکوں سے جو قرضے لئے ہیں وہ بھی فوج کے حوالے کریں۔

جناب والا اب میں احتساب کی بات کروں گا۔ میری پارٹی، جمہوری وطن پارٹی احتساب کے حق میں ہے۔ لیکن کیسا احتساب؟ ایسا احتساب ہونا چاہیئے کہ خواہ موجودہ حکمران ہو، اس سے پہلے کا ہو، اس سے پہلے کا ہو، جتنے پہلے گئے ہیں سب کا احتساب ضروری ہے۔ جب آپ احتساب کریں گے تو جو میں نے پانچ چیزوں کی بات کی ہے یہ خود بخود ختم ہو جائیں گی؛ امن و امان بھی قائم ہوگا، کرپشن بھی ختم ہوگی، مہنگائی بھی ختم ہوگی لیکن اگر آپ صحیح معنوں میں احتساب نہیں کریں گے تو یکطرفہ احتساب سے مزید پیچیدگیاں پیدا ہوں گی۔ میں احتساب کے حق میں ہوں، بالکل حق میں ہوں اور ابھی ایک کیس آج ہی آیا ہے محترمہ بے نظیر بھٹو اور آصف زرداری کا ۔ میں معذرت کے ساتھ کہوں گا کہ وہ نہ گھبرائیں، اچھی بات ہے، جائیں وہ ثابت کریں عدالت میں، اوروں کو بھی لانا چاہیئے، موجودہ حکمرانوں کا بھی احتساب ہونا چاہیئے۔ میاں نواز شریف کے بارے میں بہت کچھ کہا جاتا ہے۔ کیوں؟ ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ کل شاید کوئی اور پارٹی آجائے اور وہ ان کا احتساب کرے ۔ اگر وہ آج اپنے آپ کو خود پیش کر دیں تو بہت اچھی بات ہوگی۔ بڑی اچھی بات ہوگی۔ ایک مثال قائم ہوگی۔ لیکن یہاں پر مثالیں قائم نہیں ہوتیں۔ کبھی نہیں ہوئیں۔ میں احتساب کے حق میں ہوں، احتساب ہونا چاہیئے، ہر ایک کا ہونا

چاہیئے ' چاہے وہ سینیٹر ہو' ایم این اے ہو' ایم پی اے ہو ' گورنر ہو یا وزیر ہو ' جو بھی ہو اس کا احتساب ضروری ہے ۔ اس کے ہم حق میں ہیں اور حق میں بولتے رہیں گے۔

جناب چیئرمین! اب میں آتا ہوں میزائلوں کی طرف جو داغے گئے ۔ شاہین اور غوری جہلم سے داغے گئے ، مکران میں گرائے گئے۔ یہ انصاف کا تقاضہ نہیں ہے۔ اس کو میں انصاف نہیں کہوں گا۔ دھماکہ آپ نے چاغی میں کیا ' کم از کم آپ یہ کرتے کہ مکران سے شاہین کو اڑائیں اور جہلم میں لا کر گرائیں ، ہم کہیں گے کہ یہ انصاف ہے۔ پہلے ادھر سے ہوا تھا اب وہاں سے یہاں آکر گر گیا ہے۔ میرے خیال میں یہ غلط بات نہیں ہے۔ اس پر اختلاف نہیں ہے مجھے کہ کیوں بنایا ہے ۔ اس پر ہمیں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ لیکن آپ کے طریقہ کار پر مجھے اختلاف ہے۔ آپ شاہین کو وہاں سے داغتے اور گجرات میں چوہدری صاحب کی جگہ پر یا جہلم میں لا کرگراتے تو ہم کہتے کہ آپ نے واقعی انصاف کیا ہے۔ واقعی انصاف ہوا ہے۔ لیکن یہ کہ یہاں سے اڑائیں اور وہاں گرائیں تو انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوتے۔

آخری بات جناب چیئرمین ! میں آج یہ کروں گا کہ مسلم لیگ کی طرف سے غداری کی بات جو ان کے spokesman کی طرف سے آئی ہے ' قابل مذمت ہے۔ اے این پی والے آج آگ بگولہ ہوگئے۔ ہم سب کو اس میں لایا گیا ہے ' جیسے بزنجو صاحب نے بھی یہی کہا اس وقت سے یہ ہمیں اسی نظر سے دیکھ رہے ہیں۔ اس وقت جب ہم صوبائی خودمختاری کی بات کر رہے تھے تب بھی ہمیں غدار کہا جا رہا تھا اور میں یہ آپ کو بتاتا ہوں کہ میاں صاحب خود جب اپوزیشن میں تھے تو انہوں نے خود صوبائی خودمختاری کی بات کی۔ خود پنجابی قوم کی بات کی لیکن آج وہ پھر بھول گئے۔ تو یہ غداری کا لیبل اچھی بات نہیں ہے ' یہ نہ لگائیں ' اس سے اجتناب کریں' اس سلسلے کو ختم ہونا چاہیئے۔ اجمل صاحب نے کہا کہ یہ انگریزوں کے خلاف لڑے ہیں ' انگریزوں کے خلاف انہوں نے قربانیاں دی ہیں۔ میں یہ کہوں گا اور برملا کہوں گا کہ اس ملک کو' اس پاکستان کو اگر آزاد کرایا ہے تو سرخپوشوں نے کرایا ہے۔ لیکن آج آپ ان کو غدار کہہ رہے ہیں کیوں کہ وہ آپ سے متفق نہیں ہیں۔ کل تک آپ کے ساتھ تھے' کل وہاں بیٹھے ہوئے تھے' آپ ان کو بڑے اچھے نام سے یاد کر رہے تھے لیکن آج یہاں ہیں تو آپ مخالفت کر رہے ہیں۔ وہ غدار ہوگئے۔ تو جناب والا ! یہ سلسلہ بند ہو جانا چاہیئے۔ یہ مزید آگے نہ بڑھے ' اس سے ملک کی سرحدوں کو نقصان پہنچے گا۔ لوگوں میں بدگمانیاں پیدا ہوں گی۔ ہم یہ نہیں چاہتے ہیں ' ہم اس ملک

کو خوش و خرم دیکھنا چاہتے ہیں ، ہم اس ملک کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں ، ہم اس ملک کے عوام کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں کہ وہ خوش رہیں ، آباد رہیں لیکن میں خاص طور پر پنجاب والوں سے دست بستہ عرض کروں گا کہ وہ ایسی باتوں کو نہ چھیڑیں۔ پنجاب ہمارا بھائی ہے۔ پنجاب میں بھی غربت ہے۔ پنجاب کے لوگ بھی ایسے لوگوں کے زیرنگرانی ہیں جو سرمایہ دار ہیں، ساہوکار ہیں، جاگیردار ہیں ۔ یہاں پر بھی مصیبت زدہ لوگ ہیں۔ یہ نہیں کہ یہاں ایسے لوگ نہیں ہیں۔ یہاں بھی چند ایک ایسے لوگ ہیں جو ہر وقت حکومت میں رہتے ہیں اور حکومت کرتے ہیں۔ لیکن بہرحال ان باتوں سے اجتناب کیا جائے۔ یہ اچھی مثال نہیں ہے۔

میں ایک بار پھر آخر میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور یہ دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے صدر جناب محمد رفیق تارڑ صاحب کو صحت عطا فرمائے۔ ہمیں یہ خوشی ہوگی کہ آئندہ وہ پھر ایک دفعہ Joint Session میں ہمیں خطاب کریں۔ اللہ ان کو صحت دے۔ بہت بہت شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ جناب۔ انور کمال خان مروت صاحب۔ absent۔ شفقت محمود صاحب۔ دو بجے تک we will go up till two O'clock. شفقت محمود صاحب وقت ہے۔ why to waste time? We have got time, we are free, let us get over with it سننے والے وہ دیکھیں بیٹھے ہوئے ہیں۔ اصل سننے والے وہ ہوتے ہیں۔ بیٹھے ہوئے ہیں۔ Do not worry, they are there شفقت محمود صاحب۔ اس کے بعد ظفر صاحب۔

**جناب شفقت محمود:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب! شکریہ۔ بات یہ ہے کہ سال میں مشکل سے ایک دفعہ موقع ملتا ہے بات کرنے کا اور وہ بھی ایسے حالات ہوتے ہیں کہ treasury benches پر کوئی نہیں بیٹھا ہے، بڑے تھوڑے لوگ اس طرف بیٹھے ہیں۔ ابھی ہمارے پریس کے بھائی پھر واک آوٹ کر رہے ہیں۔ اب جناب کیا فائدہ اس کا۔

**جناب چیئرمین:** ظفر صاحب چلیں پھر آپ ہی بات کرلیں۔

**جناب شفقت محمود:** جناب کوئی reporting ہی نہیں ہوگی۔

**جناب چیئرمین:** جی ظفر صاحب۔

**جناب محمد ظفر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

Mr. Chairman, thank you very much. It is a matter of great importance but the

sorry situation as which is prevailing in the House and in the press is that ,as it has been pointed out earlier by my previous speakers that there is no one to listen our speeches, this is an occasion when we are required to pay a vote of thanks to the President, Sir, there are many questions which need answers from the treasury benches. One is they say

کہ ہم یہ ہدیہ تہنیت پیش کرتے ہیں۔

I start with that sir, what else can we do? Sir, now I am compelled to point out that the House is not in quorum.

جناب چیئرمین، تقریر آج ختم کر لیں۔

Mr. Mohammad Zafar: Sir, who is listening? Sir, the point is........

(مداخلت)

جناب چیئرمین ، عباسی صاحب دیکھیں you know کہ ہم تقریریں ایک دوسرے کو سنانے کے لئے نہیں کرتے۔ وہ اور ہوتی ہیں۔

Mr. Mohammad Zafar: Dr. Sahib, I am saying what you want to say. Sir, now nobody is here to take note what I have to suggest.

جناب چیئرمین، منسٹر صاحب بیٹھے ہیں۔

Mr. Mohammad Zafar: No. sir, no. I am not talking to the minister. I am talking to the nation and what I want to point out today is absolutely essential for the survival of the country. I will not be touching any political issue. I will be simply touching the Constitution, that is why I started saying that

کہ آج یہ ہاؤس شکریہ ادا کرے گا۔ اس کے علاوہ ہم کر کیا سکتے ہیں؟ this is a glorified club

کہ provinces کو آپ نے کوئی ایسی that sabotages and this is what my objection is

Constitution position میں نہیں دی جو ان کا right ہے ۔ If I say all this, I do not say that I have taken my time and completed my speech. I am not making any speech,

I will reserve my right to speak when there will be press, and House will be in order, it has the quorum. Since there is no quorum there is no point to continue the speech.

**Mr. Chairman:** Right, then the House is adjourned to meet agai 9:30 a.m. tomorrow on 7th of May, 1999.

**Mr. Mohammad Zafar:** Right sir; but I will have my right speech.

**جناب چیئرمین:** جب آپ نے خود ہی کہہ دیا ہے کہ کورم نہیں ہے۔

**جناب محمد ظفر:** اسی لئے تو جناب my right survives'

**Mr. Chairman:** Then the House is adjourned to meet again 9:30 a.m. tomorrow on 7th of May, 1999.

---

*[The House was then adjourned to meet again at 9:30 in the morning on 7th of ma 1999]*

---